# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Friday, August 13, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty six minutes past nine in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل ھو اللہ احد O اللہ الصمد O لم یلد ولم یولد O ولم یکن لہ کفوا احد O

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ کہو کہ وہ( ذات پاک جس کا نام) اللہ( ہے) ایک ہے۔ (وہ) معبود برحق بے نیاز ہے۔ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا۔ اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین : جزاک اللہ - Question Hour. Question No. 69, Taj Haider Sahib.

*69. ***Mr. Taj Haider**: Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the municipal functions of the Clifton

---

* Deferred from the 3rd Aug, 1999.

Cantonment Board viz. building control, water supply and conservancy have been delegated to the Pakistan Defence Officers Housing Authority, Karachi; and

(b) whether it is also a fact that under the cantonment Act, the Board can delegate its powers only to its officers and that too with the prior approval of the Federal Government?

**Minister for Defence:** (a) Cantonment Board Clifton is performing municipal functions regarding building plan and conservancy. However, the Board has assigned the functions of distribution of water supply to the consumers, to Pakistan Defence Officers Housing Authority, Karachi as its agency under a Board Resolution.

(b) It is a fact that under the Cantonment Act, 1924, the Cantonment Board can delegate its powers only to its members or officers with prior approval of the Federal Government.

Annexure-D

COPY OF C.B.R. NO. 29 DATED 27-10-1985

29. Ref. Cantt. Board Resolution No. 60 dated 13-7-1985 on the subject of transfer of water supply management.

To note that the matter had been placed before the Governing Body of the Pakistan Defence Officers Housing Authority, Presided by Secretary General, Defence and attended by Mr. Abdul Jalil Khan, DML&C beside other members of the Governing Body. The Body approved the following:--

(a) Defence Authority to lookafter the bulk supply, exercise technical control over distribution and Bowser Supply as was being practised prior to June 1984.

(b) Creation of a Water Wing headed by Major (Retd.) Hamayun Akhtar Butt to exercise technical control over all personnel, installations and contracts regarding Water Supply in Clifton Cantonment Board.

Eversince the above arrangements have come into force Water supply has considerably improved due to joint efforts of Clifton Cantonment Board and Defence Housing Authority.

RESOLUTION-- 29

Noted.

---

CERTIFIED TRUE COPY

Sd/-

Assistant Secretary,

Cantonment Board Clifton.

**Mr. Chairman:** No supplementary question. Next question 172, Habib Jalib Baloch Sahib.

172. ***Mr. Habib Jalib Baloch:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the funds allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the residential accommodation for ASF Staff at Quetta; and

(b) the funds released for the project during the said period?

**Minister for Defence:** (a) An amount of Rs. 3.010 million has been allocated in Public Sector Development Programme 1998-99 for the residential accommodation for ASF staff at Quetta.

(b) the total funds released for the project during the said period were Rs. 3.010 million.

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**: میرا وزیر موصوف صاحب سے ضمنی سوال یہ ہے کہ ASF کے سٹاف کو نہ صرف کوئٹہ بلکہ پورے ملک میں جو سہولتیں میسر ہونی چاہیئں' جو ان کے functions and duties کے مطابق ہیں' وہ ان کو کیوں میسر نہیں ہیں اور الاؤنسز بھی ناکافی ہیں۔ تو ایسی فورس کو جو کہ چوبیس گھنٹے ڈیوٹی دیتی ہے' رہائش کے ساتھ دوسری مراعات اور سہولتیں کیوں میسر نہیں ہیں؟

**Mr. Chairman**: Minister for Religious Affairs on behalf of the Minister for Defence.

**راجہ محمد ظفر الحق**: جناب چیئرمین! یہ پراجیکٹ بھی اُسی پلان کا حصہ ہے کہ جہاں کہیں ائرپورٹ سیکیورٹی فورس کے لوگ ہیں' ان کو رہائش اور دیگر سہولتیں مکمل طور پر دی جائیں تاکہ وہ اپنی کارکردگی بہتر کریں۔

**Mr. Chairman**: Next question No. 173 by Anwar Bhinder Sahib.

173. ***Ch. Muhammad Anwar Bhinder**: Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state:

(a) the income and expenditure of the Capital Development Authority during 1997-98 and 1998-99 indicating also the profit earned or loss suffered during these years;

(b) the grants received by it from the Federal Government or any Provincial Government during the said years;

(c) the number of officers and officials working in Capital Development Authority with grade-wise break up and the total expenditure for establishment during the said period;

(d) the number of persons appointed in Capital Development

Authority during 1998-99; and

(e) the reasons for loss, if any, during the said period?

Ch. Shujat Hussain: The information is being collected from concerned formations of thc Authority and final reply will be submitted in one month's time.

Mr. Chairman: No supplementary question. No. 174. Anwar Bhinder Sahib.

174. *Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state:

(a) the total grant sanctioned for the Ministry in the annual budget 1998-99;

(b) the total amount spent by the Ministry during the year 1998-99;

(c) the total amount which the Ministry could not spend out of the said sanctioned budget and surrendered to the Government indicating also the reasons for surrendering;

(d) the excess amount which the Ministry spent in addition to the sanctioned bedget till 30-06-1999 indicating also the reasons for spending this amount;and

(e) the total developmental grant and the amount utilized out of it during the said year?

Ch. Shujat Hussain: (a) Rs. 154.893 Million.

(b) Rs. 131.902 Million.

(c) Rs. 22.876 Million. Rs. 21.421 million surrendered due to

economy cut as per Cabinet decision where-as Rs. 1.455 million surrendered due to vacant posts.

(d) No excess amount spent.

(e) Total development grant 1998-99 was Rs. 192.824 million. Rs. 68.435 million could be utilized as only this amount released.

**Mr. Chairman:** No supplementary question. No. 175, Ismail Buledi Sahib.

175. ***Dr. Mohammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state:

(a) the details of seniority of officers working in CDA in BPS 17 and above;

(b) the number, names and designation of the persons working in CDA from BPS 9 to 21; and

(c) the details of salary, allowances and other fringe benefits admissible to Chairman, Secretary, Members, Directors, Deputy Directors and Assistant Directors working in that department?

**Ch. Shujat Hussain:** The information is being collected from concerned formations of the Authority and final reply will be submitted in one month's time.

**Mr. Chairman:** No supplementary question. No. 176, Ismail Buledi Sahib.

176. ***Dr. Mohammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state:

(a) the total expenditure incurred on the Parliament lodges so far;

(b) the action taken against the concerned company or contractor on the use of sub-standard material in its construction;

(c) the percentage of work of these lodges completed so far and the time by which remaining work will be completed;and

(d) the authority which awarded the contract of the said lodges and the term and conditions of the contract?

**Ch. Shujat Hussain:** (a) Rs. 1012.746 million upto 6/1999 against approved cost of PC-I amounting to Rs. 1255.659 millions.

(b) Question is generalised and not specific. However, no sub-standard material has been used in construction work.

(c) (i) 80% physical progress.

(ii) Remaining work of the construction of Parliament Lodges will be completed in one year time after allocation of funds to the tune of Rs. 251.664 millions.

(d) (i) The Civil work has been awarded to three civil Firms on International tendering forms by the Chairman, CDA.

(ii) Furnishing work has been awarded to fourteen (14) different furnishing Firms by the Chairman, CDA with terms and conditions on Form W-7, of CDA as per Rules.

**چوہدری شجاعت حسین:** جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں سوال نمبر 176 کے سلسلے میں تاکہ اس کا جواب ریکارڈ پر آجائے۔ دراصل کل میں ملک سے باہر تھا۔ سوال کے جواب میں یہ کہا گیا ہے کہ غیر معیاری مال کا استعمال نہیں کیا گیا تو شاید یہ صحیح ہو گا اسے ریکارڈ میں رہنا چاہئے۔ اس کی انکوائری بھی ہو رہی ہے اور ہو سکتا ہے کہ مال فوری طور پر ---

**جناب چیئرمین:** نہ صرف لگا ہے بلکہ نظر آتا ہے۔

**چوہدری شجاعت حسین :** لیکن جواب میں تو انہوں نے کہہ دیا تھا کہ کوئی غیر معیاری استعمال نہیں ہوا۔

**جناب چیئرمین :** نہیں، نہیں۔ فیڈرل لاجز کا ذرا خود تجزیہ کریں۔ بہت بری حالت ہے، already ناقص سامان لگایا ہوا ہے۔ اس کی مہربانی کر کے خود ذرا تفتیش کریں۔

**چوہدری شجاعت حسین :** جی۔

Mr. Chairman: Question No. 177, Abdul Hayee Baloch Sahib.

177. *Dr. Abdul Hayee Baloch: Will the Minister for Interior, Narcotics Control, Capital Administration and Development be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to eract street lights in Sector G-6/1-3, Islamabad, if so, when and if not, its reasons?

Ch. Shujat Hussain: There is no proposal under consideration of the Government to erect Street Lights in Sector G-6/1-3, Islamabad with the reason that Street Lights have already been provided in the area.

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ :** جناب چیئرمین صاحب! کہتے ہیں کہ اب سارے ملک کا پیسہ اسلام آباد میں خرچ ہو رہا ہے اور اسلام آباد پاکستان کا خوب صورت ترین شہر ہے۔ جب یہاں اس طرح کی مشکلات دیکھتے ہیں، سٹریٹ لائٹس دیکھتے ہیں تو بڑا افسوس ہوتا ہے۔ پینے کے پانی کا مسئلہ ہے یہاں، مصیبت یہ ہے کہ لوگوں کو ایسا پانی دیا جا رہا ہے جو صحت کے لئے مضر ہے، جس سے ہیپاٹائٹس بی اور دوسری نہ جانے کتنی پیٹ کی بیماریوں میں لوگ مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ٹینکر مافیا اسلام آباد میں ہے، encroachment اسلام آباد میں بہت ہو گیا ہے influx of Afghan refugees اسلام آباد میں ہے، جس سے law and order کا problem ہے۔

ہم اسلام آباد شہر کی یہ بنیادی ضرورتیں پوری نہیں کر سکتے جو Capital ہے ہمارا، یہ واحد شہر ہے جس کو سب سے خوب صورت کہتے ہیں، جب اس کی ہم ضروریات پوری نہیں کر سکتے ہیں تو پھر

ہمارے ملک کے جو باقی شہر یا دیہی آبادیاں ہیں ' ان کو کیا سہولتیں فراہم کریں گے ؟ میرا ان سے یہ سوال ہے کہ خدارا ! اپنے رویے بدلیں ۔ کم ازکم جو سہولتیں عوام کو ملنی چاہیئں وہ تو ملیں جو ان کا بنیادی حق ہے ۔ حکومت کس لئے ہوتی ہے ' حکومت کا تو یہی کام ہے اور کیا کام ہے اس کا ؟ جب وہ اسلام آباد کے شہریوں کو سہولت نہیں دے سکتی تو بلوچستان کے far-flung areas, Gwadar, Pasni, Jeewani or Zob and Loralai کو کیا سہولتیں فراہم کریں گے ؟

Mr. Chairman: Minister for Interior.

**چوہدری شجاعت حسین:** جناب والا! یہ درست ہو گا کہ وہ سوال کرتے ہوئے رویہ بدل لیں' ہم جواب دیتے ہوئے رویہ بدل لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان:** میرا honourable Minister سے سوال ہے کہ اسلام آباد سے جاتے ہوئے دو جگھوں پر اسلام آباد پولیس گاڑیوں کی چیکنگ کرتی ہے اور آتے وقت بھی دو جگھوں پر چیکنگ کرتی ہے ' اس کا کیا مقصد ہے ؟ آج تک انہوں نے کوئی چوری کی گاڑی پکڑی بھی ہے کہ نہیں؟ اور اگر نہیں پکڑی اور صرف پیسے کے لئے بیٹھے ہیں تو آپ ان کو ہٹا دیں کیونکہ یہ لوگوں کو تنگ کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی' وزیر داخلہ۔

**چوہدری شجاعت حسین:** جناب والا! اگر question hour کے بعد point of order پر بات کرلیں تو زیادہ مناسب ہے کیونکہ یہ سوال سٹریٹ لائٹس کے متعلق ہے۔

**جناب چیئرمین:** ان کا سوال کس کے بارے میں ہے ؟

**چوہدری شجاعت حسین:** گاڑیوں کی چوری کی بات کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** گاڑی کے متعلق ؛ اس میں بھی تو لائٹ ہوتی ہے ۔

**چوہدری شجاعت حسین:** اچھا! میں سمجھا گاڑیوں کی چوری کی بات کر رہے ہیں۔ لائٹ کی بات کر رہے تھے۔

جناب محمد زاہد خان، یہ تو معمولی سا question ہے کہ گاڑیاں جا رہی ہیں اور آپ دیکھ رہے ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین، ٹھیک ہے جی، گاڑیوں کا پتہ کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین، پتہ کریں جی۔ کہتے ہیں کہ investigate کریں گے۔

Next question No. 178, Abdul Hayee Baloch Sahib.

178. *Dr. Abdul Hayee Baloch: Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state whether it is a fact that all streets in Sector G-6/1-3, Islamabad, except street No. 49 have been constructed, if so, the reasons for not constructing street No. 49 and the time by which it will be constructed?

Ch. Shujat Hussain: Yes. Street No. 49 G-6/1-3 could not be rehabilitated due to resource constraints. It shall however, be rehabilitated during current financial year.

جناب چیئرمین۔ ضمنی سوالات۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ دیکھیں جناب۔ یہ امتیازی سلوک ہے کہ سیکٹر G-6/1-3 اسلام آباد کی تمام سٹریٹس پکی ہیں سوائے سٹریٹ نمبر 49 کے۔ ایک سٹریٹ کے لئے source کی constraint ہے۔ یہ سمجھ نہیں آتی ہے کہ جب باقی تمام streets ٹھیک کر دی گئی ہیں تو 49 کو کیوں نہیں کیا گیا۔ کیا اس پر اتنا زیادہ خرچ آتا ہے کہ حکومت اس کو پورا نہیں کر سکتی ہے۔ کیا یہ کوئی جواب ہے۔ میری ان سے گزارش ہے کہ مذاق نہ بنائیں۔ سنجیدہ کام کریں۔ صحیح طریقے سے کریں۔ جب آپ نے ساری streets ٹھیک کر دی گئی ہیں تو 49 سٹریٹ کا کیا گناہ ہے۔ خدا کے بندو! اس کو بھی ٹھیک کرو۔

چوہدری شجاعت حسین۔ اس کو بھی ٹھیک کیا جائے گا۔ اس کو اگلے مالی سال میں رکھ لیا گیا ہے۔ اس کو بھی درست کر لیا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ Any other question, منہ صاحب! آپ کوئی سوال پوچھنا چاہ رہے

تھے۔

جناب بشیر احمد مٹہ۔ نہیں۔

جناب چیئرمین۔ زاہد خان۔

جناب محمد زاہد خان۔ پنجاب کنسٹیبلری گاڑیوں کی چیکنگ کر رہی ہے۔ ایک پارٹی مارگلہ کی دوسری طرف کھڑی ہے اور ایک پارٹی اٹک کے اس طرف کھڑی ہے جو آٹا اورگندم کی چیکنگ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ اس کا اس سوال سے کیا تعلق ہے۔ یہ سوال تو سٹریٹ 49 سے متعلق ہے۔

جناب محمد زاہد خان۔ یہ ٹھیک ہے کہ یہ سوال سٹریٹ 49 سے متعلق ہے لیکن حکومت کے اس اقدام سے لوگوں کو تکلیف ہے۔ وزیر داخلہ صاحب تشریف رکھتے ہیں اور یہ فورس ان کے under ہے۔

جناب چیئرمین۔ تکلیف ہوگی لیکن آپ یہ بتائیں کہ اس سے سٹریٹ 49 کو کیا تکلیف ہے۔

(قہقہے)

جناب چیئرمین۔ اس کا تو اس سوال سے کوئی تعلق نہیں بنتا ہے۔ سوال نمبر 179۔ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب۔

179. ***Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Interior, Narcotics Control, Capital Administration and Development be pleased to state:

(a) whether it is a fact that CDA colony is a residential area, if so, the reasons for converting 50 per cent residential quarters into commercial ones; and

(b) whether it is also a fact that the waste material and garbage is lying in the CDA colony area; and

(c) the time by which the said illegal commercial area will be abolished and the waste material will be cleared?

Ch. Shujat Hussain: (a) CDA Colony in Sector I-10/1 is a planned residential component of Sector I-10. This pocket comprises of 288 plots of size 29' x 39' each. No conversion of residential plots/houses into commercial has been permitted at any stage.

(b) Yes. Some occupants of residential area of CDA Colony, I-10/1, have converted their houses partially in shops/non-conforming use. This has resulted into generation of debris/waste material.

(c) CDA is vigilant in chasing and abolishing the violations. Action is constantly under way against the violators. According to Municipal Bye-Laws, the debris have to be removed by the owners of the houses who are source of generation. If it is not removed properly, and in time, it is removed by the municipal functionaries after serving of notices/ challans and recovery of charges is imposed. Notices/challans have been served upon the violators to remove the debris/waste material within 7 days.

جناب چیئرمین۔ ضمنی سوال۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میرا وزیر صاحب سے ضمنی سوال یہ ہے کہ جو residential areas ہیں' یہ commercial areas میں کیوں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ دوسرا گندگی کے جو انبار ہیں' ڈھیر ہیں' جن کی وجہ سے حفظان صحت کے مسائل ہیں اور انہیں جلد سے جلد ٹھکانے لگانا ضروری ہوتا ہے' ان کے بارے میں کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ جیسا کہ اسلام آباد کی مختلف streets میں garbage کے انبار لگے ہوتے ہیں جس سے عوام کی صحت بھی متاثر ہو رہی ہے اس پر کیوں توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔

چوہدری شجاعت حسین ۔ جناب garbage اٹھانے والی ان کی تجویز درست ہے۔ انشاء اللہ اس پر نہ صرف غور کیا جائے گا بلکہ عمل کیا جائے گا۔ جہاں تک ان کے پہلے سوال کا تعلق ہے' اس کے

متعلق عرض ہے کہ جب لوگوں کو residential quarters allot کئے گئے تھے، دیئے گئے تھے یا زمینیں دی گئی تھیں مکانات بنانے کے لئے تو ان میں سے کسی کو اجازت نہیں دی گئی تھی کہ وہ ان areas کو کمرشل areas میں تبدیل کریں۔ جن لوگوں نے ایسے کام کئے ہیں، ان کو نوٹس جاری کر دیئے گئے ہیں۔ اس کے بارے میں ان سے پوچھ گچھ کی جائے گی۔

**جناب چیئرمین۔** جناب حبیب جالب بلوچ صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** میرا وزیر موصوف سے یہ سوال ہے کہ CDA کے پلان کے تحت blue area یا اس قسم کے جو اور areas بنائے گئے ہیں، ان کے بارے میں، میں نے نوٹس لیا ہے کہ وہاں پر دو یا تین منزلہ عمارتیں بن رہی ہیں یعنی ان کو further commercialise کیا جا رہا ہے جب کہ residential areas اور commercial areas میں کافی فرق ہوتا ہے۔ نئی بلڈنگیں بننے سے اسلام آباد میں commercial and residential areas میں فرق ناپید ہو رہا ہے۔ یہ ایک خطرناک صورت حال ہے کیونکہ sewerage system اور پانی supply کے نظام میں جو مسائل ہیں، وہ ان مسائل سے ابھرتے ہیں۔ گو کہ ہمارے پاس building height کا قانون موجود ہے لیکن ایسی صورت حال خصوصاً blue area میں اور دیگر علاقوں میں دیکھی گئی ہے تو کیا سی ڈی اے کے پاس اس کے تدارک کے لئے کوئی تجاویز ہیں؟

**چوہدری شجاعت حسین۔** جہاں تک residential areas کا تعلق ہے، وہاں تو اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے البتہ یہ blue area کے متعلق نیا سوال کریں گے تو اس کا جواب دے دیا جائے گا لیکن یہ بات درست ہے کہ جہاں پر residential areas ہیں وہاں پر commercial buildings کی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے۔

**جناب چیئرمین۔** لیکن میرا خیال ہے کہ اسلام آباد میں height control کا قانون تو موجود ہے کہ کتنی منزل تک بلڈنگ بن سکتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ نہ صرف blue area میں بلکہ generally جو ایک قانون ہے کہ اتنے فٹ اونچی بلڈنگ بن سکتی ہے، اس کی violation ہو رہی ہے اور یہ کہیں کہیں ہو رہا ہے۔

**جناب چیئرمین۔** اگر یہ نشاندہی کر دیں تو زیادہ مناسب رہے گا تاہم اس کے بارے میں چیک کر کے بتا دوں گا۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میرا ایک سوال ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی! فرمائیے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میں وزیر موصوف سے اس معزز ہاؤس میں assurance چاہتا ہوں کہ اسلام آباد میں جتنی بھی encroachments ہیں، خواہ یہ کیسی ہی ہوں، گلیوں میں ہیں، مختلف جگہوں پر ہیں، ان کے تدارک کے لئے آیا وہ کوئی پالیسی بنائیں گے کہ مستقبل میں یہ سلسلہ رک جائے۔ چاہے یہ encroachments residential areas میں ہیں یا کسی اور جگہ پر ہیں۔ مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ افغان مہاجرین ہیں، وہ بہت بڑے علاقے میں کس لئے بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیا آپ اس سلسلے کو روکنے کے لئے کوئی مستقل پلان بنائیں گے کہ مستقبل میں ایسا کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو اور اس کا خاتمہ ہو سکے۔

چوہدری شجاعت حسین۔ چونکہ مستقل طریقے سے encroachments ہوتی رہتی ہیں اس لئے اسے مستقل طریقے سے ہی ساتھ ساتھ ختم کرنا پڑتا ہے۔ اور جہاں پر بھی encroachments ہوتی ہیں، کوشش کی جاتی ہے کہ اسے ختم کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔ Any other question شکریہ۔ next 180 جناب جواد ہادی صاحب۔

180. *Syed Mohammad Jawad Hadi: Will the Minister for Kashmir Affairs, Northern Affairs and States and Frontier Region be pleased to state whether it is a fact that the Octroi tax is being collected by the local authorities uptill now in Kurram Agency, if so, its reasons?

Lt. Gen. (Retd.) Malik Abdul Majeed: Yes, Octroi Tax is being presently collected by the Local Council, as Extension of orders/laws to FATA are to be made with the approval of the President. The Provincial Government of N.W.F.P. is taking further necessary action in this respect.

جناب چیئرمین۔ ضمنی سوال۔ جناب حبیب جالب بلوچ صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ جناب چیئرمین، اس سوال میں پوچھا گیا ہے کہ کرم ایجنسی

میں لوکل اتھارٹیز آکٹرائے جمع کرے۔ کیا یہ درست ہے؟ انہوں نے کہا،

"Yes, Octroi Tax is being presently collected by the Local Council, as extension of orders/laws to FATA are to be made with the approval of the President. The Provincial Government of N.W.F.P. is taking further necessary action in this respect."

جناب چیئرمین! اس میں دو باتیں ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ فاٹا فیڈرل ایریا ہے اور کچھ عرصہ پہلے مرکزی حکومت نے آکٹرائے جمع کرنے کے لئے آرڈیننس جاری کیا تھا جس سے ہمارے لوگ کافی suffer over all صورتحال میں کر رہے ہیں۔ اس وقت میں نے یہ مسئلہ پوائنٹ آف آرڈر پر بھی اٹھایا تھا جس کا جواب ابھی تک نہیں آیا۔ لیکن آکٹرائے مرکزی ایریا میں جمع ہو رہا ہے یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے لیکن اسے مقامی طور پر ہی جمع اور خرچ ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ آکٹرائے سے eighteen crore روپے جمع ہوتے تھے۔ اب اگر ہم ٹوٹل فیڈرل کا جمع کریں تو ایک ارب روپے سے زیادہ ہو جاتے ہیں۔ جبکہ حکومت نے ایک صوبے میں سات کروڑ روپے دیئے اور فخریہ انداز میں کہا۔ تو بنیادی طور پر یہ صوبائی خود مختاری اور فیڈریشن کی سپرٹ کے بھی خلاف ہے، de-centralization of power اور good governance کے بھی خلاف ہے اور پاؤں تلے روندنے کے مترادف ہے۔ تو کیا خیال ہے کہ کرم ایجنسی میں جو لوکل جمع کرنے کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے وہ جاری رہے گا یا اسی قانون کی زد میں آئے گا جس کا میں نے تذکرہ کیا ہے؟

**جناب چیئرمین۔** وزیر پارلیمانی امور۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب معزز رکن نے جو سوال فرمایا ہے اس کا اس سوال سے بنیادی طور پر کوئی تعلق نہیں بنتا۔ اس سوال کے جواب میں یہ کہا گیا ہے کہ octroi collect وہاں ہوا ہے۔ اور اس وقت تک جمع کیا جاتا رہے گا جب تک صدر صاحب کی منظوری سے حکم جاری نہیں ہو جاتا۔ سرحد حکومت کیس کو process کر رہی ہے۔ وہ process کرکے منسٹری کو بھیجے گی، منسٹری پھر وزیر اعظم صاحب اور وہ پھر صدر صاحب کو بھیجیں گے۔ آرٹیکل 247 کے تحت جتنے بھی قوانین ہیں وہ خصوصی طور پر صدر صاحب کی اجازت سے لاگو کئے جاتے ہیں۔ جونہی یہاں سے صدر صاحب کا حکم جاری ہو گا تو اس پر وہاں عملدرآمد ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ رفیق رجوانہ صاحب۔

**جناب محمد رفیق رجوانہ۔** جناب! میں وزیر موصوف سے گزارش کروں گا کہ آکٹرائے اور ضلع ٹیکسز جو ختم ہوئے ہیں اور مرکز کی طرف سے جو قسط لوکل کونسل کو جاری ہوتی ہے اس میں سے ٹیکس تو ختم ہوگیا مگر ان غریب ملازمین کا قصور کیا ہے جن کو بیروز گار کر دیا گیا ہے جو چونگیوں اور ضلع کونسلوں میں ایکسپورٹ ٹیکس پر کام کرتے تھے۔ تو میں یہ گزارش کروں گا کہ ان کو بیروز گار کرنے کی بجائے انہی لوکل کونسلوں میں جہاں وہ کام کر رہے تھے they should continue to work اور ان کو اسی روز گار پر لگا رہنے دیا جائے۔ یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب! عرض یہ ہے کہ اس سوال کا اس سوال سے تو کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ کرم ایجنسی سے متعلق ہے۔ اور میں نے پہلے تفصیلاً جواب دے دیا ہے۔ اس کے علاوہ اس کے متعلق جتنے سوالات ہوں وہ میرے خیال میں فنانس منسٹری سے کئے جا سکتے ہیں۔

**سید اقبال حیدر۔** جناب! میں اسی کے متعلق پوچھنا چاہ رہا تھا۔ آکٹرائے کو تو آپ نے بالکل پورے پاکستان میں ختم کردیا ہے۔ لیکن یہاں پر اس کے جاری رہنے کا کیا جواز ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو ۔** نہیں، کوئی جواز نہیں ہے۔ معاملہ پراسس ہو رہا ہے۔ صوبائی حکومت کی طرف سے یہاں آئے گا۔

جناب چیئرمین۔ ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب! انہوں نے جو یہ آکٹرائے کا سسٹم تباہ کیا ہے اور فیڈریشن کو دے دیا ہے اور 2% کو جی ایس ٹی کے ساتھ منسلک کردیا ہے، تمام صوبوں میں اس سے زبردست بے چینی ہے ۔ آج ساری دنیا میں یہ کہا جارہا ہے کہ ضلعوں تک اختیارات کو پھیلائیں لیکن ہم اس کے بجائے لوگوں کو اور بیروز گار کر رہے ہیں اور آئین کے تحت جو صوبوں کو اختیارات دیئے گئے ہیں ان کو بھی ہم سلب کر رہے ہیں۔ تو میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ کیا یہ اپنی پالیسی پر نظر ثانی فرمائیں گے کہ اس کو ترک کردیں اور ڈی سنٹریلائزیشن کی جو پالیسی ہے اس کی ہم سب حمایت کرتے ہیں، اس کی طرف جائیں گے یا نہیں جائیں گے ؟ اور یہ جو ملازمین بیروز گار ہورہے ہیں ان کا مستقبل کیا ہو گا کیونکہ جتنی بھی میونسپل کارپوریشنیں ہیں پاکستان میں یا یونین یا ڈسٹرکٹ کونسلیں ہیں، ان کے ملازمین کے روز گار کا بھی

آپ بندوبست کریں گے یا نہیں کریں گے۔

**جناب چیئرمین۔** وزیر برائے پارلیمانی امور۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب والا! یہ سوال تو کرم ایجنسی سے متعلق ہے۔ کشمیر افیئرز کی منسٹری سے متعلق ہے یہ سوال اور اس کا جواب دے دیا گیا ہے۔ اگر octroi کے بارے میں وہ کوئی جنرل سوال کرنا چاہتے ہیں تو صوبوں میں بھی یہ سوال کرسکتے ہیں اور سینٹ میں بھی سوال کرسکتے ہیں 'اس کا جواب انہیں مل سکتا ہے اور اس کا جواب لوکل گورنمنٹ کی منسٹری دے سکتی ہے۔ کشمیر افیئرز کی منسٹری کا octroi ہٹانے یا لگانے سے کوئی تعلق نہیں۔ وہ تو صرف کرم ایجنسی کے بارے میں ان کا جواب ہے کہ ہاں! اس وقت تک وصول کیا جارہا ہے اور پریذیڈنٹ صاحب کا حکم ہونے کے بعد پھر اس پر عمل درآمد ہوگا۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** جناب! میں اسی کرم ایجنسی سے متعلق سوال کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** جی فرمائیں۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** یہ octroi جو لوکل اتھارٹی نے جمع کی ہیں یہ کل کتنی جمع ہوئی ہیں اور مقامی کرم ایجنسی کے لوگوں پر کتنا مصرف ہوا ہے۔ ذرا یہ بتائیں۔ کیونکہ جمع تو ہوتا ہے لیکن خرچ نہیں ہوتا ان پر۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب والا! میں کچھ عرض کروں گا تو شاید شکایت ہوگی۔ یہ سوال اس سے arise نہیں ہوتا۔ اگر وہ نیا سوال دے دیں تو ہم اس کا جواب دے دیں گے کہ کتنی collection ہوئی، کتنی کس جگہ پر خرچ ہوئی۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ octroi کی جو income ہوتی ہے' اسے مقامی طور پر ہی خرچ کیا جاتا ہے۔

**Mr. Chairman:** Next Question No. 181 by Jawad Hadi Sahib.

181. ***Syed Mohammad Jawad Hadi:** Will the Minister for Kashmir Affairs, Northern Affairs and States and Frontier Region be pleased to state whether it is a fact that sub-standard Atta is being supplied to the people of

Kurram Agency, if so, its reasons? .

**Lt. Gen. (Retd.) Malik Abdul Majeed:** No. Atta being supplied to the people of Kurram Agency conforms to the standard prescribed by the Provincial Food Laboratory.

**Mr. Chairman:** Answer taken as read, supplementary please.

**ڈاکٹر عبد الحیٔ بلوچ** ۔ میرا ضمنی سوال ہے کہ sub-standard آٹا صرف کرم ایجنسی کا مسئلہ نہیں ہے۔ سارے پاکستان کا مسئلہ ہے ۔ میں دیانت داری سے کہتا ہوں کہ ہم خوراک کے معاملے میں عوام کو زک پہنچا رہے ہیں یعنی ان کی صحت کو برباد کر رہے ہیں۔ آٹا ، مرچ ، گھی ، کوئی بھی چیز ملاوٹ کے بغیر نہیں ، گھی میں تو گریس استعمال ہوتا ہے جو ہم گاڑیوں میں استعمال کرتے ہیں۔ تو جناب ! sub-standard خوراک کا مسئلہ کرم ایجنسی کے علاوہ سارے پاکستان میں بھی ہے۔ سب چیزوں میں ملاوٹ ہے یا یہ sub-standard ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب ! آپ حیران ہونگے کہ اگر کوئی چیز خراب ہوجاتی ہے تو اس کو ضائع کردینا چاہیے ، اس کو destroy کردینا چاہیے لیکن وہ مارکیٹ میں آجاتی ہے ۔ آپ جائیں ، آپ کو مارکیٹ میں آٹے کے بیگ اور بوریاں ملیں گی جو بالکل out of date ہوچکی ہیں۔ ان کی مدت گزر چکی ہے ۔ اس طریقہ سے ہمارا غلہ گوداموں میں سڑ جاتا ہے پھر اس کو مارکیٹ میں لایا جاتا ہے۔ تو میرا ان سے سوال ہے کہ یہ جو عوام کی صحت کے ساتھ خوراک کے معاملے میں کھیلا جا رہا ہے ، اس کا آپ کوئی تدارک کریں گے کہ تمام چیزیں صاف ستھری اور standard کے مطابق نہ صرف کرم ایجنسی بلکہ پورے پاکستان کے عوام کو ملیں ۔

**جناب چیئرمین**۔ وزیر برائے پارلیمانی امور۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**۔ جناب والا! اپنے خیال کے مطابق فاضل ممبر صاحب کی اہلیت کی بنا پر میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر اس سوال سے پہلے ان کے ذہن میں یہ سوال ہوتا کہ باقی جگہ پہ آٹا درست نہیں مل رہا ، خوراک ٹھیک نہیں مل رہی تو مجھے یقین ہے چونکہ وہ فرائض کی ادائیگی خوبصورت طریقے سے کرتے ہیں ، تو وہ کوتاہی نہ کرتے ۔ یہ تو آٹے کی کوالٹی کے بارے میں پوچھا گیا ہے کرم ایجنسی میں ۔ اور میں نے جواب میں عرض کیا ہے کہ نہیں ، وہاں کوئی خرابی نہیں ہے ۔ آٹے کی

باقاعدہ testing ہوئی ہے اور وہ سٹینڈرڈ کے مطابق ہے۔ یہ تو اس کے بارے میں ہے۔ اگر کسی جگہ پر واقعی کوتاہی ہو رہی ہے تو مجھے یقین ہے کہ جب وہ نوٹس میں لائیں گے تو متعلقہ منسٹری ایکشن لے گی۔ اور وہ جانتے ہیں کہ یہ فیڈرل ایریا کے بارے میں، فاٹا کے بارے میں ہے۔ دوسری منسٹریاں ڈیل کرتی ہیں ان سارے معاملات کو۔ خوراک کے معاملے کو دوسری منسٹری ڈیل کرتی ہے۔ جب وہ جنرل بات کریں گے تو پھر اس منسٹری سے بات کرنی پڑے گی۔ یہ تو صرف فاٹا سے متعلق ہے اور اس کے بارے میں جواب دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین۔ اکرم شاہ صاحب۔

جناب اکرم شاہ خان۔ شکریہ۔ میرا خیال ہے انہوں نے جواب دے دیا ہے۔

جناب چیئرمین۔ عاقل شاہ صاحب! آپ سوال پوچھنا چاہ رہے تھے۔ فرمائیں۔

سید عاقل شاہ۔ منسٹر صاحب بار بار کھڑے ہو کر یہی جواب دیتے ہیں کہ سب ٹھیک ہے۔ ان کے حساب سے تو ہر چیز ٹھیک ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے بجائے ایشین ٹائیگرز کے ہم بلی بن چکے ہیں۔ بہرحال! آٹے کی بات ہو رہی ہے تو صوبہ پختونخواہ میں بھی کافی شکایتیں آئی ہیں۔ کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ انہوں نے LC کھولی تھی اور پرائیویٹ پارٹی نے بجائے اس کے کہ white wheat وافر منگوائی جاتی، grey wheat منگوائی جو کہ below standard تھی اور اس کو reject کیا گیا۔ اس کے بعد حالت یہ ہے کہ وہ گوداموں میں پڑی رہی اور اب ہمارے عوام کو مجبوراً وہ کھانی پڑی۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ یہ کرم ایجنسی کے بارے میں ہے جناب؟

جناب چیئرمین۔ نہیں، نہیں۔ یہ فرنٹیئر کے بارے میں ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب چیئرمین! فرنٹیئر کے بارے میں تو میں نے عرض کیا ہے کہ اس کو فوڈ کا محکمہ deal کرے گا۔ وہ نیا سوال دے دیں۔

سید عاقل شاہ۔ جناب چیئرمین! یہ بڑی problem ہے، ہم تو بار بار یہ کہتے ہیں کہ وفاقی حکومت میں آپ نے جو غیرضروری محکمے رکھے ہوئے ہیں، آپ یہ صوبوں کو دے دیں تاکہ ان سے کوئی کام لیا جا سکے۔ ہم سینٹ میں کس لئے ہیں؟ اس لئے ہم سینٹ میں آئے ہیں کہ ہم اپنے صوبے کے حقوق کا تحفظ کر سکیں۔

جناب چیئرمین: وہ یہ نہیں کہہ رہے ہیں' وہ کہتے ہیں کہ آپ سوال کریں لیکن متعلقہ منسٹری سے کریں۔ یہ تو کشمیر افیئرز کا سوال ہے فاٹا کے بارے میں وہ اس کا جواب دیں گے۔ جناب زاہد خان صاحب۔

جناب محمد زاہد خان: جناب والا! وہ پھر کہیں گے کہ یہ متعلقہ سوال نہیں ہے۔ اب گندم اور آٹے کی بات ہو رہی ہے۔ میں نے پہلے بھی یہی عرض کرنا چاہا تھا کہ آپ نے دو جگہوں پر پنجاب کانسٹیبلری بٹھائی ہے اور آٹا اور گندم تو دور کی بات ہے' آپ تو کھاد بھی ہمارے صوبے میں آزادانہ طریقے سے جانے نہیں دے رہے ہیں۔ آپ ہمارے لوگوں کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہتے ہیں۔ یا تو وہاں پیسے لئے جاتے ہیں اور اگر وہ پیسے نہیں دیتے ہیں تو پھر ان کے ٹرکوں کو روک لیتے ہیں۔ آپ لوگوں کے روزگار بھی چھین لیتے ہیں۔ گندم اور آٹے کو تو چھوڑ دیں آپ کھاد بھی ان کو نہیں دے رہے ہیں۔ ایسا کیوں ہے؟ آپ کی کانسٹیبلری کا وہاں پر کیا کام ہے؟ اگر ہے تو پنجاب کے خوراک والے بیٹھے ہیں' وہ دیکھیں۔ یہ بتائیں کہ وہ کس capacity میں وہاں پر بیٹھے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! میں نے پہلے بھی یہ عرض کیا ہے' آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ------

جناب چیئرمین: اب بتائیں' سوال فاٹا کا ہے' کشمیر افیئرز کا ہے' آپ پنجاب کی بات کرتے ہیں۔ چلیں ہم اگلے سوال کی طرف چلتے ہیں۔ سوال نمبر 182 اسمٰعیل بلیدی صاحب۔

182. ***Dr. Mohammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state:

(a) the details of the present restrictions on visitors visiting Faisal Mosque, Islamabad; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to impose more restrictions on visitors to maintain the sanctity of Faisal Mosque, Islamabad, if so, its details?

**Ch. Shujat Hussain:** (a) The details of the present restrictions have been displayed at the instructions board installed at the main entrance in English and Urdu languages. (Copies are added).

(b) There is no proposal under consideration of the Government at present to impose more restrictions on visitors to maintain sanctity of the Faisal Mosque Islamabad.

INSTRUCTIONS

1. Visitors to the Faisal Masjid are requested to kindly observe Islamic Decorum while visiting the Masjid.
2. Ladies are not allowed without proper dress including covering their heads and legs etc.
3. Smoking is strictly prohibited in Masjid.
4. Non Muslim visitors are requested not to enter in the Main Prayer Hall during Prayer time.
5. Children below five years are not allowed during Prayer time in Prayer Hall.
6. Photography/video is strictly prohibited.
7. Speaking loudly and running inside the Masjid may be avoided keeping prestige of the Masjid.
8. Eating, sleeping and gossip is against of Holy place/Masjid.

**جناب چیئرمین:** ضمنی سوال حبیب جالب صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جناب چیئرمین! یہ جو اسمٰعیل بیدی صاحب نے فیصل مسجد میں کچھ restrictions کے بارے میں پوچھا تھا' گورنمنٹ نے اس کے جواب میں کہا ہے کہ visitors to the Faisal Mosque are requested to kindly observe the Islamic decorum while

انہوں نے جواب دیا ہے کہ visitng the Faisal Mosque ladies are not allowed without proper dress, smoking is strictly prohibited in Masjid بلکہ اگر around Masjid بھی ہو تو بہتر ہے۔ Non-muslim visitors are requested not to enter into the Masjid. یہ انہوں نے جواب دیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** اب دیکھیں smoking کا لکھا ہوا ہے، drinking کا لکھا ہی نہیں ہوا۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** جناب! smoking کی مسجد میں پابندی ہے تو اردگرد بھی پابندی ہونی چاہیئے۔ ظاہر ہے drinking کی تو دور سے بھی اجازت نہیں ہونی چاہیئے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا پہلا جواب ہے جس سے میں کسی حد تک مطمئن ہوں۔ البتہ انہوں نے smoking پر پابندی مسجد کے اندر لگائی ہے، مسجد کے باہر smoking کر سکتا ہے۔ جبکہ smoking ابتدا ہے منشیات کی، تو کیا ان کے خیال میں smoking پر یہ تمام ملک میں پابندی نہیں لگا سکتے ہیں۔ لیکن مسئلہ تو یہ ہے کہ یہ تو اشتہارات دیتے ہیں کہ شیر کو پکڑنے والا smoker ہوتا ہے۔ اس کے لئے مخصوص پیکٹس ہیں۔ تو کیا یہ ٹی وی پر پابندی نہیں لگائیں گے کہ ایسے اشتہارات نہ آئیں، کیونکہ اشتہارات میں آتا ہے کہ جب تک سگریٹ نہیں پیا جائے شیر کو نہیں پکڑا جا سکتا۔

**جناب چیئرمین:** جی وزیر برائے داخلہ۔

**چوہدری شجاعت حسین:** جناب والا! اگر میرا بس چلے تو سارے ملک کے اندر سگریٹ پینے پر پابندی لگا دوں۔

**جناب چیئرمین:** رضا ربانی صاحب۔

**میاں رضا ربانی:** جناب والا! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ پہلی restrictions/instructions ہیں، ان میں کہا گیا ہے کہ visitors to the Faisal Masjid are requested to kindly observe Islamic decorum. میرا مطلب ہے کہ I had heard ofdecorum can he define Islamic decorum and No. 2 Sir, is this instruction No. 8, which says: eating, sleeping and gossip is against the manner of the holy places and Masjids, what does it mean? Is this against the manner of holy places and Masjids?

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین: یہ جتنی باتیں کہی گئی ہیں یہ درست کہی گئی ہیں۔ وہاں جا کر سونا نہیں چاہیئے۔ یہ جن چیزوں کی وضاحت کی گئی ہے' یہ بالکل صحیح کی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: وہاں پر جھوٹ بولنے کی کوئی ممانعت نہیں ہے؟

چوہدری شجاعت حسین: اگر معزز ممبر کو کوئی اعتراض ہے اور وہ مسجد میں جا کر' بیٹھ کر کچھ کھانا چاہتے ہیں تو وہ ایک علیحدہ چیز ہے لیکن جو restrictions لگائی گئی ہیں وہ درست لگائی گئی ہیں۔

Mr. Chairman: Telling a lie is not prohibited.

چوہدری شجاعت حسین: اگر کسی چیز پر ان کو اعتراض ہے تو وہ بتا دیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں! آپ نے لکھا ہے کہ eating, sleeping and gossip لیکن telling a lie کا نہیں لکھا ہوا ہے کہ مسجد کے اندر جھوٹ بولنا بھی منع ہے۔ جی تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر: جناب! آپ نے drinking کا ذکر کیا۔ مجھے زاہد خان کا ایک شعر یاد آ رہا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں' وہ تو observe Islamic decorum میں آ جائے گا that is prohibited.

جناب تاج حیدر: آپ نے فرمایا تھا کہ smoking and drinking, تو drinking پر ایک بڑا مشہور شعر ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں' drinking منع ہے۔

جناب تاج حیدر: اس بارے میں مشہور شعر ہے کہ

زاہد شراب پینے دے مسجد میں بیٹھ کر

یا وہ جگہ بتا دے جہاں پر خدا نہ ہو

جناب چیئرمین: یہ آپ زاہد صاحب کو address کر کے کہہ رہے ہیں۔ دیکھیں یہ تو پھر---

فرمایئے عبدالحئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب! یہ جو پورے ملک میں مساجد ہیں، فیصل مسجد میں بھی پڑھائی کا سلسلہ ہے، مسجدوں میں تعلیم بھی دی جاتی ہے، نصاب بنے ہوئے ہیں، یہاں انتظامات ہیں۔ بنگلہ دیش میں بھی یہ تجربہ ہوا جہاں لوگ مساجد اور مدرسوں میں دینی تعلیم کے ساتھ سائنسی تعلیم بھی دیتے رہے۔ وہاں تعلیم کی شرح بہت آگے گئی ہے۔ ان مساجد سکولوں نے بڑا رول ادا کیا ہے۔ آج وہاں شرح خواندگی 70%، 72% ہے اور وہ ہماری طرح ایک غریب ملک ہے۔ تو ہماری اس تجویز پر غور فرمائیں اور کوئی ایسی منصوبہ بندی کریں کہ ان مساجد میں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی یا سائنسی تعلیم کے بھی انتظامات ہوں تو ملک کو بڑا فائدہ ہو گا۔

Mr. Chairman: Minister for Interior.

چوہدری شجاعت حسین : ہماری نئی ایجوکیشن پالیسی میں یہ چیز شامل ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ : جناب! میرا ایک اہم سوال ہے۔

جناب چیئرمین : جی فرمائیں! بڑا اہم سوال ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ : جناب شکریہ۔ میرا سوال یہ ہے کہ یہ پابندیاں تو visitors کے لیے ہیں۔ ہمارے کچھ علاقوں میں مساجد انتہائی قریب قریب ہوتی ہیں مثلاً آدھ فرلانگ یا دس گز کے فاصلے پر بھی دو دو، تین تین مساجد ہوتی ہیں۔ ان میں بڑے بڑے لاؤڈ سپیکر ہوتے ہیں اور ان کا volume بہت زیادہ ہوتا ہے اور ایک فرقہ دوسرے کے خلاف تقاریر کرتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عام آدمی ان کی لڑائی میں پس جاتے ہیں، پھنس بھی جاتے ہیں اور پس بھی جاتے ہیں، لتاڑے جاتے ہیں اور اس سے علاقے میں امن و امان کی بھی صورت حال پیدا ہوتی ہے۔ اس پر کوئی restriction ہو، کیا یہ اسلامی ڈیکورم میں نہیں ہے۔ لاؤڈ سپیکر پر یہ لوگ رات کے ایک ایک بجے تک بھی تقاریر کرتے ہیں اور خصوصاً جتنے بھی افغان مہاجرین آئے ہیں وہ تو رات کے ایک ایک بجے تک جلسے کرتے ہیں اور تقاریر کرتے ہیں مسجد کے اندر۔ کیا یہ اسلامی ڈیکورم میں نہیں ہے کہ کم از کم جلسہ تو نہ کیا جائے یا ایک دوسرے کے خلاف انتہائی شدت کے ساتھ یہ استعمال نہ ہو کیونکہ یہی وہ seeds ہیں conflict کے جن کو factionalism کہا جاتا ہے، فرقہ واریت کہا جاتا ہے۔ کیا ان seeds کو دبانے کا کوئی قانون ہے؟ اگر ہے تو اس پر کتنا عمل درآمد ہو رہا ہے؟

**جناب چیئرمین:** اس پر علیحدہ قانون ہے' لاؤڈ سپیکر آرڈیننس ایک علیحدہ قانون ہے میرے خیال میں۔

**چوہدری شجاعت حسین:** جی ہاں' علیحدہ قانون ہے۔ اس کے لیے قانون موجود ہے اور جو تجاویز وہ دے رہے ہیں' وہ بھی درست کہہ رہے ہیں۔ اس طرح کی الزام تراشی لاؤڈ سپیکر پر نہیں ہونی چاہیے۔

**جناب چیئرمین:** جناب رضا ربانی صاحب۔

**میاں رضا ربانی:** جناب! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ سیاسی جلسے اسلامک ڈیکورم کے اندر شامل ہیں کہ وہاں پر سیاسی جلسوں کی اجازت ہوتی ہے فیصل مسجد میں۔

**جناب چیئرمین:** کیوں جی' سیاسی جلسوں کی اجازت ہے مسجد میں کہ نہیں۔

**چوہدری شجاعت حسین:** نہیں' سیاسی جلسوں کی اجازت نہیں ہے وہاں۔

**میاں رضا ربانی:** ہر سال سترہ اگست کو وہاں کس طرح سیاسی جلسہ ہوتا ہے۔

**چوہدری شجاعت حسین:** نہیں' وہ سیاسی جلسہ نہیں' وہ تعزیتی اجتماع ہوتا ہے۔

**میاں رضا ربانی:** ساری سیاسی تقاریر ہوتی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** وہ مسجد کے باہر ہوتا ہے۔

**میاں رضا ربانی:** وہ precincts تو مسجد کی ہی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** Precincts تو ہیں لیکن مسجد نہیں ہے۔

**میاں رضا ربانی:** یہاں تو precincts کی بات ہو رہی ہے not of only inside the mosque. یہاں تو precincts کی بھی بات کی گئی ہے۔

**چوہدری شجاعت حسین:** سیاسی جلسہ نہیں ہونا چاہیے۔

UNSTARRED QUESTION

16. **Dr. Abdul Hayee Baloch:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) the number of residential schemes so far launched by the Cantonment Board in the area of Quetta Cantt; indicating also the name of scheme with date of launching, number of plots with sizes in each scheme, names of allottees and the rate per sq. feet separately in each case;

(b) the reasons for not finalising so far the allotment of plots of Shahbaz Town Phase-IV Quetta Cantt; and

(c) the amount deposited in advance, by the applicants/allottees of Shahbaz Town Phase-IV with dates separately in each case?

**Minister for Defence:** (a) Cantonment Board Quetta has so far launched 5 Housing Schemes, comprising 2585 plots of different sizes as under:-

| S. No. | Name of Scheme | No. of plots & size | Date of launching |
|---|---|---|---|
| 1. | Model Town Extension I & II | 66 Nos (Ranged from 280 to 66 Sq. yds.) | 12-07-1979 |
| 2. | Shahbaz Town, (Phase I, II, III and IV) | 640 Nos (Ranged from 25 to 250, 250, to 375 & 375 to 600 sq. yds.) | 05-03-1979 |
| 3. | Jinnah Town. | 1415 Nos. (Ranged from 120 to 240, 240 to 400 & 400 to 600 sq. yds.) | 02-07-1983 |
| 4. | Gulistan Town | 413 Nos. (Ranged from 200 to 300 & 300 to 500 sq. meters). | 17-11-1983 |
| 5. | Toghi Housing Scheme. | 51 Nos. (Ranged from 150 to 300, | 12-03-1987 |

Plots in above Schemes were not allotted, instead plots were publically auctioned as per rules after suitable intervals and fetched different rates per sft. in each Scheme for each plot. As such tabulating of the premium, names of highest successful bidder, bid money, date of its receipt and rate per sft fetched in case of each plot sanctioned by the Government is very difficult at such a short notice. As such, detailed information required will be provided in due course of time.

(b) Plots were not allotted in Shahbaz Town phase IV, Quetta Cantt. Instead 111 plots were auctioned publically after wide publicity locally and through Newspapers in 1985. Auction of these plots stnds finalized. The competent authority to approve the highest bids is the Government in the Ministry of Defence who have not approved the highest bids and the Cantonment Board Quetta has been advised to re-auction these plots *vide* letter No. 43/65/Lands/ML&C/88, dated 13-11-1988. As the highest bidders had filed a civil suit against the Cantt. Board Quetta and the Government, the plots could not be re-auctioned. The Lower Court dismissed their case in favour of Cantonment Board Quetta on 26-02-1990 but the bidders filed an appeal in the High Court of Balochistan Quetta which was also dismissed on 23-04-1991. The bidders filed an appeal in the Supreme Court of Pakistan against the verdict of the High Court but again it was dismissed on 4-7-1993. Most of the bidders have been refunded their bid money/10% advance premium except a few cases in which they have not approached the Cantonment Board for refund of their money.

(c) The detail of amount deposited by the above mentioned 111 highest bidders of plots in Shahbaz Town Phase IV, with the number of plot, area,

name of highest bidder, amount of highest bid and date of deposit of advance money in each case is given in the enclosed Annexure.

**ANNEXURE**

| S.No. | Plot No. | Area. | Highest Bidder. | Amount of Bid. | Amount of premium deposited in advance. | Receipt No. & Date. |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 1-D. | 48.68 Sq.meter | Mr. Ishrat Aziz. | Rs.17500/- | Rs.17500/- | 72/35371 dt.29.9.85. |
| 2. | 2-D. | 83.61 -do- | - do - | Rs.30000/- | Rs.30000/- | 73/35371 dt.29.9.85. |
| 3. | 3-D. | -do- | Mr.Qasir Aziz for Norani Trader. | Rs.29300/- | Rs.19300/- | 77/35371 dt.23-9.85. |
| 4. | 4-D. | -do- | Mr. Musarat Aziz. | Rs.29500/- | Rs.29500/- | 78/35371 dt.23-9.85. |
| 5. | 5-D. | -do- | - do - | Rs.29200/- | Rs.29200/- | 81/35371 dt.23-9.85. |
| 6. | 6-D. | -do- | Mr. Muhammad Sarwar. | Rs.29600/- | Rs.29600/- | 82/35371 dt.23-9.85. |
| 7. | 7-D. | -do- | Mr, Muhammad Gul. | Rs.29200/- | Rs.29200/- | 83/35371 dt.23-9.85. |
| 8. | 8-D. | -do- | Mr. Naeem Ahmed. | Rs.29500/- | Rs.29500/- | 84/35371 dt.23-9.85. |
| 9. | 9-D. | -do- | Mr. Naveed Ahmed. | Rs.30000/- | Rs.30000/- | 85/35371 dt.23-9.85. |
| 10. | 10-D. | -do- | Ghulam Hussain. | Rs.30200/- | Rs.30200/- | 86/35371 dt.23-9.85. |
| 11. | 37-D. | -do- | Israr Ahmed for M. Gul. | Rs.29500/- | Rs.29500/- | 87/35371 dt.23-9.65. |
| 12. | 11-D. | -do- | Tufail Ahmed. | Rs.31500/- | Rs.31500/- | 74/35371 dt.23-9.85. |
| 13. | 12-D. | -do- | Tufail Ahmed. | Rs.32000/- | Rs.32000/- | 76/35371 dt.23-9.85. |
| 14. | 38-D. | 62.70 | Akram Ahmed for Muhammad Gul. | Rs.23000/- | Rs.23000/- | 88/35371 dt.23-9.85. |
| 15. | 39-B. | 212.09 Sq.meter | Dost Muhammad. | Rs.65500/- | Rs.65500/- | 70/35371 dt.23-9.85. |
| 16. | 40-B. | 200.66 | Mst. Gulfam Begum.for G.R.Khan | Rs.61500/- | Rs.61500/- | 68/35371 dt.23-9.85. |
| 17. | 41-B. | -do- | Shafaat Rasool. | Rs.62600/- | Rs.62600/- | 79/35371 dt.23-9.85. |
| 18. | 42-B. | -do- | Ghulam Rasool Khan. | Rs.63400/- | Rs.63400/- | 80/35371 dt.28-9.85. |
| 19. | 73-A. | 334.44 | Haji Rasool Bux. | Rs.102000/- | Rs.102000/- | 12/35375 dt.29-9.85. |
| 20. | 92-A. | -do- | Khuwaja Masoom Ahmed. | Rs.103000/- | Rs.103000/- | 13/35375 dt.29-9.85. |
| 21. | 20-D | 83.61 | Pervez Zahoor for Miss Iram. | Rs.31500/- | Rs.3150/(10%) | 14/35375 dt.29-9.85. |
| 22. | 21-D. | -do- | - do - | Rs.32000/- | Rs.3200/(10%) | 15/35375 dt.29-9.85. |
| 23. | 65-B. | 160.53 | Javed Iqbal. | Rs.52000/- | Rs.5200/(10%) | 16/35375 dt.29-9.85. |
| 24. | 62-B. | 200.66 | Major Saeed Iqbal. | Rs.63000/- | Rs.6300/(10%) | 17/35375 dt.29-9.85. |
| 25. | 61-B. | -do- | Major Saeed Iqbal. | Rs.63500/- | Not deposited. | - |
| 26. | 60-B. | -do- | Javed Zafar. | Rs.61900/- | Rs.6100(10%) | 19/35375 dt.29-9.85. |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 27. | 55-D. | -do- | Ijaz Yousaf. | Rs.61500/- | Rs.6150(10%) | 20/35375 | dt.29.5.85. |
| 28. | 56-D. | -do- | -do- | Rs.63000/- | Rs.6300(10%) | 21/35375 | dt.29.5.85. |
| 29. | 57-D. | 200.66 Sq.meter. | Ijaz Yousaf. | Rs.62000/- | Rs.6200(10%) | 22/35375 | dt.29.[illegible] |
| 30. | 56-B | -do- " | Raja Muhammad Amin. | Rs.63500/- | Rs.6350(10%) | 23/35375 | dt.29.[illegible] |
| 31. | 55-B. | -do- | Raja M.Amin for Shareen Rukhsana. | Rs.72000/- | Rs.6200(10%) | 24/35375 | dt.29.[illegible] |
| 32. | 19-D. | 83.61. " | Shaukat Ali. | Rs.29000/- | Rs.2900(10%) | 25/35375 | dt.29.[illegible] |
| 33. | 50-B. | 200.66 " | Shaukat Ali. | Rs.61000/- | Rs.6100(10%) | 26/35375 | dt.29.[illegible] |
| 34. | 49-B. | -do- " | Attaur Rehman. | Rs.61000/- | Rs.61000/- | 31/35375 | dt.29.[illegible] |
| 35. | 17-D. | 83.61 " | Muhammad Maqbool. | Rs.29500/- | Rs.29500/- | 23/35375 | dt.30-[illegible] |
| 36. | 36-D. | -do- | Muhammad Gul. | Rs.30000/- | Rs.30000/- | 100/35375 | dt. 3.[illegible] |
| 37. | 29-D. | -do- | Aziz Khan. | Rs.29300/- | Rs.29300/- | 98/35371 | dt. 3.[illegible] |
| 38. | 30-D. | -do- | Aziz Khan. | Rs.29700/- | Rs.29700/- | 99/35371 | dt. 3.[illegible] |
| 39. | 13-D. | -do- | Ikram Ahmed for Ghulam M. | Rs.29500/- | Rs.29500/- | 44/35375 | dt.8-10[illegible] |
| 40. | 14-D. | -do- | Israr Ahmed for Sher M. | Rs.30000/- | Rs.30000/- | 45/35375 | dt.8.10[illegible] |
| 41. | 15-D. | -do- | Muhammad Amir. | Rs.29600/- | Rs.29600/- | 47/35375 | dt.8.10[illegible] |
| 42. | 16-D. | -do- | Muhammad Asif. | Rs.29400/- | Rs.29400/- | 48/35375 | dt.8.10[illegible] |
| 43. | 32-D. | -do- | Abdul Razaque. | Rs.31000/- | Rs.3100(10%) | 51/35375 | dt.10.1[illegible] |
| 44. | 33-D. | -do- | Muhammad Riaz. | Rs.29500/- | Rs.2950/-(10%) | 52/35375 | dt.10.1[illegible] |
| 45. | 31-D. | -do- | Haji M.Tufail. | Rs.30900/- | Rs.30000/- | 53/35375 | dt.12.1[illegible] |
| 46. | 43-B. | 240.Sq.Yds. | Zia-ul-Hassan. | Rs.66000/- | Rs.6600(10%) | 34/35380. | dt.27-1[illegible] |
| 47. | 18-D. | 100. " | Muhammad Afzal. | Rs.43500/- | Rs.4350(10%) | 36/35380 | dt.27.1[illegible] |
| 48. | 22-D. | 100 " | Haji Abdullah Jan. | Rs.42000/- | Rs.4200(10%) | 46/35380 | -do- |
| 49. | 23-D. | 100 " | -do- | Rs.42500/- | Rs.4250/-(10%) | 47/35380 | -do- |
| 50. | 24-D. | 100 " | Zia-ulHassan. | Rs.42500/- | Rs.4250/-(10%) | 45/35380. | -do- |
| 51. | 25-D. | 100 " | Abdul Rauf. | Rs.42000/- | Rs.4200/-(10%) | 49/35380 | -do- |
| 52. | 26-D | 100 " | Muhammad Anwar. | Rs.42500/- | Rs.4250/-(10%) | 52/35380. | 28-1[illegible] |
| 53. | 27-D. | 100 " | - do - | Rs.42500/- | Rs.4250/-(10%) | 52/35280 | -do- |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 54. | 29-D. | 100 " | Abdul Jamal. | Rs.42500/- | Rs.4250/-(10%) | 44/35380 | 27-1-85. |
| 55. | 34-D. | 100 " | Abdul Qader. | Rs.42800/- | Rs.4280/-(10%) | 53/35380 | 28-1-85. |
| 56. | 35-D | 100 " | Abdul Ghaffar | Rs.43000/- | Rs.4300/-(10%) | 38/35380 | 27-1-85. |
| 57. | 44-E. | 240. " | Zia ul Hassan. | Rs.63000/- | Rs.6300/-(10%) | 43/35380 | 27-1-85. |
| 58. | 45-B. | 240. Sq.Yds. | Haji Abdullah Jan. for Faqeer Mohammad. | Rs.63000/- | Rs.6300(10%) | 48/35380 | 27.10.85 |
| 59. | 46-B. | 240. " | Muhammad Anwar. | Rs.63000/- | Rs.6300(10%) | 51/35380 | 28-10-85. |
| 60. | 47-B. | 240. " | Maulvi M.Hussain. | Rs.62000/- | Rs.6200(10%) | 40/35380 | 27-10-85. |
| 61. | 54-B. | 240. " | Abdul Rauf. | Rs.62000/- | Rs.6200(10%) | 58/35380. | 29-10-85. |
| 62. | 64-A. | 340. " | Abdul Razzaq. | Rs.89500/- | Rs.8950/(10%) | 39/35380 | 27-10-85. |
| 63. | 65-A. | 400. " | Ghulam Muhammad. | Rs.105000/- | Rs.10500/(10%) | 41/35380. | 27-10-85. |
| 64. | 66-A. | 400. " | Malik Nazar Muhammad. | Rs.105500/- | Rs.10550/(10%) | 42/35380. | -do- |
| 65. | 53-B. | 240. " | Abdul Wadood. | Rs.66000/- | Rs.6600/-(10%) | 87/35380 | 4-11-85. |
| 66. | 52-B. | 240. " | - do - | Rs.65500/- | Rs.6550/-(10%) | 88/35380. | -do- |
| 67. | 51-B | 240. " | Ejaz Ahmed. | Rs.73000/- | Rs.7300/-(10%) | 81/35377 | 29-10-85. |
| 68. | 67-A. | 400. " | Javed Akhtar. | Rs.106000/- | Rs.10600/(10%) | 10/35382 | 11-11-85. |
| 69. | 68-A. | 400. " | Maqbool Ahmed. | Rs.106500/- | Rs.10650(10%) | 4/35382 | 10-11-85. |
| 70. | 69-A. | 400. " | Mohammad Akram. | Rs.105500/- | Rs.10550(10%) | 5/35382 | 10-11-85. |
| 71. | 72-A. | 400. " | Agha Shah Nawaz. | Rs.105500/- | Rs.10550(10%) | 6/35382 | -do- |
| 72. | 74-A. | 400. " | M. Jamal Ahmed,N.Farooq. | Rs.105000/- | Rs.10500(10%) | 24/35382 | 11-11-85. |
| 73. | 75-A | 400. " | M/S Mohammad Jamal,N.Farooq Ahmed. | Rs.105000/- | Rs.10500(10%) | 24/35382 | 11-11-85. |
| 74. | 76-A. | 400. " | Muhammad Nasir. | Rs.106500/- | Rs.10650(10%) | 25/35382 | -do- |
| 75. | 90-A | 400. " | Shakeel Ahmed. | Rs.106000/- | Rs.10600(10%) | 26/35382. | -do- |
| 76. | 91-A. | 400. " | Mohammad Wakeel. | Rs.106500/- | Rs.10650(10%) | 29/35382 | -do- |
| 77. | 77-A | 400. " | Hazoor Shah. | Rs.105000/- | Rs.10500(10%) | 28/35382 | -do- |
| 78. | 83-A | 273.33 " | Abdul Ghaffar for Bashir Begum. | Rs.69000/- | Rs.6900/(10%) | 16/35382. | -do- |
| 79. | 88-A. | 400.Sq.Yd. | Muhammad Akram. | Rs.105500/- | Rs.10550(10%) | 14/35382 | -do- |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 80. | 89-A. | 400.Sq.Yds. | Ch.Faiz Ali. | Rs.105500/- | Rs.10550(10%) | 45/35382 | 13-11-85. |
| 81. | 48-B. | 240 " | Abdul Ghaffar. for Bashir Begum. | Rs.64000/- | Rs.6400/(10%) | 44/35382 | -do- |
| 82. | 71-A | 400 " | Talaha Ejaz. | Rs.106000/- | Rs.10600(10%) | 63/35382 | -do- |
| 83. | 112-C. | 113.12 " | M.Gulzar for Sarwar. | Rs.29000/- | Rs.2900/(10%) | 70/35382 | 16-11-85. |
| 84. | 111 | 139.27 " | Muhammad Gulzar for Sarwar. | Rs. 35000/- | Rs.3500/(10%) | 70/35382 | -do- |
| 85. | 93-A. | 400 Sq.Yd. | Masoom Khan. | Rs.110000/- | Rs.11000(10%) | 32/35384. | 23-11-85. |
| 86. | 94. | 400 " | -do- | Rs.114000/0 | Rs.11400(10%) | 33/35384 | -do- |
| 87. | 95. | 400 " | Sher Alam. | Rs.108000/- | Rs.10850(10%) | 34/35384 | -do- |
| 88. | 96. | 400 " | Zahidullah for Yasmin. | Rs.114000/0. | Rs.11400/(10%) | 29/35384 | -do- |
| 89. | 81 | 400 " | Masoom Khan. | Rs.114000/- | Rs.11400/(10%) | 35/35384 | -do- |
| 90. | 82 | 346.66 | Jalees Ahmed. | Rs.93000/- | Rs.9300/-(10%) | 30/35384. | -do- |
| 91. | 84. | 400. " | Masoom Khan. | Rs.107000/- | Rs.10700/(10%) | 36/35384 | -do- |
| 92. | 85-A | 400. " | Abdul Ghani. | Rs.107000/- | Rs.10700/(10%) | 31/35384 | -do- |
| 93. | 87- | 400. " | Lt.Col.Ajmal Khan. | Rs.105000/- | Rs.10500/(10%) | 100/34457 | 4-12-85. |
| 94. | 102 | 397.15 | Masoom Khan.for Azam Khan. | 105000/- | Rs.10500/(10%) | 91/35385 | 29-12-85. |
| 95. | 103. | 349.37 | Azam Khan. | Rs.91000/- | Rs.9100/-(10%) | 90/35385 | -do- |
| 96. | 108 | 218.12 | Masoom Khan for Dr. Muhammad Pervez. | Rs.59000/- | Rs.5900/-(10%) | 92/35385 | -do- |
| 97. | 109. | 191.87 | Masoom Khan for Dr. Muhammad Akram. | Rs.50000/- | Rs.5000/-(10%) | 93/35385 | -do- |
| 98. | 86-A. | 400. " | Dr.Abdul Ghafar. | Rs.108000/- | Rs.10800/(10%) | 96/35385 | -do- |
| 99. | 101. | 416.67 | Abaidullah. | Rs.112000/- | Rs.11200/(10%) | 94/35385 | -do- |
| 100. | 107 | 244.37 | Hanif Mazari. | Rs.64000/- | Rs.6400/-(10%) | 95/35385 | -do- |
| 101. | 99-A. | 400. " | Masoom Khan. | Rs.108000/- | Rs.10800ø(10%) | 98/35385 | -do- |
| 102. | 100.A | 400. " | -do- | Rs.108500/- | Rs.10850/(10%) | 99/35385 | -do- |
| 103. | 104. | 323.12 | Dr.Azim ullah Asif. | Rs.85500/- | Rs.8550/-(10%) | 100/35385 | 30-12-85. |
| 104. | 70-A. | 400.Sft. | Abdul Wadood. | Rs.115500/- | Rs.115500/- Not deposited. | | |
| 105. | 71-A | 400. | Thalba Ejaz | Rs.106000/- | Rs.106000/- | 63/35382 | 14-11-85. |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 106. | 78-A | 400 | Thalha Ejaz forIqbal H. | Rs.105000/- | Rs.10500/- | 97/34457 | 4-12-85. |
| 107. | 79-A. | 400 | Kh.Dawood Masud. | Rs.105500/- | Rs.105500/- | 47/35382 | 13-11-85. |
| 108. | 80-A. | 300 Sft. | Agha Wajid. | Rs.105500/- | Rs.10550/- | 62/35382 | 14-11-85. |
| 109. | 105-C. | 216.87 | M.Shuja Hussain. | Rs.79000/- | Rs.10550/- | 47/35382 | 13-11-85. |
| 110. | 98-A | 400.Sq.Yds. | Kh.Kamran. | Rs.105000/- | Rs.10500/- | 61/35382 | 14-11-85. |
| 111. | 97-A | 400. " | Riaz Ahmed Khan | Rs.105500/- | Rs.10550/- | 98/34457 | 04-12-85. |

Cantonment Executive Officer,

Mr. Chairman: O.K. End of Question Hour. Leave applications.

## LEAVE OF ABSENCE

**جناب چیئرمین:** جہانگیر بدر صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کو درخواست منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** ثناء اللہ زہری صاحب نے بعض ناگزیر مصروفیات کی بنا پر مورخہ دو تا تیرہ اگست کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

## POINT OF ORDER

### RE: ARREST OF A MNA AND A MPA BELONGING TO NWFP.

**جناب چیئرمین:** جناب بشیر صاحب۔

**جناب بشیر احمد مٹھ:** جناب! میں دو بہت ضروری مسائل آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں، very dangerous and ominous developments which have taken place in the short time between we held the meeting yesterday and today. ایک یہ ہوا ہے کہ ہمارے ایک MNA حاجی رحمٰن اللہ خان اور ایک MPA محمد شعیب خان کو صوابی سے گرفتار کیا ہے، ان کو گرفتار اس لئے کیا گیا ہے کہ وہاں high level Pehoore Canal کی construction ہو رہی ہے۔ اس کے لئے جو زمینیں گورنمنٹ نے لی ہیں وہ ایک طرح سے لوگوں سے extort کی ہیں، اونے پونے قبضہ کیا ہے۔ پھر وہاں کے لوکل لوگوں کو مزدوری کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں تو اس کے خلاف وہاں لوکل لوگوں نے ایک hunger strike camp قائم کیا اور اس نے ایک عوامی صورت اختیار کی اور یہ وہاں کے locals ہیں، صوابی کے representative ہیں۔ آپ آتے ہیں، ایک جگہ کام کرتے ہیں، ان لوگوں سے ان کا حق چھینتے ہیں اور پھر کام بھی نہیں دیتے۔ جب اس معاملے نے صورت حال خراب اختیار کی کیونکہ سخت عوامی

resentment تھا تو ان دونوں، MNA اور MPA کو Deputy Commissioner نے اپنے دفتر میں invite کیا کہ اس کے بارے میں negotiation کی جائے اور یہ good intention کے ساتھ اس لئے وہاں گئے کہ اس کا کوئی تصفیہ ہو جائے۔ وہاں Commissioner اور DIG بھی آئے اور ان کو گرفتار کر لیا گیا۔

یہ Leader of the House میرے محترم بیٹھے ہیں، بہت ہی سلجھے ہوئے انسان ہیں اور انصاف پسند ہیں، آپ بتائیں آپ کے western Frontier پر کیا حالات ہیں، سوا جنازے یہاں پڑے ہوئے ہیں، اپنے آپ کو کارگل کی وجہ سے تقریباً جنگ کی حالت میں ملوث کر لیا ہے اور اپنے لوگوں کے ساتھ آپ کا یہ سلوک ہے۔ پھر میرے بھائی بھنڈر صاحب کھڑے ہو گئے اور آپ نے فرمایا کہ ہمیں یہاں پر بھائی چارے کا atmosphere قائم کرنا چاہئیے۔ آپ کس طرح بھائی چارے کا atmosphere قائم کر سکتے ہیں کہ آپ ایک political party کو اس لئے victimise کرنا چاہتے ہیں کہ آپ نے ایک imported وزیر اعلیٰ ان پر impose کیا ہوا ہے جو ان کو victimise کرتا ہے اور آپ کی sympathy کے ادارے ان کے سارے حقوق چھین رہے ہیں۔ یہاں پر کوئی question ایسا نہیں آتا جس میں چھوٹے صوبوں کی حق تلفی کی بات نہ ہو، جس میں یہ عنصر نہ ہو۔ ایک طرف تو آپ یہ کر رہے ہیں۔ یہ تو آپ اپنے گھر کو خود آگ لگا رہے ہیں۔ انڈیا والے اس سے کیا سبق اخذ کریں گے۔ یہ نرم باتیں نہیں ہیں، آپ کے کردار پر depend کرے گا۔ ہم سب چھوٹے صوبوں کے لوگ اس کے خلاف ہیں۔ سارے اپوزیشن والے سخت احتجاج کرتے ہیں اور ہم حکومت سے کہتے ہیں کہ ہوش کے ناخن لیں۔ اگر ان کی یہ پالیسی قائم رہے گی تو اس ملک کی وحدت کو خطرہ ہے۔ یہ راولپنڈی والے پتا نہیں کہاں سے ابھرے ہیں، بہت سے لوگ ابھرے۔ ضیاء الحق صاحب کی برسی منائی جا رہی ہے، یہ کوئی بری بات نہیں ہے۔ ان کے والد صاحب جالندھر میں سبزی بیچتے تھے، اچھے آدمی تھے، سبزی بیچتے تھے، مزدوری کرتے تھے۔ یہ Commander in Chief بن گیا۔ آپ کو پتا ہے کہ میرا رشتے دار بھی آرمی میں ہے، وہ اپنی وردی اچھی طرح نہیں رکھ سکتے کیونکہ ان کا پیسہ up keep پر خرچ ہوتا ہے۔ جو تنخواہ ان کو ملتی ہے اس سے بوٹ پالش کرنے پر زیادہ لگتی ہے۔ اس کا بیٹا آج ارب پتی ہے، pontiff بن گیا ہے اور preaching بھی کر رہا ہے۔

ایک طرف تو آپ نے کچھ لوگوں کو ہمارے حقوق دے کر انہیں غصب کرا دیا ہے پھر ہم پر اپنے ہی ملک میں ظلم کرتے ہیں۔ ہم اس کے خلاف سخت ترین احتجاج کرتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ ان کو جلد سے جلد رہا کیا جائے۔ اگر نہیں کیا تو میں حقیقتاً کہتا ہوں کہ اس کے خطرناک consequences نکلیں گے اور آپ ذمہ دار ہوں گے۔

## (ii) RE: DEPARTURE OF RELIGIOUS STUDENTS FOR AFGHANISTAN TO STRENGHTEN THE TALIBAN FORCES.

جناب! دوسری بات بھی اتنی ہی خطرناک ہے۔ آپ کے "News" اخبار والے یہاں بیٹھے ہوں گے۔ انہوں نے خود لکھا ہے "Over 5,000 religious students leave for Kabul". ہمارے پختونخواہ صوبے سے 5 ہزار millitant اور عام لوگوں کے قافلے تین دنوں سے جانا شروع ہو گئے ہیں یا جانے والے ہیں، کہاں سے؟ مدارس پاکستان میں ہیں، جو لوگ چلا رہے ہیں وہ پاکستانی ہیں۔ Students میں کچھ افغان ہیں، کچھ پاکستانی ہیں۔ اس میں لکھا ہے کہ ان کو ان کے والدین نے certificate دیا ہے کہ آپ جا کر جہاد میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر کوئی باپ اپنے بچے کو certificate دے دے کہ آپ گلی میں جا کر لوگوں کو قتل کریں تو حکومت کہے گی کہ certificate دیا ہے جی۔ میں یہ کہتا ہوں، جیسے میں نے کہا اور آپ کے پریس نے میری speech black out کی، اس وجہ سے black out کی کہ میں نے کہا کہ اگر آپ افغانستان میں اپنا ہاتھ ڈالیں گے تو ایسے ٹوٹے گا جیسے ہندوستان کی طرف سے نہیں ٹوٹا کیونکہ افغانستان کی طرف سے ایسا repercussion ہو گا، ایسے عوام سامنے آئیں گے، ایسی آگ بھڑکے گی جس کو روکنے میں آپ ناکام ہوں گے۔ دیدہ دانستہ آپ تباہی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ آپ کو تھوڑا سا qoute کرتا ہوں۔ جناب! آپ دیکھیں، بڑا article ہے

"this ominous development and they are not supposed to pay just lip service to this".

آپ کا Foreign Minister بے چارہ اپنی تقریر لکھ رہا ہو گا، اپنے منشی کو بتایا ہوا ہے، وہ تقریر لکھے گا۔ آپ کے ملک میں statesmanship ہے، وہ کہاں ہے، اس میں لکھا ہے

"Students leaving for Afghanistan also include Pakistani nationals. They have to show the willingness of their paretns", said another Taliban source to go to Afghanistan.

اس کے بعد یہ لکھا ہے یعنی اس کی تفصیل لکھی ہے، کچھ پشاور سے جا رہے ہیں۔

Another one thousand Taliban from 'Dar-ul-aloom-e-Haqania' in Akora Khattak about 50 kilometer from Peshawar, left in 25 vehicles from Batakhan border.

پھر اس کے بعد لکھا ہے کہ

750 students of 'Dar-ul-aloom' at Zargari on the outskirts of Hangu were despatched to eastern Khost, Province of Afghanistan. Then it is written. A total of 2500 students have already left --

اور پھر لکھا ہے کہ They will travel directly to the fronts. آپ مجھے بتائیں مداخلت کس کو کہتے ہیں؟ یہاں خارجہ وزارت ہے، داخلہ وزارت ہے، دفاع کی وزارت ہے، یہاں agencies ہیں۔ اس قسم کی transparent, blatant intervention آپ ایک اور ملک میں کر رہے ہیں۔ کل جب کچھ ہوگا، آپ امریکہ جائیں گے تو آپ کہیں گے کہ ہمارے ملک میں مداخلت ہوئی۔ اس میں چین آپ کی کیا مدد کرسکتا ہے، ایران کیا مدد کرسکتا ہے۔ جب آپ intervention کرتے ہیں آپ کے سارے اخباروں نے لکھا ہے ---

to these two developments are in fact --- they are the first rudimentary blue prints for the destruction of this country.

اور یہ رائے ونڈ والے، اگر انہوں نے یہ ایجنسی لی ہے کہ اس ملک کو destroy کریں گے تو میرے خیال میں ان کے principles کو میں ابھی سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں آپ کو کہتا ہوں کہ آپ ان روشوں کو ٹھیک کریں۔ اپنے چھوٹے صوبوں کے عوام کو مت repress کریں۔ آپ کس منہ سے کشمیریوں کی بات کرتے ہیں جب آپ پختونوں کو، سندھیوں کو، بلوچوں کو اس ملک میں repress کر رہے ہیں۔ آپ نے ایک gang بنایا ہوا ہے، ایک بالادست ruling clique بنائی ہوئی ہے which tries to usurp our rights and strifle our voice. ہم یہاں بات کرتے ہیں آپ سے تو وہ آپ black out کرتے ہیں۔ کیوں black out کرتے ہیں تاکہ لوگوں کو وہ بات پتا نہ چلے جو ان کو پتا چلنا چاہیئے and the whole machinery at the upper level, that is in hand and glove with each other.

پھر اس کا کیا نتیجہ نکلے گا آپ کو خود ہی اس کا بہت افسوس ہوگا اور پھر اس کا کوئی علاج نہیں ہوگا۔

جناب والا! میں ان دونوں ominous developments کے خلاف اپنی پارٹی، چھوٹے صوبوں اور پارلیمنٹ کی اپوزیشن کی طرف سے سخت protest کرتا ہوں۔ ہمیں ایک تسلی بخش جواب دیا جائے ورنہ ہم واک آؤٹ کریں گے۔

Mr. Chairman: Qazi Muhammad Anwar.

Qazi Muhammad Anwar: Sir, there are two or three incidents. The first incident is very unfortunate. The Constitution guarantees the freedom of speech, the freedom of association, the freedom of expression. Sir, this is on record that there was a hunger strike camp, protesting against the attitude of a private company. It is a company, in fact it is a company which has been given the contract of the construction of the "Pehoore". Sir, for this, land was acquired under the provisions of the Land Acquisition Act, compulsory acquisition on cheaper rate. The protest was that the company should have negotiated the price. There were two protests sir. These are the lands producing tobacco. This is the area where tobacco is produced, the cash crop. Sir, I am not saying this for publicity by the press. Let me make one thing more clear that the press has never published, I have never protested, I am their colleague, I treat myself as a part of them and therefore, I will never complain, never protest against the press, I am part of them and they are part of me because I belong to working class. I have come from the working class. I am still member of the working class and I take pride to say that I am a person who is selling his mental labour. Sir, I was telling you that these lands produced tobacco, cash crop. Sir, you will be surprised that though it is adjacent to Mardan in Sawabi, there is no land lord. In Sawabi there is no feudal lord, there are petty land owners. Now petty land owners were deprived of their land under the compulsory acquisition, state acquired. The first grievance of the people was they wanted negotiated price· that let the company negotiate with us and purchase the land on prevailing market rate. This was denied to them. Now, once the construction is started the local people even a labourer, a driver, the skilled or unskilled labourer, I am not claiming they should be managers, I am not saying that they should be general managers, I would not say that should be

Incharge of the Campany, but at least these Pashtoons have the right to be the skilled and unskilled labourer. Even skilled and unskilled labourer was imported there. Apart river Indus, now river Indus is a part of Punjab, you know Punjab is at that side, we live on that side of Indus and the labourers were imported from a part, the reason was the General Manager is a Punjabi. The Punjabi General Manager imported the labourers from Punjab, and he said that they are the better skilled and unskilled labourers. Sir, on this there was a public protest. Now sir, see the attitude of the administration. Sir, yesterday there was a meeting at Swabi, I was apprised by my party since Bashir Matta wanted to stay. In fact last night the party apprised me of the entire facts what happened. The facts were that the DC invited the public representatives for a dialogue, for negotiation and this a must. He invited our MNA and our MPA both, that they should come and he is inviting the representatives of the company for negotiation, for bilateral negotiations. Sir, for this bilateral negotiation our MNA Rehmanullah and MPA Mr. Shoaib both went to the office of the DC. There Commissioner and DIG also came. Both of them were arrested there under Section 3 of the MPO. Sir, you know it and none better than your honour knows it that there is a requirement for applying Section 3 of the MPO. There has to be grounds of detention. There has to be an order of detention. There has to be an order of not only arrest but of confinement. These two public representatives were arrested, were ordered to be shifted immediately to DI Khan. Now Sir, look at it. Arrested from Swabi, and now ordered to be shifted immediately to DI Khan and confined in "C" class, like criminals. I checked this morning from DI Khan jail, that was why I was late. I rang up the Superintendent of jail, he said, "yes I have received them late in the night and I have put them in a barrack with "C" class prisoners". One MNA and one MPA with criminals. Now sir, you know

the requirement of informing the Speaker, the Speakers of the Assemblies are subsequent, the mannar in which they were arrested, this will provoke the things what I am afraid of, this will not ease the situation. Let us work for easing the situation, for defusing the situation. I don't know where the wisdom has gone. The wisdom should have been that through these public representatives my MNA and MPA, you could have defused the situation. You could have, because they were the only people who could communicate with those hunger strikers. What they did? They took them and what is happening today. Now today there is a warning, "if you don't release them within 24 hours---," this is our press. This is according to the "News" and "Jang", both that, "we will block Swabi- Jehangira road, Swabi-Mardan road". Is it the wisdom? And then what will happen? There will be tear gas, there will be firing, there will be casualties. People will be killed, people will be injured. Would it defuse the situation? Sir, wisdom should prevail. Sense should prevail. Patience should prevail. Let's understand the problem, that you need attending the problem not aggravating the problem, not showing your highhandedness, not showing your authority that somebody sitting in Peshawar calling himself the Chief Minister. They said that these were orders of the Chief Minister that arrest MNA and MPA. Could it solve the problem? it is not the solution. This is not the wisdom.

Then sir, what has been our stand throughout in Afghanistan? Sir, just a week back, the representative of the Secretary General of the UNO who made a statement after a dialogue with the parties in Afghanistan...

جناب چیئرمین۔ ذرا مختصر کریں۔ یہ بات ہو چکی ہے۔

Qazi Muhammad Anwar: Sir, that is very important.

جناب چیئرمین۔نہیں۔ بات پہلے ہو چکی ہے۔

Qazi Muhammad Anwar: Sir, I am saying in an historic context. Sir, I am never emotional. I would not loose temper. I will also start in the sense which should prevail in us and just to understand the writing on the walls, I am sure all of us are not blind, you can read it, I can read it at least with my week eye sight. What I am saying is, if I say there is an interference, it can be ignored, if we say there is an interference, that can be ignored. The representative of the Secretary General of the UNO, after that meeting at Tashkent, said that these meetings cannot be fruitful unless interference from Pakistan stops. This was contradicted by Mr. Sartaj Aziz in press and it should have been contradicted. It was a statement by a very responsible man laying the charge of interference and accusation against Pakistan. What we do now, this today's publication of despatch of a fresh contingent of five thousand Taliban. Taliban on this side to assist the Taliban on that side, would it not amount to interference in Afghanistan? Sir, they are Pashtoons. This is on my border. What I am apprehending is war, you cannot curtail that side then. Sir, please read on the walls. This war is coming and would be stretched to this side. That would be more dangerous and perhaps this is what Bashir Matta was hinting that India perhaps cannot disintegrate us, India perhaps cannot damage us that much as our interference in Afghanistan can do.

Thank you very much.

جناب چیئرمین۔اب بات ہو چکی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر اسی پر بار بار ------

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ اچھا' زاہد خان صاحب۔ مطلب یہ ہے کہ آج باقی نہیں کرنا چاہ رہے۔

ڈاکٹر عبد الحئی بلوچ۔ نہیں سر، کریں گے۔ یہ تھوڑا سا ہے۔

جناب چیئرمین۔ میں اس لئے چاہ رہا ہوں کہ ایجنڈا آپ کا ہے۔ میں چاہ رہا تھا کہ اس پر بات ہو۔ اگر نہیں کرنا چاہ رہے ہے تو ٹھیک ہے۔ پہلے زاہد صاحب کرلیں۔ اب تفصیل آ چکی ہے، زاہد خان صاحب زیادہ لمبا نہ کریں۔

جناب محمد زاہد خان۔ ٹھیک ہے۔ لیکن جب یہ سیشن شروع ہوا، اس دن ہی میں نے on the floor of the House ایک بات کی کہ ہمارے ملک میں concept of Pakistan ختم ہو رہا ہے اور concept of Punjabistan شروع ہو رہا ہے۔ تو یہاں جو ہمارے وزیر صاحبان بیٹھے تھے ان میں سے کسی نے اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں دی۔ کچھ دیکھ ہی نہیں رہے۔ بدبختی یہ ہے کہ جب پانی سر سے اونچا ہو جاتا ہے پھر ہم آنسو بھی بہاتے ہیں، salutes بھی مارتے ہیں، روتے بھی ہیں لیکن پھر وہ موقع ضائع ہو چکا ہوتا ہے۔ جو ہمیں پہلے کرنا ہوتا ہے وہ بعد میں نہیں ہو سکتا۔ رونے پیٹنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا ہے۔

ہمارے ملک میں اس وقت پاکستان کا concept نہیں ہے۔ یہاں Punjabistan چل رہا ہے۔ ایک چھوٹا سا مسئلہ میں نے سپورٹس کا اٹھایا تھا کہ سپورٹس کے سارے headquarters لاہور میں ہیں۔ صرف ایک کمپنی یہاں ہے جو Peshawar Motorway پر کام کر رہی ہے جسکا نام بھی Peshawar Motorway ہے۔ اس کے لئے بھرتی کہاں سے ہو رہی ہے، پنجاب سے ہو رہی ہے۔ زمینیں کس کی ہیں، کس غریب علاقے سے گزر رہی ہے۔ وہاں پر لوگ نہیں ہیں جنہیں نوکریاں مل جائیں۔ یہاں سے آپ بھرتی کر کے بھیج رہے ہو۔ وہاں کے ایم این اے یا وہاں کے عوام اگر protest کرتے ہیں تو آپ کے وزیر اعلیٰ؛ جس کا صحیح پتا بھی نہیں کہ وہ کہاں کا ہے، کشمیری ہے، پنجابی ہے، یہ اس کا محل وقوع بھی بیان نہیں کر سکتے کہ وہ کہاں سے آیا ہے، وہاں مسلط ہو کر MNAs کو، MPAs کو جیل میں ڈالتے ہیں اس لئے کہ Pehoore canal جو چائنہ کمپنی والے بنا رہے ہیں وہ اس کے بارے میں عوام کے لئے protest کر رہے ہیں۔ وہاں نوکری کی بات کی جائے تو ان کو جیلوں میں ڈالا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔ اب عاقل شاہ صاحب۔

جناب محمد زاہد خان۔ آپ دو منٹ اور دے دیں۔ یہ ہمارا مسئلہ ہے۔

**جناب چیئرمین۔** دیکھیں، یہ ایسا issue نہیں ہے کہ بہت urgent ہے کہ اس کو ----
دیکھیں، انہوں نے ایک urgent issue اٹھایا ہے۔

**جناب محمد زاہد خان۔** یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

**جناب چیئرمین۔** اہم تو سارے مسئلے ہوتے ہیں لیکن بات کرنے کے طریقے ہوتے ہیں۔

**جناب محمد زاہد خان۔** جناب! آپ میری عرض سنیں۔ میں آپ کی توجہ مبذول کراتا ہوں کہ کل آپ ہمارے لئے production order جاری کریں گے کیونکہ یہ ہمارے صوبے کا اور ہمارے عوام کا مسئلہ ہے۔ ہم بھی جائیں گے، ہم بھی احتجاج میں شریک ہوں گے اور پھر یہاں سے آپ بھی ہمارے لئے production order جاری کریں گے جب ہم جیل میں ہوں گے۔

اس لئے میں یہ بات آج آپ پر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو منسٹر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، جو "پنجابستان" بنا رہے ہیں، جو پاکستان کا پیسہ خرچ کر کے یہاں "پنجابستان" چلا رہے ہیں، ان کی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں کہ کل کوئی یہ نہ کہے کہ ہم نے نہیں کہا تھا۔ کل جب مجیب آ رہا تھا تو غدار تھا، آج مجیب کی قبر پر جا کر آنسو بہائے جا رہے ہیں، ان کی بیٹی کو سلیوٹ مارا جا رہا ہے۔ جناب! آپ اس ہاؤس کے custodian ہیں، یہاں پر چھوٹے صوبے equal representation سے آئے ہیں، یہ روتے پیٹتے ہیں، ان کو questions کے جوابات نہیں ملتے۔ ایک سوال بھی مجھے بتا دیں کہ پنجاب سے آیا۔ سارے سوالات چھوٹے صوبوں سے آتے ہیں اور جو ان کی اپنی معروضات ہیں، جو اپنے مطالبے ہیں، ان کو دھراتے ہیں، یہاں سے اس پر کوئی جواب نہیں ملتا۔ وہاں پر ہمارے علاقے میں غریب لوگ ہیں۔ یہاں سے آپ لوگ بھرتی کر کے ان کے سروں پر بٹھا دیتے ہیں۔ ہم اس کو accept نہیں کریں گے۔ آج ان کو گرفتار کیا ہے، کل ہم بھی جائیں گے۔ ہم ایسا کرنے نہیں دیں گے۔ یہاں پر میں نے بات کی کہ پنجاب کی constabulary آپ نے بٹھائی ہے۔ ہمیں تو آٹا بھی نہیں دے رہے ہیں۔ ہم کہتے ہیں ہمارے صوبے میں آٹا مہنگا ہے، پنجاب میں سستا ہے۔ پنجاب والے subsidy دے رہے ہیں، ہمارے صوبے میں ٹریکٹر مہنگا ہے اور پنجاب میں سستا ہے۔ پنجاب والے یہ پیسہ کہاں سے لا رہے ہیں؟ کیا ہمارے والے کے پاس نہیں ہے۔ یہ "پنجابستان" نہیں ہے تو اور کیا ہے کہ پنجاب میں ہر چیز سستی ہے لیکن میرے صوبے میں مہنگی ہے۔ یہ کیوں؟ کیا وہ پاکستانی نہیں ہیں؟ کیا وہ مسلمان نہیں ہیں؟ کیا ان کا اس مٹی پر حق نہیں ہے؟ جہاں پر جنگ ہوتی ہے وہاں تو اسلام کے نام پر ہمیں بھیجتے ہو، وہاں تو ہمارے علاقے آتے ہیں، وہاں تو

آپ کے علاقے آتے نہیں۔ آپ تو باہر جاتے ہیں۔ آپ تو شوگر کی تجارت کی لئے ہندوستان سے صلح کرتے ہیں۔ اگر جناب! ہمیں صحیح جواب نہ ملا تو ہم walk out کریں گے۔

**جناب چیئرمین۔** عاقل شاہ صاحب۔ پہلے میں ان کی بات سن لوں پھر آپ کی بات سنتا ہوں۔ اس کا مطلب ہے کہ آج باقی کام آپ نہیں کرنا چاہ رہے۔ حبیب جالب صاحب کی تقریر تھی I wanted کہ بھئی ہو جائے۔ جی فرمائیے۔

**سید عاقل شاہ۔** جناب! میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جو صوابی کا مسئلہ ہے یہ شروع کہاں سے ہوا۔ I just take one minute. جناب! بات یہ ہے کہ جس وقت آپ کو foreign exchange چاہیئے تھا اور آپ نے یہ ساری لیبر Gulf state کو بھیجی تو اس وقت یہ کہا جا رہا تھا کہ پختون لیبر بہترین لیبر ہے اور یہ foreign exchange وہاں سے کما کر یہاں پر لا رہے ہیں۔ آج پختونوں کے اپنے علاقے میں جب یہ کام ہو رہا ہے تو ساری لیبر پنجاب سے منگوائی جا رہی ہے۔ انہوں نے اسی point کو اٹھایا ہے اور اس کے لئے hunger strike کی' ان کو دھوکے سے DC کے دفتر میں بلا کر گرفتار کیا گیا۔ آپ کو پتا ہے کہ جس کو سخت سے سخت سزا دی جاتی ہو اس کو ڈیرہ اسمٰعیل خان جیل پہنچایا جاتا ہے۔ جناب! ہم صرف یہ بات کرنا چاہتے ہیں کہ ہم کو اشتعال نہ دلایا جائے۔ پہلے ہی حکومت مصیبت میں ہے' خارجہ میں بھی اور interior میں بھی' ان کے لئے کافی مصیبتیں ہیں اور یہ نئی مصیبت اپنے لئے نہ ڈھونڈیں۔ ہم تو اور کوئی بات نہیں کہہ رہے۔ یہ جو انہوں نے بات کی ہے یہ defuse نہیں ہو گی' بات بڑھے گی' آج وہ صوابی روڈ بلاک کرتے ہیں' کل جی۔ ٹی روڈ بلاک کریں گے' پرسوں کوئی اور روڈ بلاک کریں گے۔ ہم سب اس کام کے لئے تیار ہیں اور ان کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر ان کا خیال یہ ہے کہ زور سے ہمیں اپنے کام سے ہٹا سکتے ہیں تو ہم تو انگریز سے نہیں دبے' یہ کیا ہیں جو ہمیں دبالیں گے۔

**Mr. Chairman:** Raja sahib, would you like to respond to him.

ایک منٹ' پہلے یہ مسئلہ حل ہو جائے پھر آپ کی بات پر آتا ہوں۔ اس کا آپ سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ ان کا مسئلہ ہے۔ Point of order پر ہر ایک point کو general debate نہ بنائیں۔ Point of order کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ہر بات کو debate بنا دیں۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین۔** بشیر صاحب! please, please اس طرح نہ کریں۔ Let me handle it

properly ایک important issue raise ہوا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: I don't think that it requires a debate, I will ask the Minister to make a response. Please Raza sahib, this is not the procedure that I follow. I don't follow this procedure, I will not allow it, I am very sorry.

چار ممبرز نے point of order raise کیا ہے۔ اب اس کا جواب منسٹر کو دینے دیں۔ O.k., that means آپ میری بات سنیں، آپ کا ایجنڈا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: O.k. I have no responsibility regarding the other agenda. You go with your agenda.

جناب ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ، جناب چیئرمین! میں مختصراً اتنا عرض کروں گا----

جناب چیئرمین، نہیں جی، بہت لمبی بات کریں۔ مختصراً کوئی نہیں، لمبی بات کریں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ، میں یہ عرض کروں گا کہ ایک طرف تو یہاں کل جو تقاریر ہوئی ہیں حکومت کی طرف سے، وہ یہ فرما رہے تھے کہ جناب! ملک مشکلات سے دوچار ہے۔ کارگل کا مسئلہ ہے، دوسرے مسائل ہیں، ہمیں مشکلات درپیش ہیں، اپوزیشن کی طرف سے تعاون ہونا چاہیئے۔ یہ باتیں سرکاری بنچوں سے ہم نے بڑے غور سے سنی ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ کے سامنے یہ ابھی کا واقعہ دوستوں نے بیان کیا ہے۔ ایک ایم پی اے اور ایک ایم این اے اس لئے گرفتار ہوئے ہیں کہ انہوں نے اصولی احتجاج کیا کہ وہاں کے جو مقامی لوگ ہیں آپ ان کو بے روزگار نہ کریں۔ یہ روزگار کا مسئلہ ہے۔ یہ ایک ضلع میں نہیں ہے، ایک صوبے میں نہیں ہے، سارے ملک میں ہے۔ اگر آپ ایک طرف کے لوگ دوسری طرف لے جائیں گے تو اس سے تو مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ فرض کرو کہ بلوچستان سے لوگ پختونخواہ میں لے جائیں تو اس سے تو اور الجھن پیدا ہوگی یا پنجاب سے سندھ لے جائیں، یا پختونخواہ سے سندھ لے جائیں گے تو اس طرح سے تو روزگار کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

جناب! گزارش یہ ہے کہ روزگار کا گھمبیر مسئلہ وباء کی صورت اختیار کرچکا ہے، جو خودکشی، خود سوزی تک جا چکا ہے، اس کا ایک مثبت حل تلاش کریں۔ اس کا حل یہ تو نہیں ہے جس طرح سے حکومت کر رہی ہے کہ کہیں کوئی کام شروع ہوا تو دوچار آدمی وہاں پر باہر سے بھرتی کردیئے، جو مقامی لوگ ہیں وہ دربدر پھر رہے ہیں۔ اس سے آپ لوگوں کے درمیان اور دوری پیدا کر رہے ہیں۔ یہ پالیسی ناعاقبت اندیشانہ پالیسی ہے۔ اس کو ترک کریں۔ پھر یہ ظلم دیکھیں کہ گرفتار کر رہے ہیں۔ یہ ان کا سیاسی، جمہوری حق ہے کہ وہ احتجاج کریں۔ حکومت کو یہ برداشت کرنا چاہیئے، چاہے وہ صوبائی حکومت ہو یا وفاقی حکومت ہو۔ لوگ جہاں سے نمائندے منتخب ہو کر آتے ہیں ان لوگوں کے لئے آواز اٹھاتے ہیں، اس کا توحق ہونا چاہیئے۔ آپ اس کا حل بھی تلاش نہیں کرتے ہیں اور پھر گرفتار کرتے ہیں۔ اس سے تو کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین! پھر دوسرا سنگین مسئلہ ہے افغانستان کا۔ میں حقیقت آپ سے عرض کر رہا ہوں۔ دیکھیں! ہم غریب ملک ہیں۔ ہمیں اپنے پاؤں چادر کے مطابق پھیلانے چاہیئیں۔ ایسا نہیں کرنا چاہیئے، ایسے عمل میں نہیں جانا چاہیئے۔ ساری دنیا کہتی ہے، امریکہ جیسی طاقت بھی کہتی ہے، اپنا مطلب حاصل کرکے وہ بھی دور ہو گئے۔ جناب! ہمیں ایک ایسی پالیسی افغانستان کے بارے میں اپنانی چاہیئے جیسی UN اپنا رہا ہے، جو اس کے تحت ہو رہا ہے اس پالیسی کی بھرپور حمایت کرنی چاہیئے۔ وہاں امن کے لئے کوشش کرنی چاہیئے۔ وہاں پر ہماری جو عملاً مداخلت ہے اس کے خاتمے کی جدوجہد کرنی چاہیئے۔ اس پر عملدرآمد کرنا چاہیئے تاکہ وہاں ایک پرامن ماحول بن جائے۔ وہاں ایک قابل قبول حکومت بن جائے۔ طالبان کی حکومت North کو کبھی بھی قبول نہیں ہوگی۔ ہم جو زور دے رہے ہیں کہ 90% علاقے پر ان کی حکومت ہے، یہ ساری خیالی باتیں ہیں۔ جناب! ہمیں اس طرف توجہ دینی چاہیئے اور یہ جو طالبان طرز کی دھمکیاں پاکستان میں لوگوں کو مل رہی ہیں کہ ادھر بھی ہم یہی صورت حال کردیں گے تو خدارا! ہمارے حکمران سوچیں، سمجھیں۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔ آپ جتنی بھی اس طرح کی حوصلہ افزائی کریں گے، طالبان طرز کی، یہ آخر ہمارے ملک کے عوام کے گلے میں پڑے گی۔ ہم جو یہاں بیٹھے ہیں، حکومت میں ہیں، ان کے گلے میں بھی پڑے گا۔ خدارا! اس پالیسی کو ترک کریں، کوئی اچھی پالیسی بنائیں جس سے ہمسایہ ملک کا مسئلہ حل ہو جائے۔ جو مستقل حل under UN auspices ہو ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔ جناب! ہم حکومت سے کہیں گے کہ وہ تمام گرفتار شدگان، جن میں ایک ایم این اے ہے، ایک ایم پی اے ہے یا جو دوسرے ورکرز بھوک ہڑتال میں شامل تھے اور گرفتار ہوئے ہیں، ان سب کو رہا کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** کوئی اور بات کرنا چاہتے ہیں۔ حبیب جالب بلوچ صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** شکریہ جناب چیئرمین۔ مختصراً میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ political instability کا تقاضا یہ ہے کہ یہ جو گرفتار شدگان ہیں ----- پہلے تو یہ رویہ درست نہیں تھا۔ جناب چیئرمین صاحب! میں مختصراً یہ کہوں گا کہ منسٹر صاحب ان کی فوری رہائی کا اعلان کریں اگر انہوں نے نہ کیا تو پھر ہم ایک دو منٹ کے لئے واک آوٹ کریں گے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ افغانستان میں مداخلت ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ عام لوگ وہاں جا رہے ہیں اور کل وہی عام لوگ اس طرف آئیں گے تو اس کا جو بھی رزلٹ ہو گا ---' چوہدری صاحب پنجاب میں فرقہ واریت کے حوالے سے کچھ نہ کچھ واقف ہیں اور اگر مزید واقف ہونا چاہتے ہیں تو یہ مداخلت جاری رکھیں۔ یہ کون لوگ ہوتے ہیں۔ سرٹیفکیٹ تو والد نے دیا' state نے تو سرٹیفکیٹ نہیں دیا بارڈر کراس کرنے کا کسی دوسرے ملک میں۔ یہ Foreign Act کی اور خود Constitution of Pakistan کی خلاف ورزی ہے۔ انٹرنل سیکورٹی اور تمام agencies والے سوئے رہتے ہیں کہ وہ بارڈرکراس کر رہے ہیں یا ڈاک سے ان کو کراس کروا رہے ہیں۔ یہ دونوں صورتوں میں خطرناک بات ہے۔ آگ بھڑک رہی ہے' آگ کے شعلے جو ہیں وہ جنگل کو اپنی لپیٹ لے سکتے ہیں۔ لہذا یہ فوری طور پر بند کروایا جائے۔ شکریہ۔

**جناب چیئرمین۔** جاوید اقبال عباسی صاحب۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی۔** Sir ' میں تو ایک مختصر سی بات کروں گا۔ میرا کوئی بھائی ناراض نہ ہو۔ بات یہ ہے کہ زاہد خان نے اپنی تقریر میں کہا کہ پتہ نہیں وہ چیف منسٹر کون ہے۔ اس کا نام ہے سردار مہتاب احمد خان عباسی' عباسی خاندان سے اس کا تعلق ہے اور انہیں کی ووٹوں سے اس وقت متفقہ طور پر بلا مقابلہ وزیر اعلی بنے تھے اور آج یہ کہہ رہے ہیں کہ پتہ نہیں کون ہے' کس طرح مسلط کیا گیا ہے۔ کل یہ کہہ رہے تھے کہ چیف منسٹر کو پرائم منسٹرآف پاکستان پیغمبر تک کا درجہ دیتے تھے۔ اور آج یہ باتیں کرتے ہیں رائے ونڈ اور فلاں۔ اور دوسری بات ان کی جماعت کا اصولی موقف ہے ہم اس میں کبھی بھی مداخلت نہیں کرتے لیکن آئین میں چار صوبے ہیں'۔ صوبہ سرحد' پنجاب' سندھ اور بلوچستان۔ اس میں ان کا اپنا جو بھی موقف ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پختونخواہ کا اس میں نام ہی نہیں ہے۔ ایوان بالا میں اگر آئین کی خلاف ورزی ہو گی تو آپ رولنگ دیں کیونکہ یہ آئین کی بالادستی کا معاملہ ہے۔ تو آئین کا اپنا جو اصول ہے' موقف ہے اس پر آپ چلتے رہیں۔ لیکن اصولی طور پر صوبہ سرحد ہے' آئین میں لکھا ہوا ہے اور وہی

رہے گا جب تک two third majority کے ساتھ اس میں amendment نہیں کریں گے۔ ایوان بالا میں یہ بات نہیں کرنی چاہئیے اور یہ آئین کی خلاف ورزی ہے۔

**جناب چیئرمین۔ اقبال حیدر صاحب۔**

**جناب اقبال حیدر۔** گزارش صرف اتنی کرنا چاہتا ہوں کہ ملک میں عجیب طرح کی ابتری پھیلائی جا رہی ہے۔ کچھ معلوم نہیں کہ ہمارے ملک کو کس direction، کس سمت میں حکومت دھکیل رہی ہے۔ ہمارا اصولی موقف یہ ہے کہ non-interference in the affairs of any state لیکن interference کی ہمیں بے شمار مثالیں مل رہی ہیں۔ یہ تو میرے بھائی نے آج کا "نیوز" quote کیا ہے۔ اس وقت "نیوز" کی اس خبر کا میں تذکرہ اپنے کشمیر کی debate میں کرنا چاہتا تھا کہ وہاں پر فرنٹیئر میں تمام مدرسے بند کیے جا رہے ہیں۔ ان مدرسوں میں جو زیرتعلیم طلباء ہیں ان کو افغانستان بھیجا جا رہا ہے کھلم کھلا۔ یہ تین کالم کی خبر ہے 10 اگست کی، we can not afford to indulge in the internal affairs of other countries sir. ہم شیشے کے گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہم نے اگر دوسروں کے معاملات میں دخل اندازی کی تو دوسروں کو تو بھرپور موقع ملے گا۔ میری تو سمجھ میں نہیں آ رہا کہ حکومت کیا کر رہی ہے۔ انتہا تو یہ ہے کہ کشمیر پر بھی ہمارا موقف بدل چکا ہے۔ آج آپ اگر پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر دیکھیں تو ایک ایسا واقعہ تھا جس پر مجھے یقین نہیں آیا۔ میں نے کہا اس کو raise کرنے سے پہلے میں راجہ صاحب کے گوش گزار کر دوں اور ایک دفعہ میں اس بینر کو راجہ صاحب کے ساتھ دیکھوں۔ 14 اگست کے موقع پر جو ایک بینر باہر لگا ہے اس سے صاف ظاہر ہے اور مجھے اب پتہ چلا کہ واجپائی صاحب نواز شریف صاحب سے کیوں اتنے خوش ہیں۔ ڈکشٹ صاحب کیوں ہر چیز دینے کو تیار ہیں، کیونکہ نواز شریف صاحب انڈیا کو کشمیر دینے کو تیار ہیں۔

Dixit said that I will give the world to Pakistan and Nawaz Sharif Sahib is saying that we will give Kashmir to India on the official celebration of 14th August in front of this Parliament House. It is a matter of deep concern. The banner says, Kashmir will be part and parcel of an independent Muslim state in India.

جناب! یہ کیا کر رہے ہیں۔ واجپائی کہہ رہا ہے کہ میں نواز کو دنیا دوں گا اور نواز شریف کہہ رہا ہے کہ میں واجپائی کو کشمیر دوں گا۔ جناب! official function ہے، Army کے جوان کھڑے ہوئے ہیں، ہمارے

پولیس والے کھڑے ہوئے ہیں، ساری دنیا دیکھ رہی ہے کہ پاکستان کے official function میں جب کل صبح 14th August کو ملک کی آزادی کا دن منایاجائے گا، یہ حکومت کشمیر بنے گا پاکستان کی بجائے کشمیر بنے گا part of ہندوستان کہہ رہی ہے۔ میرا تو دماغ گھوم گیا ہے۔ I could not believe my eyes, that is why I took Raja Sahib کہ خدا کے واسطے اس طرح کے شر پسند عناصر کی سرکوبی کریں جنہوں نے اس طرح کے نعرے official place, in front of the Parliament House, ہمارے شہیدوں کی تصاویر کے برابر، عزیز بھٹی شہید (نشان حیدر) کی تصویر کے برابر لکھے ہوئے ہیں۔ ہمارے شاعر مشرق علامہ اقبال کو بھی بدنام کررہے ہیں۔ اس کے نیچے quotation میں لکھا ہوا ہے "علامہ اقبال"۔ میں ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کی توجہ اس طرف مبذول کرا رہا ہوں کہ آپ کے والدمحترم سے بھی غلط باتیں منسوب کی جارہی ہیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman : Mandokhel Sahib.

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں ایک نیا مسئلہ بنانے کے لئے Opposition نے ایک trend بنایا ہے۔ کچھ دن پہلے کشمیر میں جلسے اور جلوس نکلے کہ کشمیر بنے گا پاکستان۔ یہ کسی شر پسند نے یا انہوں نے لکھا ہے، اس میں حکومت کا کوئی ہاتھ نہیں ہے۔ یہ ہمارا ایمان ہے کہ نواز شریف کی قیادت میں پاکستان خوشحال اور ترقی یافتہ بنے گا۔ میرا یہ ایمان ہے کہ کشمیر بنے گا پاکستان۔ میری اپنی سوچ ہے کہ واجپائی صاحب آئیں گے اورکشمیر کو آزادی دے کر پاکستان کا حصہ بنائیں گے۔ یہ ایک global سیاست ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نواز شریف کا ضمیرمطمئن ہے۔ Opposition والے چھوٹی چھوٹی باتوں پر واویلا اور شور مچاتے ہیں۔ یہ banner پتہ نہیں کس نے لگایا ہے۔ وہ بھول گئے جب یہاں سےکشمیر کا board ہٹایا تھا، کیوں ہٹایا تھا؟ سکھوں کی list انڈیا کو کس نے فراہم کی تھی؟ ڈھائی ہزارسکھ مارے گئے۔ میں اپنی حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ اس کی تحقیقات کی جائے اور جب Indian Prime Minister آیا تھا تو کشمیر کا board کیوں ہٹایا تھا؟ آج ایک board کسی شر پسند نے لگایا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ نواز شریف نے لگایا ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ نواز شریف یہ حرکت نہیں کرسکتا۔ میرا دعویٰ ہے کہ ہر ایک پاکستانی نواز شریف اورمسلم لیگ کے حق میں ہے۔ خواہ مخواہ ملک میں بدحالی اور tension پیدا کی جا رہی ہے۔ اگر ہم مل کر میاں صاحب کی قیادت میں کام کریں تو ہمارا ملک سلامت رہ سکتا ہے۔ ہماری قیادت کو پانچ سال دیں تو میرا یہ ایمان ہے کہ پاکستان دنیا کے نقشہ

پر ایک ترقی یافتہ ملک بنے گا۔ اگر ہم ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچتے رہے تو پھر ایسے ملک نہیں بن سکتا۔ جناب چیئرمین صاحب! آپ سے میرا مطالبہ ہے، ہمارا گورنمنٹ سے مطالبہ ہے کہ یہ جو بورڈ ہٹا دیا گیا تھا، راجیو گاندھی کے آنے پر، اس کی تحقیقات کریں کہ کیوں ہٹایا اور ----

**جناب چیئرمین:** سب کو موقع ملے گا there is plenty of time.

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** جناب! یہ راجیو، ضیاء الحق کے سامنے آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا تھا۔ یہ آج اس لئے کر رہے ہیں کہ ہمارے اپنے گھر میں اتفاق نہیں ہے۔ اس وقت ہم لوگ ان کے ساتھ تھے، جب پاکستانیت کا معاملہ آتا تھا، ہم سب اکٹھے ہوتے تھے۔ ہماری خوش قسمتی ہے۔ پہلی دفعہ ہماری مسلم لیگ کو ہماری قیادت ملی ہے۔ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ جب کوئی مسئلہ ہو گا پاکستان کے متعلق، پاکستان کی سالمیت سے متعلق، ہم لوگ اکٹھے ہوتے تھے، آج ہم لوگ پاکستان کے لئے کچھ کر رہے ہیں، یہ لوگ کہتے ہیں کہ نہیں کرو۔

جناب! یہ ایک سازش ہے، اس سازش کو ہم لوگوں نے ختم کرنا ہے اللہ کے فضل سے اور ہمارا ایمان ہے کہ انشاء اللہ اگر ہم لوگ سچی نیت پر ہیں، تو انشاء اللہ یہ ہو جائے گا۔ یہ بھی میں آپ کو کہتا ہوں کہ میاں نواز شریف صاحب، وزیر اعظم کی قیادت میں یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ ہمارے بھائی، ہماری اپوزیشن ہماری مدد کرے۔ ہم ان سے ہاتھ جوڑ کر کہتے ہیں کہ خدا کے لئے، اگر ہم اپنے لئے کچھ کرتے ہیں تو مت کرو ہمارے ساتھ کوئی تعاون۔ اگر ملک کے لئے کرتے ہیں تو ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

(مداخلت)

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** نہیں، نہیں۔ ہم آپ سے ملک کے لئے تعاون مانگتے ہیں۔ اگر ہم اپنی ذات کیلئے یا میاں نواز شریف اپنے لئے کچھ کہتا ہے تو ہمارے ساتھ قطعاً تعاون نہ کرو۔

(مداخلت)

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** نہیں، نہیں، نہیں۔ believe کریں پندرہ سال ہو گئے ہیں میں نے آج تک اگر نواز شریف کو اپنی وزارت کے لئے کہا ہو تو میں یہ سیاست چھوڑ دوں گا۔ آج تک اگر میں نے نواز شریف سے کوئی فائدہ اٹھایا ہو تو میں مسلمان نہیں ہوں۔ میری جناب نواز شریف کے ساتھ ذاتی محبت ہے۔ یہ محبت اس لئے ہے کہ وہ پاکستان کی سالمیت کے لئے کام کرتے ہیں۔ میں نے آج تک نواز شریف سے کچھ نہیں مانگا ہے۔ میں اس floor of the Senate پر کہتا ہوں۔ میں خدا کی قسم

کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے نواز شریف کو اپنی منسٹری کے لئے نہیں کہا ہے۔

(مداخلت)

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** کسی اور چیز کے لئے بھی نہیں کہا۔ میں نے میاں نواز شریف کو قائد سمجھا ہے اور ان کو میں فری چھوڑتا ہوں اپنے لحاظ سے تا کہ وہ قوم کی خدمت کریں۔ اگر میں بھی اس کو تنگ کروں، سب تنگ کریں، تو پھر وہ کیا کام کر سکتا ہے؟

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** رفیق شیخ صاحب۔

**جناب رفیق احمد شیخ:** پاکستان نے کبھی بھی شعوری طور پر کسی دوسرے ملک کو destabilise کرنے کی کوشش نہیں کی اور وہاں terrorism پھیلانے کی کوشش نہیں کی لیکن جب یہ لسٹ کا ذکر کرتے ہیں تو اصل میں یہ ثابت کر رہے ہوتے ہیں کہ they actually prepare a caseagainst Pakistan کہ پاکستان نے نہ صرف سکھ terrorists کی حمایت کی، ان کی مدد کی، بلکہ ان کے اپنے ہاں وہ تمام لسٹیں موجود تھیں اور انہی کے کہنے پر کون سا سکھ کہاں terrorism کر رہا تھا، کون سا سکھ کس جگہ بھارت کے خلاف نبرد آزما تھا۔ اکثر قتل جو وہاں بھارت میں ہوئے، ان کو شاید تاریخ کا پتہ نہیں کہ ان کے ہاتھوں فوجی اور ہندو کم مارے گئے۔ جو گھڑا ہوتا ہے، اس میں سے وہ نام نکالتے تھے اور پھر کسی سکھ کی ڈیوٹی لگ جاتی تھی، فلاں کو جا کے قتل کرو۔ وہ اس کو قتل نہیں کرتا تھا، پھر اگلا نام نکالتے تھے کہ پہلے اسے قتل کرو جس نے یہ کہنا نہیں مانا وہ مارا گیا تو اس میں 90 percent جو قتل ہوتے تھے وہ سکھوں کے اپنے تھے۔ شاید اس وقت کی تاریخ سے یہ لوگ آگاہ ہی نہیں ہیں۔ اور ان بنیادی سیاسی اصولوں سے، حکومتوں کے اصولوں سے، آئین کے اصولوں سے ہٹ کر جب یہ الزام لگاتے ہیں تو پھر وہ زاہد سرفراز کی طرح ایک interim Government میں آتے ہیں، نہ اسمبلیوں کے ممبر ہوتے ہیں نہ elect ہو کر آتے ہیں، وہ حادثاتی طور پر وزیر داخلہ بن جاتے ہیں اور چلتے چلتے ایک فقرہ بنا دیتے ہیں اور پھر حزب اقتدار کے لوگوں کا بولا ہوا فقرہ بار بار repeat کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو کیا آج ہمارے حزب اقتدار کے لوگ یہ بات تسلیم کرتے ہیں کہ انہوں نے انڈیا کے اندر organised terrorism کیا، ان لوگوں کو organise کیا، ان کی لسٹیں تیار کیں، ان کی ڈیوٹیاں لگائیں اور ہندوستان میں ایک طویل عرصے تک، خاص طور پر پنجاب کے اندر جو terrorism ہوتا رہا، اس کا محرک اور اس کو organise کرنے والا پاکستان تھا؟ میں

سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی خارجہ حکمت عملی کے متعلق، اندرونی حکمت عملی کے متعلق اور اس کی جنرل حکمت عملی کے متعلق اس سے بڑا جھوٹ اور غلط الزام کوئی اور نہیں لگ سکتا اور پاکستان کے آئین کا تقدس اور پاکستان کے حکمرانی کے اصولوں کے تقدس کو اس سے زیادہ اور کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ میرے فاضل دوست اور کبھی کوئی اور دوست صرف اپنے آپ کو خوش کرنے کے لئے اور پیپلز پارٹی کے لیڈروں پر الزام لگانے کے لئے، نمبر بنانے کے لئے اس قسم کی غیر سیاسی، غیر آئینی بیان دیتے ہیں اور اخلاق کا تو مجھے پتہ نہیں کہ ان کے پاس ہے کہ نہیں------ تو اس قسم کی باتوں سے وہ وزن پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں کسی الزام کے جواب میں اور اس میں تو وزن ہی نہیں ہوتا۔ یہ جوابی الزام میرے قائد حزب اختلاف پر یا پاکستان پیپلز پارٹی پر کیا اثر انداز ہو گا۔

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** جناب on point of order.

**جناب چیئرمین:** جی فرمائیے۔

**جناب صوبیدار خان مندوخیل:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ آپ کا۔ شیخ صاحب میرے محترم ہیں، میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں۔ عام زندگی میں وہ مجھے پیار کرتے ہیں اور میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں۔ جناب پاکستان ایک پر امن ملک ہے، ہر ایک کے ساتھ دوستی کا خواہاں ہے۔

(مداخلت)

**Mr. Chairman:** Anybody who wants to raise any point of order, he will be given time.

جب اصول ہی کوئی نہیں رہا تو پھر سب کو اجازت ہے۔

**جناب بشیر احمد مٹہ:** جناب! ہم آپ سے مکمل طور پر cooperate کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** اگر آپ کہیں کہ بند کر دیں تو میں ابھی بند کر دیتا ہوں۔

If you want me to close this, I will do it right now.

**جناب بشیر احمد مٹہ:** جناب! آپ میری ایک چھوٹی سی عرض سنیں۔ میں جو سوال اٹھانا چاہ رہا تھا وہ ملک کی integrity, سالمیت اور بقاء سے تعلق رکھتا ہے۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اور جیسا کہ میرے ان دوستوں کو معلوم ہے۔ اچھا اس کا تو جواب یہ دے رہے ہیں-----

جناب چیئرمین: دیکھیں! you raised a very important point. بشیر مٹھ صاحب!

دیکھیں، آپ کی پارٹی کا مسئلہ تھا، you raised it, four people raised it. پھر اصول کے مطابق I wanted the Minister to reply. آپ نے کہ سارے بات کریں گے۔ I tried to resist that.

جناب بشیر احمد مٹھ: اب تو بات ہوگئی ہے۔

جناب چیئرمین: ہوگئی ہے۔ You want me to close it. اعتزاز صاحب! آپ نے کچھ بات کرنی ہے because you wanted to say something. جناب اعتزاز صاحب۔

چوہدری اعتزاز احسن: نہیں، نہیں، جو اے این پی والا مسئلہ ہے، بڑا اہم مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں، it is important اس لئے میں نے کہا تھا کہ منسٹر جواب دیں لیکن آپ سب نے کہا کہ نہیں، سب باتیں کریں گے۔ سب باتیں کریں کیونکہ ایجنڈا آپ کا ہے۔ آپ چاہتے ہیں کہ سارا دن اس پر لگ جائے I have no objection.

چوہدری اعتزاز احسن: نہیں جناب! یہ جو اے این پی والا مسئلہ ہے وہ بڑا اہم ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ راجہ صاحب اگر اس پر ہاؤس کی راہنمائی کریں۔ مجھے افسوس صرف اتنا ہے کہ آپ نے ادھر سے ایسے الزامات لگانے کی اجازت دے دی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، میں نے اجازت نہیں دی وہ خود لگا رہے ہیں۔ میں نے اجازت نہیں دی۔

چوہدری اعتزاز احسن: لیکن جناب چیئرمین! آپ جب چاہتے ہیں، میں اگر عرض کروں تھوڑا سا کہ موڈ آپ کا بھی باغ و بہار ہے۔ جب چاہیں جس طرح کا چاہیں آپ موڈ بنا لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اب میں نے موڈ بنایا ہے کہ آپ لوگوں نے بنایا ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن: لیکن میں یہ گزارش کروں گا راجہ صاحب سے کہ وہ اس معاملے پر بتائیں کیونکہ یہ معاملہ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں آپ اگر ہاؤس کی تسلی کر سکتے ہیں تو کریں۔ ایک ایم این اے اور ایم پی اے گرفتار ہوئے ہیں۔ معاملہ کیا تھا، چاہتے وہ کیا ہیں کہ لوکل لیبر ہو، یہ ہر جگہ ڈیمانڈ ہوتی ہے۔ اگر پنجاب میں میرے گاؤں کے پاس کوئی بند بن رہا ہو، سڑک بن رہی ہو تو میری خواہش ہوگی کہ وہاں کے لوگوں کو بھرتی کیا جائے۔ ان سے مزدوری لی جائے ان کو تنخواہ ملے۔ یہ بڑا جائز مطالبہ ہے جس

بھی علاقے میں کوئی کام ہو رہا ہو۔

اس کے علاوہ میں ایک اور چیز ان کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا' اس وقت میں اس کو اتنا پریس نہیں کرتا یہ اس پر سوچ لیں' دیکھ لیں کہ ایک خبر ایک بڑے اخبار میں لگی ہوئی ہے کہ "پاکستان کے آٹھ فوجی جنگی قیدی بنا لئے گئے"۔ بھارت کا اعلان ہے۔ انہوں نے بریفنگ میں کہا ہے کہ آٹھ فوجی ہمارے ان کے پاس ہیں۔ یہ راجہ صاحب دیکھ لیں' پتہ کرلیں' اگر ڈیفنس منسٹری سے پتہ کرلیں کہ یہ واقعی ہے۔ فارن منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں اس کا آج نہیں آئندہ جواب دیں' ذرا پتہ کرلیں لیکن آج ذرا اس معاملہ کو اہمیت دے دیں' اس کا بعد میں پتہ کر کے ہمیں بتا دیں۔

**جناب چیئرمین:** جناب راجہ صاحب۔

**راجہ محمد ظفر الحق:** جناب چیئرمین! مجھے افسوس ہے کہ آج جو ایوان کی proceedings ہوئی ہیں وہ ہر لحاظ سے تکلیف دہ تھیں اور اس میں ایک چیز نہیں کئی چیزیں ایسی ہوئیں ہیں جو میرے خیال میں سینٹ میں نہیں ہوا کرتی تھیں جو آج ہوئی ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ آپ ایک شخص کو فلور دیتے ہیں اور اس کو مانا نہیں جاتا' آپ کی بات نہیں سنی جاتی۔ طریقہ کار یہی ہوا کرتا تھا کہ جو کھڑا ہو جائے بالخصوص لیڈر آف دی اپوزیشن' لیڈر آف دی ہاؤس تو باقی ایوان اس کو سنا کرتا تھا' آج وہ بھی سلسلہ نہیں رہا۔ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ ایوان اس طریقے سے چلے تو پھر میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ چیزیں ایوان کے تقدس کے منافی ہونگی۔

آج جو منڈ صاحب نے دو پوائنٹس اٹھائے تھے وہ بہت اہم تھے۔ یہ ان کی choice تھی کہ وہ ان کو کن الفاظ میں ادا کرتے ہیں۔ جن الفاظ میں انہوں نے ادا کیا ان میں ادا کرنا مناسب تھا یا جن الفاظ میں قاضی انور صاحب نے وہی بات کی ہے بڑے اچھے انداز میں' کیا وہ مناسب تھا۔ کیونکہ بات تو وہی ہوتی ہے اب جو منڈ صاحب نے یہ فرمایا کہ پتہ نہیں وہ کون ہے' وہ کہاں سے آیا ہے' کس کو represent کرتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ صوبہ سرحد سے یہاں سینیٹرز موجود ہیں جو اپنے صوبے کی نمائندگی کرتے ہیں اور اس صوبے میں سے یہاں ضلع ہزارہ کے بھی سینیٹرز موجود ہیں' قاضی انور صاحب کا بھی بنیادی طور پر اسی مقام سے تعلق ہے' جاوید عباسی صاحب کا بھی وہیں سے تعلق ہے' اس لئے اگر یہ کہیں کہ وہ کوئی علاقہ ایسا ہے جس کا اس صوبے سے ہی تعلق نہیں ہے تو پھر میں یہ سمجھتا ہوں کہ this is going too far کہ جو آدمی پسند ہو یا اگر پہلے پسند ہو تو اس کو آپ چیف منسٹر بھی بنا دیں اور

اگر پسند نہ ہو تو پھر آپ کہیں کہ پتہ نہیں وہ کہاں کا رہنے والا ہے' کون ہے۔ یہ جو چیزیں ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا' اس سے بات میں زیادہ زور بھی پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے اگر کوئی پوائنٹ ہے تو وہ بہتر طریقے سے بھی اٹھایا جا سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے پاس تجربہ ہے' قابلیت ہے' ان کے پاس زبان ہے' اردو میں بھی انگریزی میں بھی وہ بہت خوبصورت بات کر سکتے ہیں۔

Mr. Bashir Ahmed Matta : I know how to conduct myself and I represent a party as he represents the Government. So, how I speak, if it is not according to the norms of parliamentary behaviour, you can stop me, but he can not teach me. If you want to teach me then I have many things to teach you also, but then you may not listen to me. So, please be confined to the matter of what I spoke. If I say something wrong, sir, you have always the right to ask me to sit down and I am to discontinue. But I am not a child, I have been in this House three times by now and I know you are discharging your duty and you are showing your loyalty like my firends and I also have certain loyalties and I am stich to that, I cannot be moulded to your mould. I am in my own mould and please reply to us as a Leader of the House, as a Government, responsible Government. The country is going to darks because of your policies not mine. Please be responsible and give us a responsible reply and do not comment on how I speak and what I speak because that is for the Chairman to handle it.

جناب چیئرمین: راجہ صاحب۔

Raja Mohammad Zafar-ul-Haq: Sir, I will not speak further because the tradition of this House has been that the Leader of the Opposition and Leader of the House have not been interrupted.

جناب چیئرمین: ویسے یہ تو tradition ہے۔

سید عاقل شاہ: جناب! ہمیں جواب ہی نہیں دیا گیا۔

**جناب چیئرمین:** وہ جواب دینا چاہ رہے تھے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** دیکھیں طریقہ یہ ہوتا ہے کہ یہاں پر تقاریر ہوتی ہیں---------

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** یہاں پر تقاریر ہوتیں ہیں لیکن tradition واقعی یہ ہے کہ Leader of the Opposition and Leader of the House بولیں تو interrupt نہیں کرتے۔ بعد میں آپ اپنا ردعمل دینا چاہیں تو دے لیں۔ جی اعتزاز صاحب۔

**چوہدری اعتزاز احسن:** جناب چیئرمین! آپ کے ذریعے راجہ صاحب سے درخواست کروں گا چونکہ معاملہ بہت اہم ہے اور اس سے صوبوں کی آپس میں غلط فہمی ہوسکتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ جو اہمیت ہے کہ ایک ایم این اے اور ایک ایم پی اے گرفتار ہیں، وہ نمائندے ہیں تو میں راجہ صاحب سے درخواست کروں گا کہ آپ بالخصوص ان ایم این اے اور ایم پی اے جو گرفتار ہیں ان کی گرفتاری کے بارے میں ہمیں کچھ بتا دیں۔

**Mr. Chairman:** Raja Sahib, you will not be interrupted now, please.......

**راجہ محمد ظفر الحق:** جناب! یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی واقعی یہ ایک غلط روایت ہے۔

**راجہ محمد ظفر الحق:** جناب! میں نے خود اب یہ دیکھا ہے کہ planning کے تحت ممبروں کو ہاؤس سے اٹھایا جا رہا ہے اور میرا اندازہ یہ ہے کہ اس لئے اٹھایا جا رہا ہے کہ Foreign Minister بات نہ کر سکیں۔ اب اس ماحول میں-----

**Mian Raza Rabbani:** Sir, let me clarify that.

**Mr. Chairman:** Yes, Mian Raza Rabbani Sahib.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, there is no such thing, nobody is pointing out the quorum. The only question was

کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی خواتین

they are demonstrating outside Parliament House in connection with the withdrawal of the Resolution on "Honour Killings" and they wanted the Leader of the Opposition and myself to come outside but since we were seized with this matter of the ANP, therefore, we have requested three of our Senators, Senator Chandio, Senator Hussain Shah Rashdi and Barrister Masood Kausar to go and represent us there and they will be coming back into the House. There is no such move on the Opposition's part to do away with the quorum and not to let the Foreign Minister make his speech. There is no such thing. I just want to clarify this position.

**جناب چیئرمین:** راجہ صاحب' I am sorry کہ یہ ساری interruption ہوئی ہے۔

**راجہ محمد ظفر الحق:** جناب! گزارش یہ ہے کہ دو ارکان اسمبلی' ایک ایم این اے اور ایک ایم پی اے کی arrest کا معاملہ ہے' میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اہم معاملہ ہے اور جس انداز سے یہ ہوا ہے اس سے اس کی اہمیت اور زیادہ اجاگر ہو رہی ہے اور جس ماحول میں یہ ہوا ہے اس سے اس کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ میں یہی کہنا چاہتا تھا کہ میں آج ہی چیف منسٹر سے بات کرتا ہوں کیونکہ under law and order arrest بھی انہی کی طرف سے ہوئی ہے تو میں ان سے پتہ کر کے I will try to intervene کہ اس معاملے کو بہتر طریقے سے کیسے سلجھایا جا سکے اور یہ معاملہ کافی آگے نہ بڑھے اور کوئی ایسی بدمزگی پیدا نہ ہو۔ I take upon myself کہ اس معاملے کو بہتر طریقے سے سلجھایا جا سکے۔

دوسرا مسئلہ جو انہوں نے اٹھایا ہے students going to Afghanistan اس معاملے میں پاکستان ------ عجیب صورت حال ہے افغانستان کی کہ کوئی پندرہ بیس ممالک کا اس میں ہاتھ ہے۔ Current issue regarding Janes Defence Journal جو موجودہ issue ہے' اسے میں کل دیکھ رہا تھا تو اس میں بھی افغانستان کے اوپر ایک بڑا تفصیلی piece ہے اور اس میں بڑی details دی ہوئی ہیں کہ کون کون سے اردگرد کے اور باہر کے ممالک اس میں مداخلت کر رہے ہیں' جس میں انڈیا کا نام آتا ہے' روس کا آتا ہے' باقی جو اردگرد کے ممالک ہیں ان کا بھی آتا ہے لیکن پاکستان نے as a matter of policy یہ سلسلہ کیا ہوا

ہے کہ اگر UNO کی طرف سے اس معاملے کو سلجھانے کے لئے six plus two کی کوئی meeting ہوتی ہے تو پاکستان اس کو encourage کرتا ہے اور اس کی کامیابی کے لئے کوشش کرتا ہے اور کوئی آدمی یہ نہیں کہہ سکتا کہ حکومت پاکستان اس میں مداخلت کر رہی ہے۔

اب یہ جو سپیشل قسم کا ایک ماحول بنا ہوا ہے کہ جو قبائل بارڈر کے اس طرف ہیں، بالکل اسی قسم کے قبائل بارڈر کے اس طرف افغانستان میں بھی ہیں۔ آپ کو یہ بھی پتہ ہو گا کہ جب ابتداء میں روس نے وہاں قبضہ کیا تھا، ماحول خراب ہوا تھا تو وہ قبائل وہاں سے اس طرف اپنے قبائل کے پاس آ کر رہنے لگے تھے ۔ اس کے بعد پھر یہ ماحول خراب ہوتے ہوتے جنگ کی صورت اختیار کر گیا۔ اس میں بے شمار جانیں بھی ضائع ہوئیں اور افغانستان آج تک ان حالات میں ہے۔ اس لئے حکومت پاکستان قطعاً نہ اس بارے میں ملوث ہے، نہ اس کو پسند کرتی ہے کہ باہر کے لوگ اس معاملے میں مداخلت کر کے اس کو مزید خراب کرنے کی کوشش کریں۔ حکومت پاکستان کا یہی موقف ہے کہ

it should be left to the people of Afghanistan

(مداخلت)

**جناب چیئرمین :** جب honourable member is speaking, interruption نہ کریں، I will be grateful جب آپ تقریر کر رہے تھے تو I do not think he interfered ٹھیک ہے if you are not satisfied بعد میں آپ اپنا ردعمل show کر دیں۔

**راجہ محمد ظفر الحق :** پھر یہ سلسلہ شروع کر دیا ہے، اگر آپ نے مجھے بتانا ہے کہ میں کیا کہوں تو یہ تو صحیح نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! جو کچھ اخبار میں آیا ہے کہ فلاں جگہ سے لوگ جاتے ہیں، بعض دفعہ لوگ ایک آدمی کو بھی نہیں بھیجتے لیکن یہ بیان دے دیتے ہیں کہ کشمیر میں اتنے آدمی ہم بھیج رہے ہیں، مجاہدین بھیج رہے ہیں، افغانستان میں اتنے بھیج رہے ہیں۔ نہیں بھی بھیج رہے ہوتے ہیں تو بھی بیان دے دیتے ہیں اور اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ بیرونی دنیا اس کو استعمال کرتی ہے۔ اب اگر کسی نے یہ بیان دیا ہے کہ پانچ ہزار یا چار ہزار آدمی ادھر جا رہے ہیں تو it will hurt Pakistan. پاکستان کے سٹینڈ کے یہ منافی بات ہے اور اس سے طالبان یا افغانستان کو بھی کوئی فائدہ نہیں ہو گا اور اس مسئلہ کے حل میں بھی یہ مددگار ثابت نہیں ہو گا۔

حکومت پاکستان اور خود وزیراعظم صاحب نے وزارت داخلہ کو اور باقی ایجنسیوں کو یہ کہا ہے کہ اس چیز کو روکا جائے کہ یہ معاملہ کہیں ایک اور شکل اختیار نہ کر جائے کہ بات بڑھ نہ جائے، پھر پاکستان اس کی لپیٹ میں آ سکتا ہے۔ پھر پاکستان کے اوپر اس کے اثرات آ سکتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پاکستان ان تین ممالک میں سے ایک ہے جس نے طالبان کی حکومت کو recognize کیا ہوا ہے اور اس recognition کی justification ہے لیکن اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ پاکستان کے لوگ یا پاکستان کی افواج یا پاکستان کی ایجنسیاں وہاں پر کوئی ایسا معاملہ کریں جس سے یہ ملبہ پاکستان پر گرنا شروع ہو جائے۔ لہذا اگر کوئی ایسی صورت ہے تو I will ask the Interior Minister, وہ کل واپس تشریف لائے ہیں وہ اس معاملے پر زیادہ کڑی نگاہ رکھیں اور اس معاملے پر ایسی پابندی لگائیں جو پاکستان حکومت کی پالیسی ہے۔

جناب والا! اقبال حیدر صاحب نے کہا کہ باہر بورڈ لگا ہوا ہے۔ اقبال حیدر صاحب میرے پاس تشریف لائے اور انہوں نے مجھے بھی کہا کہ اس طرح کا باہر بورڈ لگا ہوا ہے۔ میں نے کہا کہ میں بھی صبح وہاں سے گزرا تھا لیکن وہ بورڈ ایسا نہیں ہے جیسے آپ کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے مجھے کہا کہ بورڈ یہ لگا ہوا ہے کہ "Kashmir would become a part of India" تو میں نے یہ کہا کہ ایسا بورڈ تو وہاں پر نہیں ہے، میں نے نہیں دیکھا ہے، میں نے پڑھا ہے اور وہ ایسا بورڈ نہیں ہے۔ میں ان کو یہاں سے لے کر وہاں چلا گیا اور اس بورڈ کو قریب سے دیکھا۔ اس کی background یہ ہے، چونکہ ہم لوگ تاریخ کو زیادہ پڑھتے نہیں ہیں، اس وجہ سے اس میں confusion پیدا ہوتی ہے۔

علامہ اقبال، جنہوں نے 31-1930 میں یہ کہا تھا کہ ہندوستان کے مسئلے کا حل یہی ہے کہ مسلم اکثریت کے علاقے کی ایک grouping کر دی جائے اور ہندو اکثریت کے علاقے کی الگ grouping کر کے دو independent ملک ہوں۔ اسی context میں علامہ اقبال نے یہ کہا تھا، 1938 میں تو ان کی وفات ہو گئی تھی، 1947ء میں پاکستان بنا ہے، تو انہوں نے یہ کہا کہ کیونکہ کشمیر بھی مسلم اکثریتی علاقہ ہے، اس لئے جب آئندہ انڈیا کے اس sub-continent کے اندر ایک independent sovereign Islamic State بنے گی تو کشمیر اس کا حصہ ہو گا۔ میں نے جا کر اس بورڈ کو دیکھا، اس کے اوپر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے، جو میں عرض کر رہا ہوں اور نیچے اقبال لکھا ہوا ہے۔ یہ بھی کسی حکومتی ادارے نے نہیں لگایا ہے، اس وجہ سے میں نے یہ کہا کہ اگر یہ حالت ہے، اقبال حیدر جیسے پڑھے لکھے آدمی کی تو باقی لوگ پڑھیں گے تو شاید ان کو بھی اس کی سمجھ نہ آئے۔ لہذا میں نے وہاں موجود آرمی والوں اور پولیس والوں کو بلا کر کہا کہ اس بورڈ

کو آپ اتار دیں۔ جو لوگ تاریخ سے واقف نہیں ہیں' وہ اس سے پتہ نہیں کیا مطلب لیں گے۔ انہوں نے ہمارے دیکھتے دیکھتے اس کو اتار دیا۔ شکریہ جی۔

**جناب چیئرمین۔** شکریہ۔ میرا خیال ہے کہ .We proceed to debate حبیب جالب بلوچ صاحب۔

**چوہدری اعتزاز احسن۔** میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر خارجہ صاحب enlighten کر دیں کہ خدانخواستہ اگر کوئی P.O.W پکڑے گئے ہیں تو یہ ایک طرح سے situation کو change کرتا ہے کہ اس طرف پاکستانی فوجی کیا کر رہے تھے۔

**جناب چیئرمین۔** راجہ صاحب ! .You want to say something on it

**راجہ محمد ظفر الحق۔** میرا خیال ہے کہ ایک ہی دفعہ جواب دیں گے۔

**جناب محمد زاہد خان** - میں ایک بات اسی سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** میرا خیال ہے کہ اب نہیں۔ I have given the floor to Habib Jalib Baloch.

**جناب محمد زاہد خان۔** صرف ایک بات عرض کرنی ہے۔

**جناب چیئرمین۔** زاہد خان صاحب! پھر وہی بات ہوگی زاہد خان صاحب۔

Now I have given the floor to Habib Jalib Baloch. Does that mean anything to you or not?

**جناب محمد زاہد خان۔** ایک منٹ کے لئے بات کرنی ہے۔

**Mr. Chairman:** I, as the Chairman of the Senate, has given the floor to Habib Jalib Baloch. That means, nobody else is to stand up. Only he will stand up and speak. Please understand.

کوئی طریقہ ہوتا ہے۔ دیکھیں آپ نے ایک کتنا important issue raise کیا جو اس طرح confuse ہو گیا۔ آپ کے ایک important issue کو which affected your party کتنا confuse کیا ہے۔ تو اس طرح سے کس طرح کام چلے گا۔ اس سے نہ آپ کا فائدہ ہے اور نہ ہی میرا فائدہ ہے۔ جناب حبیب جالب

بلوچ صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! میرے لئے کتنے منٹ کا وقت ہے تاکہ میں اپنے آپ کو اس میں confine کروں۔

جناب چیئرمین۔ جی آپ تقریر کریں۔ You have fifteen minutes. نہیں Twenty minutes.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ 25 منٹ جناب۔

جناب چیئرمین۔ نہیں۔ Twenty minutes, starting at twenty six past eleven.

## FURTHER DISCUSSION ON KASHMIR SITUATION.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ گو اس کو کشمیر کے issue پر discussion کہا گیا ہے لیکن اصل میں اس کا نام کارگل issue پر discussion ہونا چاہئیے تھا یا اس طرح کا کوئی نام ہونا چاہئیے کیونکہ کشمیر issue پر یا Kashmir situation پر discussion کے مطلب سے یہ انتہائی vast ہو جاتا ہے۔ بہرحال کارگل کی جو situation ہے اور کارگل سے جو پسپائی ہوئی ہے' کشمیر کے context پر اس مسئلہ پر discussion دراصل پاکستان کی foreign policy سے تعلق رکھتی ہے اور اس کو war and peace between Pakistan and India کے طور پر topic دیا جا سکتا ہے۔

جناب والا! کسی ملک کی خارجہ پالیسی اور خصوصاً پاکستان کی خارجہ پالیسی کو متعین کرنے کے لئے پہلے goal متعین کیا جاتا ہے کہ آیا یہ foreign policy غیر جانب دار ہوگی' نیک ہمسائیگی پر مبنی ہوگی' آیا یہ foreign policy جیئو اور جینے دو کی پالیسی کی بنیاد پر ہوگی اور یہ فارن پالیسی پاکستان کے image کو political sense میں بڑھائے گی اور economic sense میں World Division of labour میں پاکستان کے share کو بڑھائے گی اور پاکستان کی socio-economic development کو International standard کے مطابق بڑھائے گی۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے ہم goal-oriented foreign policy کہہ سکتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے پاکستان کی جو خارجہ پالیسی ہے' وہ اس طرح positive, آزاد' غیر جانب دارانہ پالیسی کی بنیاد پر goal-oriented نہیں رہی ہے اور اس کو میں multi-dimentional foreign policy کہوں گا۔ multi-dimentional and full of contradictions.

پہلی contradiction یہ تھی کہ ہمارے ملک نے بنتے ہی CETO اور CENTO میں شمولیت اختیار کی اور امریکہ کو یہ موقع دیا کہ وہ پاکستان کو spring board کے طور پر استعمال کرے اور اردگرد کے جو ممالک ہیں بالخصوص افغانستان یا ارد گرد کے ممالک کے خلاف اس کو کسی نہ کسی شکل میں استعمال کیا جائے۔ اس کے بعد جناب! ہماری اتنی contradicted foreign policy رہی کہ اس نے افغانستان میں ایک دفعہ anti-Soviet line کی بنیاد پر مخالفت کی ، دوسری مرتبہ انہوں نے anti ملا، یعنی جن ملاؤں کو Islamic freedom fighters کے نام سے support کرتے ہوئے anti-Soviet line کی بنیاد پر انہوں نے support دی تھی، اس کے بعد اسی فارن پالیسی کے تحت انہیں ملاؤں کو جن کو یہاں project کیا گیا تھا، جن کے یہاں کیمپ تھے ، جن کو ٹریننگ دی گئی، ان کو وہاں بھیجا اور ان کے خلاف طالبان یا طالبان versus ملا ایک fight جاری رکھی گئی۔ اس کا جو result ہمارے پاس آیا وہ یہ تھا کہ جو Central Asian ممالک بنے Soviet disintegration کے بعد ہم یہ سمجھ رہے تھے، ان کے بننے کے فوراً بعد ہم نے O.I.C کی کانفرنسیں بلائیں کہ ہم بلوچستان کو Main Gate Way سمجھتے ہوئے اسی راستے سے ان سے تجارت کریں گے اور کافی ڈویلپمنٹ ہوگی۔ وہ بھی متاثر ہوا کیونکہ جب آپ طالبان کو، ان ملاؤں یا مولانا کو جن کو پہلے آپ نے سوویت یونین کے خلاف استعمال کیا تھا، جب ربانی والوں کے خلاف استعمال کریں گے تو سنٹرل ایشین ممالک، ازبکستان ، تاجکستان کے ساتھ تعلقات متاثر ہوں گے۔اس کے بعد اسی طرح انہوں نے اشت گنہ کو بھی سپورٹ دی تھی اور دیگر فورسز کو افغانستان میں سپورٹ دی تھی۔بعد ازاں جب طالبان factor درمیان میں آیا، جس میں خود گورنمنٹ آف پاکستان کے آفیشلز نے آج تک deny نہیں کیا ہے، facts & figures یہ بتاتے ہیں، واقعات و حالات یہ بتاتے ہیں کہ ان کی طرف سے denial نہیں آیا کیونکہ اب بھی وہی situation مٹہ صاحب نے بیان کی ہے کہ مداخلت جاری ہے، تو اس سے ایران کے ساتھ بھی تعلقات بگڑ گئے ہیں۔ ویسے تو ہندوستان کے ساتھ کشمیر کے ایشو پر تعلقات کا مسئلہ ہے ۔ کشمیر situation پر میں اپنے آپ کو confine کرتا ہوں کہ کشمیر کے مسئلے کو کبھی بھی پاکستان نے finial solution کے مسئلہ کے طور پر پیش نہیں کیا۔

Kashmir issue will remain till all these spans of the period as a problematic issue of the issue...

(اس مرحلے پر جناب محمد انور بھنڈر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔)

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** Problematic issue میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ اس پر

شروع سے manipulation ہوتی رہی ہے اور stipulation کے طور پر کشمیر کے ایشو کو ہمیشہ سے لیا گیا ہے اور سمجھا گیا ہے اور اس کو بڑھایا گیا ہے اور کشمیر کو مرکز مان کر یا military development یا economy کو militarize کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور اسی طرح ہندوستان نے بھی اسی کشمیر کے ایشو کو اٹوٹ انگ کے طور پر پیش کیا ہے۔ یعنی یو این او کے ریزولیوشن کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، اس کے علاوہ جتنے بھی معاہدات ہوئے تھے، ان کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اسے disputed territory آج تک نہیں کہا ہے اور آج تک پاکستان اپنی فارن پالیسی میں تمام تر انٹرنیشنل ڈپلومیسی میں ہندوستان پر وہ پریشر ڈویلپ نہیں کر سکا کہ وہ ہندوستان کو مجبور کرے کہ ہندوستان کم از کم کشمیر کے مسئلے کو یا اس territory کو disputed territory کہے۔ اسی لئے ہندوستان ہمیشہ سے یہی کہتا رہا ہے اور bilateral dialogue کی بات کی ہے۔ انہوں نے mediation کو کبھی بھی قبول نہیں کیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس کو disputed territory کہتے ہی نہیں ہیں۔ وہ اس کو اٹوٹ انگ کہتے ہیں اور ہماری ڈپلومیسی میں جو short coming ہے وہ یہی ہے۔ بجائے یہ کہیں کہ کشمیر بنے گا پاکستان، ہم یہ کہتے ہیں کہ ہندوستان کو مجبور کیا جائے کہ اس کو disputed territory کہے۔ جب وہ اس کو disputedterritory کہے گا تو diplomacy wording میں یا ڈپلومیسی میں آپ اس مسئلے کو بہتر انداز میں سلجھا سکتے ہیں لیکن ہم نے کیا کیا۔ ہندوستان والوں نے کشمیر کے مسئلے کو اپنی اکنامی کو militarize کرنے کے لئے استعمال کیا۔ وہاں دو طرح کے views پروان چڑھتے رہے۔ جس طرح یہاں Islamic fundamentalism پروان چڑھتا رہا ہے۔ اسی طرح ہندوستان میں بھی ہندو revivalism یا ہندو fundamentalism پروان چڑھتا رہا ہے جو political expression کے طور پر بی جے پی اور اسی طرح ایک دوسری militant party یا دوسری Nationalist پارٹیوں کے وجود کے طور پر سامنے آیا ہے۔ جس طرح ہمارے ہاں بھی fundamentalism پروان چڑھا ہے۔ کیونکہ خارجہ پالیسی ملک کے اپنے سوشل اکنامک ڈویلپمنٹ کے نتیجے پر ایک ایکسٹرنل پولیٹکل expression ہوتی ہے جو دنیا کو دکھانے کے لئے ہوتا ہے۔ اسی طرح اس کے reverse implications یا منفی اثرات انٹرنل ڈویلپمنٹ پر پڑتے ہیں۔ امریکنوں نے fundamentalism کو ایک ہتھیار کے طور پر ہمارے ہاتھ میں دیا تھا کہ ہم افغانستان میں مداخلت کر سکیں، آج اسی fundamentalism کو terrorism کا نام دے کر یا International Islamic fundamentalism کو terrorism کا نام دے کر ہمارے منہ پر طمانچہ مار رہا ہے۔ بالکل اسی طرح کشمیر کا ایشو ہے جس کے right of self-determination کی real definition میں both the democratic definition andpolitical

definition میں ہم نظریاتی طور پر تذبذب کا شکار ہیں اور جہاں تک کارگل کی situation ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کوئی بھی چھوٹی سے چھوٹی جنگ کیوں نہ ہو، ٹیکنیکل وار فیئر کیوں نہ ہو جیسے ڈاکٹر اقبال صاحب نے کہا اس میں اس ملک کے strategist, political strategist اچھی طرح سے بیٹھ کر اور اس میں انٹرنیشنل ڈپلومیسی کے ماہرین، اس میں پارلیمنٹ کے ماہرین کی کمیٹی، مل بیٹھ کر خوب چھان پھٹک کر صورتحال کو evaluate کرتے ہیں۔ سائنٹیفک جائزہ لیتے ہیں کہ اگر ہم گھوڑے اتار رہے ہیں تو کہیں ہمیں واپس کرنے کا بھی موقع نہ ملے۔ تو کیا strategically یہ ضروری نہیں ہوتا ہے، کوئی بھی strategical line toe کرے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** آرڈر پلیز۔ آرڈر پلیز۔

**جناب حبیب جالب بلوچ۔** strategically سے ہمیں پسپائی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تو ایسی صورتحال میں جس طرح کارگل میں گئے تھے، یہ وہی تجربہ تھا جس طرح امریکہ نے پاکستان کو spring board بنایا اور کہا anti-soldier plan ---اور افغانستان میں یہ کارروائی شروع کریں۔ آپ کو بھی ہندوستان کا اسی طرح جب سردیاں آئیں گی تو سامنا کرنا پڑے گا۔ جناب! انہوں نے جو بریفنگ دی، ملٹری مین نے بریفنگ دیتے ہوئے ایسا ڈیزائن پیش کیا۔ حکمت عملی کے لحاظ سے انہوں نے بالکل plan کیا ہوا تھا، ہم اس طرح کریں گے اور ان کی forces کی containment policy ہوگی اور بعد ازاں دھیرے دھیرے سرینگر کی طرف بڑھا جائے گا۔ اور پھر یہ کیا جائیگا۔ لیکن ہم نے یہ سمجھا تھا کہ شاید کارگل پر جو development ہوئی، اب پاکستان صراط مستقیم پر آ نکلا ہے اور وہ کشمیر کے مسئلے کو ہمیشہ کے لئے حل کرنا چاہتا ہے، لیکن نواز شریف کا چائنا کے دورہ کو مختصر کرنا، ہانگ کانگ میں کچھ دیر ٹھہرنا، اور پھر کرکٹ چھوڑ کر وہاں چلے جانا، پھر انٹرنیشنل میڈیا نے اسے the beggar for a meeting کہا، begging ایک اور چیز ہوتی ہے، bag ایک اور ہے۔ اور جس طرح انہوں نے احتجاج کیا ہے کہ ہمیں موقع دیا جائے۔ تو میں کہتا ہوں کہ یہ کشکول لے کر --- New World Order یہ میں سمجھتا ہوں کہ The most powerful actor of the New World Order, unipolar system of the world ہے۔ اور یہ ring leader ہے پورے جی ایٹ اور ویسٹرن ملکوں کا۔ اس کے پاس کشکول لے کر جانا۔ پہلے بھی ہمارے دوستوں نے کارگل کے مسئلے کا پوسٹمارٹم کیا ہے۔ میں بھی پوسٹ مارٹم کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں ہم نے کیا کھویا۔

نمبر ایک، ہمارے پاس نہ ہی کوئی کابینہ کا' نہ عوام کا مینڈیٹ تھا۔ ہم بغیر مینڈیٹ کے اعلان واشنگٹن پر دستخط کرنے گئے تھے۔ اس کے جو منفی اثرات ہم پر پڑنے تھے وہ پڑ گئے اور ہندوستان نے ہمارا پیچھا نہیں چھوڑا ۔ میں آپ کو قندھاریوں کی ایک چھوٹی سی مثال دینا چاہتا ہوں ۔ قندھاریوں کے ہاں ایک مثل مشہور ہے کہ جب آپ ہار مان لیتے ہیں اور ہاتھ اوپر اٹھا لیتے ہیں تو دوسرے قندھاری کہتے ہیں کہ اب اس کا پیچھا نہ کیا جائے۔ لیکن چونکہ یہ قندھار میں مداخلت کرتے ہیں تو وہاں سے کچھ سیکھا تھا ۔ چونکہ ہندوستانی بھی قندھاری ہیں' revivalist Hindu کی میں بات کر رہا ہوں' میں ڈیموکریٹک ہندو کی بات نہیں کر رہا ہوں۔ یہ chauvinist Hindu or orthodox fundametalist Hindu کی میں بات کر رہا ہوں۔ آپ نے شاید ان ہندوؤں کو بھی قندھاری سمجھا تھا کہ جب کارگل سے پسپائی کا اعلان کریں گے تو یہ ہمارا پیچھا نہیں کریں گے۔ انہوں نے آپ کا ایسا پیچھا کیا کہ آپ کے طیاروں کو گرا کر ملبے کو بھی اٹھا لیا۔ تو میرا سوال یہ بنتا ہے کہ آپ کو اطلاع کب ملی اور اطلاع ملی تھی تو کم از کم ملبے کی تو حفاظت کرتے۔ ابھی تک آپ نے کچھ نہیں کیا۔ کم از کم اس robbery act کو روکنا تو آپ کا فرض بنتا تھا۔ چونکہ جب آپ نے ایسا نہیں کیا تو کارگل سے آپ نے ایک اور چیز کھوئی ہے اور آپ کی فارن پالیسی کے ماتھے پر ایک مہر ثبت ہوئی ہے ۔ اور وہ مہر ہے مداخلت گری کی' infiltration ,foreign interference کی میں جان بوجھ کر لفظوں کو جدا جدا کہہ رہا ہوں' infiltration کی interference کی اور terrorism کی state terrorism کی۔ یہ export of terrorism کی بات ہے' ایک موقعہ وہ ہاتھ آیا تھا جب آپ نے ایٹمی دھماکہ کیا۔ تو جب ہندوستان نے ایٹمی دھماکہ کیا تو ہم نے کہا کہ دنیا کے اندر ہندوستان اب پرامن ملک نہیں رہا۔ ہندوستان اب ڈیموکریٹک ملک نہیں رہا ۔ جس کی democracy youngest سے آگے بڑھ گئی تھی۔ جس میں democratic institutions آگئے تھے۔ بڑا بہترین موقع نواز شریف کو ہاتھ آگیا تھا کہ وہ واجپائی کو انٹرنیشنل ڈپلومیسی میں isloate کردیتا۔ لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ کیونکہ چاچے مامے کا جب تعلق ہوتا ہے تو اس میں اس کا بھی خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اب جب کارگل سے آپ کی پسپائی ہوئی تھی۔ آپ کو یہاں Political ہزیمتیں اٹھانی پڑ رہی تھیں تو واجپائی کو یہ بھی پسند نہیں آیا۔ واجپائی نے فوری طور پر دو طیارے گرا دیے۔

(اس موقع پر جناب پریزائیڈنگ آفیسر جناب چوہدری محمد انور بھنڈر نے کرسی صدارت خالی کی اور جناب چیئرمین (جناب وسیم سجاد) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب حبیب جالب بلوچ :** تاکہ سکور برابر ہو نواز شریف کا ۔ تاکہ وہ کم از کم اپنے

political sense میں اپنے پنجوں پر کھڑا رہ سکے۔ بلی کی طرح اپنے پنجوں پر کھڑے رہ سکیں۔ اچھا ایک اور مسئلہ جو خارجہ پالیسی کی multi dimentional definition میں آتا ہے وہ یہ ہے کہ ایک طرف آپ نے اس کو isolation سے بچایا، آپ بھی دھماکہ کرنے کی طرف گئے۔ میزائل بننے لگے۔ اس کے status پر آپ نے کروڑوں روپے خرچ کردیے۔ یوم تکبیر کو جب ہم نے یوم سیاہ کہا تو ہمارے خلاف کالم لکھے گئے۔ جنگی جنونیت پھیلائی گئی ایک طرف آپ ملک میں جنگی جنونیت کو پھیلا کر 90 یا 100 ڈگری تک لے آتے ہیں اور پھر یک لخت اعلان لاہور کی طرف آپ بڑھتے ہیں۔ جناب! اعلان لاہور جب آپ نے کیا، تو ہم نے آپ کا ساتھ دیا۔ لیکن جب آپ نے دھماکہ کیا تو ہم نے آپ کا ساتھ نہیں دیا۔ ہمیں پتہ تھا کہ یہ ایٹمی ہتھیار جو ہیں یہ deterrent کے ہتھیار نہیں رہے اب۔ یہ جنگی ہتھیار نہیں رہے ہیں اب۔ یہ civilization کی annihilation کے ہتھیار ہیں، یہ تباہ کن ہتھیار ہیں ۔ ان ہتھیاروں کی بات نہ کی جائے۔ لیکن آپ نے کارگل کی situation کو شروع کیا اور ایٹمی ہتھیاروں کی بھی بات کرنے لگے۔ جب آپ نے ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کرنے کی بات کی تھی تو آپ کو سوچنا چاہیے تھا کہ دو دن پہلے جب لاہور کے اندر جا کر آپ نے اعلان لاہور کیا تھا اور کہا تھا کہ ایک بہت بڑی جنگ کا خطرہ تھا۔ ہم نے ساؤتھ ایشیاء کو ایٹمی ہتھیاروں کی جنگ سے بچایا تو پھر کارگل کی situation کے دوران چند دن پہلے آپ نے ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی بات کیوں کی ۔ کوئی بھی ہوشمند ، democratic even youngest democratic countries in the world can not put atomic weapon as a weapon of tactical conflict, کوئی بھی tactical conflict میں even strategical conflict میں even کسی کا ملک disintegrate کیوں نہ ہورہا ہو لیکن وہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کی بات نہیں کرے گا کیونکہ آپ پانچ منٹ کے اندر ایٹمی ہتھیار استعمال نہیں کرسکتے۔ ابھی تک تو آپ نے deploy بھی نہیں کیے اور کوئی آپ کو deploy کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ اگر آپ نے deploy کیا تو وہ بھی ایسا کرے گا۔ وہ تو آپ سے زیادہ کٹر ہندو ہے۔ اگر آپ کٹر مسلمان ہیں تو وہ کٹر ہندو ہے۔ تو آپ کے ہتھیار کو اگر پانچ منٹ وہاں جانے میں لگیں گے تو ان کے ہتھیار کو تین منٹ لگیں گے۔ آپ چار شہروں کو ٹارگٹ کریں گے، وہ چھ سات شہروں کو ٹارگٹ کرے گا۔ تو آپ نے یہ بات آخر کیوں کی۔ کیا اس کا کوئی حساب ہے اس ملک کے اندر۔ کوئی accountability ہے۔ اور میں اس کو political blunder کہتا ہوں۔ کیونکہ یہ mistakes نہیں ہیں جناب چیئرمین! تو political blunders کا کیا کسی نے آپ سے پوچھا۔ جب ہم نے کہا تھا کہ یہ سیٹو اور سینٹو غلط ہے، اس وقت بھی آپ نے نہیں مانا، جب ہم نے کہا کہ یہ غلط ہتھیار

آپ نہ بنائیں تو آپ نےنہیں مانا۔ ہم نے کہا کہ یہ جنگ ٹھیک نہیں ہے۔ آپ نے نہیں مانا۔ پھر آپ آ گئے لاہور ڈیکلریشن پر۔ اس وقت آپ کو اپنی شکر بیچنے کا بڑا فکر تھا۔ ہمارے فیڈرل منسٹر نے فوری طور پر یہاں کہا کہ ہم بجلی بیچ رہے ہیں کیوں کہ سرپلس ہمارے پاس آ گیا ہے۔ بالکل بیچیں۔ اور پھر ہم نے بس سروس سسٹم شروع کیا۔ تو ہم نے کہا کہ جو بس سروس آپ شروع کررہے ہیں---- اچھا، میں آگے بڑھتا ہوں کیونکہ میرے تین چار منٹ اور رہ گئے ہیں۔ دوسری جو بڑی غلطی آپ سے ہوئی ہے اعلان واشنگٹن میں، وہ یہ ہے کہ آپ مداخلت گر کے طور پر جانے گئے اور آپ نے تسلیم کرلیا۔ پہلے تو آپ تسلیم نہیں کررہے تھے۔ بعد میں آپ نے خود تسلیم کرلیا۔ انٹرنیشنل میڈیا نے جو کچھ آپ کے بارے میں کہا، وہ کہتے ہیں nuclear capable but a failed State. آپ کے international press میں جس میں "TimeMagazine" ہے، "Washington Post" ہے، "Economist" ہے، ان سب نے جو آپ کے بارے میں کہا ہے کم از کم خدارا! اس کا تو جائزہ لے لیں۔ یہ جو کچھ آپ نے کارگل میں کیا اور بعد ازاں پسپائی اختیار کی، اور پھر جناب چیئرمین! کارگل سے، آپ کے اعلان Washington کے بعد واپسی کے لیے نواز شریف نے خطاب کیا۔ چوہدری صاحب نہیں ہیں، انہوں نے اس دن مجھ سے پوچھا بھی تھا۔ نواز شریف کہتے ہیں کہ ہم نے بڑی جرأت سے کارگل میں لڑائی لڑی اور یہ کیا، وہ کیا، تہس نہس کر دیا، ان کو مجبور کیا۔ ہندو اپنی ساری فورسز لے آئے۔ جس جرأت سے ہم لڑنے گئے اسی جرأت سے واپس آنے کا بھی اعلان کر دیا۔ تو جناب چیئرمین! جرأت سے لڑائی لڑنے کا تو میں نے سنا تھا لیکن جرأت سے بھاگنے یا پسپائی، شکست خوردگی کا میں نے اعلان کبھی بھی نہیں سنا تھا۔

اچھا! دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے اپنے خطاب کے اندر بار بار یہ کہا---

جناب چیئرمین۔ جالب صاحب! اب ذرا wind up کرلیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ ویسے جناب چیئرمین! سب کو تیس تیس منٹ دیئے گئے تھے۔

جناب چیئرمین۔ کل دیکھا تھا حئی صاحب کو۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ تیس تیس منٹ دیئے گئے تھے۔ میرے تین بندے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں please, time نہیں ہے۔ I have to conclude this debate.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ کیونکہ سب کو تیس تیس منٹ ملے ہیں۔ ناانصافی ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین۔ آپ اس بحث میں نہ پڑیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ ریکارڈ میں چلا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ آپ نے دو منٹ تو اس بحث پر لگا دیئے۔

Why don't you conclude your speech.

جناب حبیب جالب بلوچ۔ صحیح ہے۔ تو اس میں جو دوسرا نقصان ہوا ہے وہ Line of Control پر ہے' انہوں نے جسے sanctity کہا ہے۔ اس کو آپ نے تسلیم کر لیا حالانکہ وہ شملہ معاہدے میں بھی جو پہلے ceasfire line کہلاتی تھی اور اس کے بعد جنہوں نے جو کچھ حصہ لیا وہی حصہ ان کا سمجھا جائے۔ وہ Line of Control اب International line of control بن جائے گی۔ کیونکہ ہندوستان والے تو پیچھے نہیں ہٹے وہ وہیں رہے۔ آپ صرف پیچھے ہٹ گئے۔ اب اگر Americans آپ کو عزیز تھے یا وہ کچھ کر سکتے ہیں تو ان پہ آپ pressure develop کر سکتے ہیں۔ لیکن امریکنز کچھ نہیں کریں گے۔ اس لئے کہ آنے والے وقتوں میں چائنہ جو آپ کا قریب ترین دوست ہے' آپ اس دوستی کو نبھانے کی اور زیادہ کوشش کریں۔ وہ در اصل چائنہ کے خلاف' آپ کے خلاف' ان areas کے خلاف local centre of power, regional centre of power کے طور پر ہندوستان کو تسلیم کر چکا ہے۔ وہ اس کے projection کو کسی نہ کسی شکل میں جاری رکھیں گے۔ اس لئے وہ یہ نہیں کر سکتے۔ لیکن پھر بھی آپ انہیں کہہ سکتے تھے کہ جناب! پہلے کسی دوسرے فریق ثالث کو یہاں بٹھایا جائے اور کشمیری جو main actor ہے' یعنی اس مسئلے میں کشمیری محنت کریں۔ انہوں نے ہمیشہ کشمیریوں کا نام لیا' میں سمجھتا ہوں کہ bilateral talks جب سے شروع ہوئے ہیں کشمیر کا مسئلہ disputed نہیں رہا ہے۔ اور یہ آپ ہندوستان کی پالیسی کو toe کر رہے ہیں جو disputed نہ قرار دینے کا اعلان کر رہے ہیں۔ ایسے مسئلے bilaterally حل نہیں ہوتے کیونکہ یہ تو کشمیر کا مسئلہ ہے۔ یہ bilateral کیسے ہوا اور یہ بھی نہیں ہے' اور ثالث کہاں چلا گیا۔ جب تک' میرا خیال ہے کہ سرتاج عزیز صاحب غور کر رہے ہیں' آپ اس کو through international diplomacy disputed area قرار دلوانے کی کوشش کریں۔

نمبر ۲۔ اس کو ثالثی کے ذریعے UNO mediation کی طرف بڑھائیں۔ یہ bilaterally مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ Bilateral ہو گا تو آپ نے Line of Control already قبول کر لی ہو گی۔

نمبر ۳۔ کشمیر کی cause آپ نے betrayal کر دی ہے۔

نمبر ۴۔ کشمیری جد و جہد کی حوصلہ شکنی ہو گئی ہے اور

نمبر ۵۔ آپ ایک طرف ارد گرد لڑائیاں لڑتے ہیں، چھوٹی موٹی لڑائیاں ہوں یا بڑی لڑائیاں ہوں، آپ لڑتے رہتے ہیں اور آپ کا اندرونی استحکام نہیں ہے۔ Political stability ہے؟ نہیں ہے۔ سندھ کی صورت حال آپ دیکھیں، double, tripple government ہے۔

جناب چیئرمین۔ جالب صاحب! میرا خیال ہے اب آپ wind up کرلیں۔ پانچواں پوائنٹ ہو گیا، چھٹا، ساتواں بھی کرلیں۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ چھٹا political stability نہیں ہے۔ جو یہاں units ہیں ان کی حق خود ارادیت کو آپ تسلیم نہیں کرتے۔ آپ کشمیر کی حق خود ارادیت کی، وہ بھی اپنے ساتھ merge کرنے کی شکل میں بات کرتے ہیں۔ یہ حق خود ارادیت نہیں ہے۔ یہ ہمیں دھوکہ نہ دیا جائے۔ کیونکہ کسی جرمن نے جب یہ بات کی تھی تو انہوں نے کہا تھا کہ right of self-determination but with bad hands. A good slogan in bad hands. تو اسی طرح units میں برابری نہیں۔ Economy آپ کی shatter ہو رہی ہے۔ IMF, World Bank پر آپکا تکیہ ہے، آپ اپنے آپ کو دیکھیں۔ سارا پیسہ آپ نے آرمی پر لگایا ہے۔ کم از کم یہ جو طیاروں کی اب صورت حال، develop ہو گئی ہے اور اس میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہندوستان کو آپ international diplomacy میں بہتر انداز میں isolate کر سکتے ہیں بجائے ادھر سے آپ isolation میں کام شروع کریں گے تو خود مداخلت افغانستان میں بند کریں۔ خدا کے لئے چند دنوں کے لئے تو بند کریں۔ ہمارے لئے تو نہیں کرتے ہو، عوام کے لئے تو نہیں کرتے ہو، خدا کے لئے تو کریں۔

اب بہرحال یہ ہماری ٹمٹماتی ہوئی جو foreign policy ہے یہ مداخلت گری کی تیز آندھیوں کی تاب نہیں لا سکے گی۔ انہی الفاظ کے ساتھ جناب چیئرمین! آپ کا بہت بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. I will call upon Mr. Sartaj Aziz at 12 O' clock, so we have ten minutes.

اس وقت میں اگر مختصر بات ہو جائے تو بہتر ہے۔ میرا خیال ہے حسین شاہ راشدی صاحب بڑی مختصر بات کرتے ہیں۔ دو دو، تین تین منٹ بات کیجئے تا کہ 12 بجے I will call upon Sartaj Aziz sahib. جی راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب چیئرمین! اس مسئلے پر کافی بحث ہو چکی ہے۔

جناب چیئرمین۔ راشدی صاحب! صرف دو منٹ ملیں گے۔ بارہ بجے تک آپ آپس میں ٹائم بانٹ لیں۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب بارہ بجے تک تو مجھے وقت دے دیجئے۔

جناب چیئرمین۔ پھر وقت نہیں ہو گا کیونکہ سرتاج عزیز صاحب نے ان چیزوں کا جواب دینا ہے۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ سرتاج عزیز صاحب وہی کہیں گے جو کہتے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے، بہت سارے وہی بات کرتے ہیں جو کہتے رہتے ہیں۔ یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔ جی فرمایئے۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جیسے حکومت اقتدار میں آئی تھی اور انہوں نے جو دعوے کئے تھے، اگر حکومت کی فارن پالیسی یا دیگر پالیسیاں یا اس وقت جو انہوں نے قوم کی شکل مسخ کر دی ہے، اس تناظر میں دیکھیں تو فرق واضح ہو گا۔ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہے کہ جناب وزیر اعظم صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم پاکستان کو اقتصادی شیر بنائیں گے۔ حالت یہ ہے کہ ہم بھیگی لومڑی بنے ہوئے ہیں، ہر ایک ملک ہماری دم کو لئے پھرا رہا ہے۔ ہم نے وہ شیر بننا چھوڑ دیا ہے۔ پھر جب پاکستان نے ایٹمی دھماکہ کیا تو جناب وزیر اعظم صاحب نے بڑے دندناتے ہوئے انداز میں فرمایا تھا کہ اسلام آباد کے فیصلے اسلام آباد میں ہوں گے۔ اس دعوئی کا کیا ہوا؟ آپ کارگل پر چڑھ گئے، فی البدیہہ چڑھ گئے، بغیر سوچے سمجھے، جو کہ یہ حکومت کرتی رہی ہے۔ مگر جب دوستوں نے بھی ہمیں پھٹکار ڈالی، وزیر اعظم صاحب کو چین سے بھگایا کہ جا کر کارگل سے اترو، G-8 ممالک نے resolution پاس کی، House of Representatives امریکہ میں resolution پیش ہوئی کہ پاکستان کو rogue state اور پاکستان کی افواج کو rogue army قرار دیا جائے۔ مگر وزیر اعظم صاحب اور وزیر خارجہ اس معاملے کی شدت اور گہرائی کو نہیں سمجھ پائے۔ ان کی non seriousness کی حالت یہ تھی کہ 2 تاریخ کو American House of Representatives میں resolution آیا اور 3 تاریخ کو وزیر اعظم صاحب کرکٹ کا بلا لئے پچ پر دوڑ رہے تھے۔ پھر جب انہوں نے دیکھا کہ اب بھارت حملہ کرنے والا ہے تو انہوں نے واویلا مچایا۔

جناب چیئرمین۔ کہا یہ جا رہا ہے کہ اذان سوا بارہ بجے ہو گی۔ So, I think, I will ask you کہ مہربانی کر کے تقریر ختم کریں۔ جی رضا صاحب۔

**Mian Raza Rabbani:** Sir, may I request you one thing, I have requested Raja sahib also, there are a number of speakers......

**Mr. Chairman:** We have to close it at some point.

دیکھیں یہ ذمہ داری آپ کی تھی you know that you have plenty of time. We had agreed کہ ہم نے آج ختم کرنا ہے۔

**میاں رضا ربانی۔** جناب! کل بھی راجہ صاحب سے بات ہوئی تھی۔

**Mr. Chairman:** This is my responsibility also.

یہ آپ راجہ صاحب پر نہ پھینکیں، میری ذمہ داری بھی ہے اور ہمارے پاس کافی وقت تھا۔

**میاں رضا ربانی** ۔ جناب چیئرمین صاحب! اگر سیشن اگلے week میں چلا جاتا ہے تو---

**Mr. Chairman:** No, no, the Session will not go to next week. It will be closing today and I had made this very clear several days ago, it will not go to next week.

(مداخلت)

**جناب چیئرمین** ۔ I know لیکن میری بھی مجبوری ہے، I have to finish it today یا اس طرح کرتے ہیں کہ میرے خیال میں آج اذان نشر نہ کریں، ساڑھے بارہ بجے ویسے ہی ہم ختم کر دیں گے۔ تو اذان ذرا بند کرا دیں۔ So how much time will you need Sartaj Aziz sahib?

**Mr. Sartaj Aziz:** Twenty minutes.

**Mr. Chairman:** O.K, then we can go upto ten past 12. You will be the last priority

آپ کافی بولتے ہیں، انور صاحب اور ڈوگی صاحب۔ آپ لوگ بولتے رہتے ہیں، ضروری نہیں ہے کہ آج بھی بولیں۔ بس ٹھیک ہے قاضی انور صاحب اور ڈوگی صاحب کو موقع ملے گا۔

**سید مسعود کوثر۔** ابھی میں باہر گیا تھا۔ ایک تحفہ لایا ہوں۔

**جناب چیئرمین۔** وہ مجھے دے دیں۔ جی راشدی صاحب۔

**جناب حسین شاہ راشدی،** جناب! میرا تسلسل ختم ہو جاتا ہے۔

**جناب چیئرمین،** میں کیا کروں میرا بھی ختم ہو جاتا ہے۔ راشدی صاحب۔

**جناب حسین شاہ راشدی،** میں گزارش کر رہا تھا کہ ایک ہوا کھڑا کیا گیا کہ کارگل میں ہم یکے بعد دیگرے فتوحات حاصل کر رہے ہیں۔ وزیراعظم صاحب فارورڈ لائن پر جا رہے ہیں۔ ہمارے چیف آف آرمی سٹاف وہاں جاکر فوجیوں کو خطاب کر رہے ہیں اور سب سے بڑا مدبرانہ بیان جناب راجہ ظفر الحق صاحب کا اس ایوان میں اور اس سے باہر آیا کہ ایٹم بم جو ہم نے بنایا ہے وہ سجا کر رکھنے کے لئے نہیں۔ اگر ضرورت پڑی تو ہم ایٹم بم چلا دیں گے۔ مگر اچانک صورت حال کیا ہوئی جناب! کہ نہ شاہین میزائل پر شباب آیا، نہ غوری کی غیرت جاگی اور نہ چاغی کی پہاڑیوں کے غاروں سے ایٹم بم نے اٹھنے کی کوئی انگڑائی لی۔ وزیراعظم صاحب نے چلانا شروع کیا کہ ہندوستان جنگ کر رہا ہے۔

جناب! جب روہڑی میں ہندو مسلم فسادات ہو رہے تھے تو ایک بنیا گزر رہا تھا کہ ایک مسلمان پیٹھ کئے کھڑا تھا۔ اس نے جاکر اس کو گرا دیا۔ اس کی پیٹھ پر بیٹھنے کے بعد واویلا شروع کر دیا کہ مجھے بچاؤ، مجھے بچاؤ، یہ اٹھے گا تو مارے گا۔ ہماری بھی پوزیشن بالکل وہی ہوئی۔ پھر آخر میں وزیراعظم صاحب، جس نے کہا تھا کہ اسلام آباد کے فیصلے اسلام آباد میں ہوں گے، اچانک بیٹ پیچ پر چھوڑ کر اور آستانہ عالیہ واشنگٹن ڈی سی ولی کامل، قطب دوراں حضرت بل کلنٹن صاحب سے ملنے گئے اور انہوں نے نسخہ کیا تجویز کیا۔ نسخہ یہ تجویز کیا کہ جاکر ان سے بات کرو۔ کارگل سے اترو، لائن آف کنٹرول کی sanctity کو آپ مانیں اور ہندوستان کو ہم بھی کہہ دیں گے۔ یعنی کہا کہ ذاتی دلچسپی میں بھی لوں گا۔

اب کلنٹن صاحب کی ذاتی دلچسپی کیا ہوسکتی ہے ہمیں معلوم نہیں۔ ذاتی دلچسپی تو انہوں نے مونیکا لیونسکی میں بھی لی تھی۔ ہمارے سلسلے میں وہ کیا ذاتی دلچسپی لیتے ہیں، وہ ابھی تک واضح نہیں ہوئی ہے۔ ہماری حکومت کا سب سے بڑا مسئلہ اس وقت یہ ہے کہ یہ پے در پے جھوٹ بول رہی ہے۔ اس سے نکلنے کے لئے ان کو کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔ اگر یہ جھوٹ نہ بولتے یا اگر وزیراعظم صاحب آکر اقرار کرتے قوم کے سامنے کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے، حکومتوں سے غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ اگر یہ آکر کہتے کہ صاحب ہم سے غلطی ہوگئی ہے اور کوئی مشاورت کرتے، کسی سے ملتے، کسی کو اعتماد میں لیتے تو وہ زیادہ بہتر تھا۔ اگر

حضرت کلنٹن کی سنت پر ہی عمل کرنا ہے تو کلنٹن صاحب نے فقط ایک مرتبہ ماورائے ازدواج کوئی تفریح لی تھی مگر جب وہ اس میں پکڑے گئے تو انہوں نے قوم کے سامنے آ کرمعافی مانگی تھی۔ وزیراعظم صاحب یہاں کیوں نہیں آئے' یہاں آ کر معافی کیوں نہیں مانگی؟ مگر معلوم یہ ہوتا ہے کہ وزیراعظم صاحب ایک حیاء دار مشرقی خاتون کی طرح سینٹ میں نہیں آتے کیونکہ یہاں ان کے غیرمحرموں کی بھرمار ہے۔ کچھ غیر محرم شروع ہی سے تھے' کچھ ان کے جو محرم اور محرم راز تھے وہ بھی اب غیرمحرموں میں شامل ہوگئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزیراعظم صاحب کو یہ بہترین موقع حاصل تھا کہ اگر وہ یہاں تشریف لاتے' یہاں آ کر وضاحت کرتے تو بہت اچھا تھا۔

یہ کتنی مضحکہ خیز explanation دی گئی ہے کہ ہندوستان نے طیارہ ہماری حدود میں مار گرایا اور پھر ملبہ بھی اٹھا کر لے گئے ہیں۔ پرسوں ہم نے سینٹ میں یہ مسئلہ اٹھایا تو وزیر خارجہ صاحب نے ایک expert کی طرح بتایا کہ ریڈار سے ہیلی کاپٹر نیچے آیا' فوراً اترے اور دس منٹ میں ملبہ اٹھا کر لے گئے۔ اب وہ جہاز کا ملبہ کوئی ٹوٹا ہوا مٹکا تو نہیں تھا۔ صاحب! جہاز کا ملبہ جہاز کا ملبہ ہوتا ہے۔ مگر جس انداز سے انہوں نے فرمایا تو میں سمجھتا ہوں کہ وزیر خارجہ صاحب' وزیرخزانہ بننے اور وزیر خارجہ بننے سے پہلے غالباً ملبوں کی چوری پر ہی مامور تھے جو انہوں نے اتنے وثوق سے کہا ہے۔

جناب چیئرمین! ہمارا دفاع کمزور ہے۔ ہمیں خیال کرنا پڑے گا اور یہ میں نے اس حکومت اورخاص طور پر جناب مشاہدحسین سید صاحب کو دیکھا ہے کہ جتنی بھی ہماری رسوائی اور جو غیرت غارت ہوئی ہے وہ اس میں ہمیشہ روشنی کا پہلو دیکھتے ہیں۔ ہمارے وزیر خارجہ اور وزیراطلاعات وہ پہلے آدمی ہیں جو شکست میں فتح کے آثار دیکھتے ہیں' جو پسپائی میں پیش قدمی کا دعویٰ رکھتے ہیں۔

**جناب چیئرمین**، راشدی صاحب! اب میرا خیال ہے windup کریں۔

**جناب حسین شاہ راشدی**، جناب چیئرمین! ہمیں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے کہ ہندوستان سے بالکل صلح کی پالیسی ہونی چاہیئے۔ آپ پہلے اپنے ملک کو مضبوط کریں' اپنی معیشت کو مستحکم کریں' اپنے صوبوں کو اپنے ہاتھ میں رکھیں۔ عوام کے مسائل حل کریں۔ جب آپ اپنے ملک کو مستحکم کر لیں گے اس کے بعد آپ دوسروں کی طرف بھی دیکھیں۔ آپ یہ نہ کریں کہ آپ فقط مہم جوئی کی وجہ سے پاکستان کو نقصان پہنچائیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کے لیے بہت بڑا سبق تھا۔ امید ہے کہ وہ اس سے سبق حاصل کریں گے اور آئندہ کوئی ایسی چیز نہیں کریں گے کہ جس سے پاکستان کی رسوائی ہو۔ کہا

گیا کہ جناب! مجاہدین ہیں۔ اب پوچھیں گے کہ مجاہدین میں فوجیوں کی کتنی ملاوٹ تھی ۔ یہ جو اتنی لاشیں آئیں ان میں فوجیوں کی لاشیں کہاں سے آئیں۔ وہ وہاں شہید ہوئے۔ آپ جو کہتے ہیں کہ ہمارے فوجی نہیں تھے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ان کی شہادت کو بھی رائیگاں کر رہے ہیں۔ چھپا کے آپ لاشیں دفن کر رہے ہیں۔ ہر صوبے میں لاشیں جا رہی ہیں، سندھ میں بھی جا رہی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے سبق حاصل کریں۔

**جناب چیئرمین۔ جناب ڈومکی صاحب۔**

**میر نبی بخش ڈومکی۔** بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ہمارا پیارا پاکستان اس وقت جن مشکلات سے دو چار ہے وہ ہم سب کے لیے باعث تشویش ہے۔ یہ کہنے میں ذرہ برابر شک نہیں کہ مورخہ چار جولائی کو بالکل اسی دن کی طرح تعبیر کریں گے جس دن 16 ستمبر 1971 کو ہماری افواج نے مشرقی پاکستان میں ہندوستان کے آگے ہتھیار ڈالے تھے ۔ یہ پاکستان کی تاریخ کا سیاہ دن سمجھا جائے گا۔ جناب چیئرمین! حکومت کچھ بھی کہے، اس کی حلیف جماعتیں کچھ بھی کہیں، سرخی پاوڈر لگائیں لیکن تمام پاکستانی قوم اس بات پر متفق ہے کہ ہماری سفارتی سطح پر زبردست ناکامی ہوئی ہے اور پاکستان بین الاقوامی دنیا میں الگ تھلک اور تنہا رہ گیا ہے۔ جناب چیئرمین! ہمارے جانبازوں نے جانوں کی قربانی دے کر جنگ جیت لی تھی لیکن ہماری وزارت خارجہ کے نالائق افسروں نے اس کو کانفرنس کی میز پر گنوا دیا۔ اس ناکام خارجہ پالیسی کی تمام تر ذمہ داری وزیراعظم نواز شریف پر عائد ہوتی ہے، نہ تو اس نے اپنی کابینہ کو اعتماد میں لیا اور نہ ہی حزب اختلاف کی سیاسی جماعتوں سے مشورہ کیا۔ ملک اور قوم کے اہم فیصلے اس نے اپنی کچن کیبنٹ کے ذریعے کیے۔

جناب یہ کیسی جمہوریت ہے جس میں ملک کے اہم فیصلے جو ملک کی بقا سے تعلق رکھتے ہوں اپنے چند منظور نظر اور نالائق مشیروں کے مشورے پر کیے جاتے ہیں ۔ حیرانگی کی بات یہ ہے کہ ہندوستان میں واجپائی حکومت نے اپنی کابینہ اور حزب اختلاف کی سیاسی جماعتوں کو اس مسئلے پر دو دفعہ اعتماد میں لیا۔ مسئلہ کشمیر کی سیاسی قسمت اور اس کی آزادی کی کاوشوں پر ہمیشہ کے لیے مہر لگا دی گئی اور اہم بات یہ ہے کہ ایک پنجابی وزیراعظم جو در اصل کشمیری کہلاتا ہے اس نے یہ کر دیا۔ اگر کسی چھوٹے صوبے کا وزیراعظم شاید یہ کام کرتا تو اس کو پھانسی پر لٹکا دیا جاتا۔

جناب چیئرمین! حکومت دو طرح کے مسائل سے دو چار ہے۔ پہلا یہ ہے کہ سیاسی لیڈر شپ کی

قابلیت محدود ہے اور خارجہ پالیسیوں کے پیچیدہ مسائل حل کرنے سے قاصر ہے۔ دوسرے وزارت خارجہ کے سینئر افسر انتہائی نالائق اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے عاری ہیں۔ مسئلہ کارگل وزارت خارجہ کے سفارتکاروں کی خامیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فقدان کو منظر عام پر لانے کا سبب بنا ہے۔ مختلف معلومات کی روشنی میں پتہ چلا ہے کہ یہ قومی اہمیت کا اہم ادارہ سازشوں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ قاضی انور صاحب کے لئے تھوڑا وقت رہ گیا ہے۔ آخری حصہ پڑھ دیں۔

جناب نبی بخش ڈومکی: جب امریکہ نے افغانستان پر حملے کئے تو وزیر اعظم صاحب کو غلط معلومات فراہم کر کے صوبہ سرحد کے قابل اور ایماندار Officers, Chief Secretary and Director Intelligence Bureau کا تبادلہ کروایا گیا۔ ان تمام معاملات کے بارے میں حساس اداروں کے پاس تمام معلومات موجود ہیں جن سے وزارت خارجہ میں ہونے والی تمام سازشوں کا پردہ چاک ہوجائے گا۔

Mr. Chairman: Thank you. Qazi Anwer Sahib.

قاضی محمد انور: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میری party ہمیشہ امن کے حق میں اور جنگ کے خلاف رہی ہے۔ ہمارا ہمیشہ یہ ایمان رہا ہے کہ جنگ مسائل کو حل نہیں کرسکتی۔ ہمارا یہ بھی ایمان رہا ہے کہ پاکستان کی بقا اور خوشحالی ہمسایہ ممالک سے برابری کی بنیاد پر دوستانہ تعلقات میں مضمر ہے۔ بد قسمتی سے دونوں ممالک جن کا common problem بھوک، غربت اور جہالت ہے، جنگ کے جنون میں پھنسے ہوئے ہیں۔ جب سے پاکستان بنا ہے ہم تین جنگوں سے گذر چکے ہیں۔ ہر جنگ کے بعد ہم نے معاہدہ کیا۔ 1965 کی جنگ ہوئی تو ہم تاشقند گئے۔ 1971 کی جنگ ہوئی تو ہم نے شملہ معاہدہ کیا۔ یہ اچھی بات پہلی مرتبہ تھی کہ ہم نے جنگ سے پہلے کوئی معاہدہ کیا۔ مجھے صرف اتنا اعتراض ہے کہ یہ Washington کی بجائے اسلام آباد یا دہلی میں ہوتا تو بہتر ہوتا۔ مخالف فریق سے ہوتا جس کے ساتھ ہمارا تنازعہ ہے۔

دوسری بات جو بہت دکھ کی ہے کہ اس کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ ہم نے وہ پنگا کیوں لیا؟ یہ کارگل کا adventure کیوں ہوا؟ سیاسی قیادت نے، فوجی قیادت نے، اسے کس نے کیا؟ جناب! پشتو میں کہتے ہیں کہ "درخت پر چڑھنے سے پہلے اس کی ٹہنیاں دیکھو کہ اترنے کا راستہ تمہیں آتا ہے۔ (پشتو زبان کے الفاظ) اگر تم توت پر چڑھنا نہیں جانتے تو اس پر مت جاؤ کہ جس سے تمہیں اترنے کا راستہ نہیں آتا"۔ ایسا نظر آتا ہے کہ کارگل adventure, mis-advised تھا۔ میں نے وزیر اعظم کی تقریر سنی ہے انہوں نے

کہا کہ یہ mis-conception ہے کہ یہاں سے سری نگر فتح ہو سکتا ہے۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا تھا اور اسکا کوئی use نہیں تھا۔ تو یہ futile exercise کیوں ہوئی؟ مجھے اس پر اور دکھ ہے۔ اعتماد کی ایک فضا Lahore Declaration سے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ ہم نے Opposition میں ہونے کے باوجود اس کا خیر مقدم کیا تھا۔ جب Lahore Declaration ہوا تو سب سے پہلے ہم نے کہا تھا کہ بہت اچھا ہوا۔ دوستی کے راستے پر جائیں اور negotiation کریں۔

پچھلے سال، آپ کو یاد ہوگا، جب ہندوستان نے ایٹمی دھماکہ کیا تھا تو ہم نے اس کی مذمت کی۔ چند دنوں بعد پاکستان نے کردیا، ہم نے تب بھی مذمت کی تو اخباروں میں مجیب الرحمٰن شامی نے ایک article لکھا، ہمیں غدار کہا۔ ہمارے خلاف مضامین لکھے گئے کہ ہم پاکستان میں رہتے ہیں لیکن ہم ایٹمی دھماکے پہ شادیانے نہیں بجاتے اور ہم خفا ہوئے۔ ہم اس پر نہیں خفا تھے۔ ہم تباہی کے راستے پر خفا تھے، ہم کہتے تھے تباہی کے راستے پر نہ جائیں۔ نہ وہ جائیں نہ ہم جائیں۔

اس سے اعتماد کی فضا مجروح ہوئی۔ آپ نے دیکھا کہا کیا جا رہا ہے۔ میں روز سنتا ہوں جب بی بی سی کو دیکھتا ہوں اور جب یہ دیکھتا ہوں کہ واجپائی کہتا ہے کہ that commitments have been broken - which commitments? Commitments which were built up in Lahore, that had to be promoted.

**Mr. Chairman:** Thank you Qazi Sahib.

**قاضی محمد انور:** Sir, I would not make that speech کہ ایک رات میں فتح کرو۔ یہ غلط ہے۔ یہ کہنا بھی کہ ہم دہلی کا لال قلعہ فتح کریں گے یا وہ کہیں کہ اسلام آباد۔

let's live in peace with each other. Let's accept the realities or let's fight against poverty, illiteracy, both of us. Both of us have the socio-ecocomic problems. Let us settle our socio-economic problems, let's do something for our people instead of piling the tanks and bombs. We don't need tanks and bombs, we need peace, we need prosperity, we need solving the problems of the people of Pakistan and so needs India. These people, both of us, they have been punished, they have been punished for no sin, for no sin of the people, no sin of the people of Pakistan,

no sin for the people of whosoever is doing it. Let an end come to it. It needs boldness, it needs courage.

**Mr. Chairman:** Sartaj Aziz Sahib, for the time being, I have given the floor to Sartaj Aziz اس کے بعد باتیں ہوں گی۔

**جسٹس (ریٹائرڈ) محمد افضل لون،** اس سیشن میں دانستہ یا نادانستہ طور پر Chair سے ایک anomaly سرزد ہوئی ہے کہ اتنی اہم debate میں جو طریق کار پہلے ہوتا رہا' ایک آدمی اُس طرف سے تقریر کرتا تھا' ایک آدمی اِس طرف سے' یہ جو روایت ہے---

**جناب چیئرمین:** I agree with you کہ مجھ سے کوتاہی ہوئی ہے لیکن مجبوری کی وجہ سے۔

**جسٹس (ریٹائرڈ) محمد افضل لون،** نمبر ایک۔ نمبر دو' کہ ٹائم کی مناسب تقسیم نہیں کی گئی۔

**جناب چیئرمین،** صحیح بات ہے۔

**جسٹس (ریٹائرڈ) محمد افضل لون،** پہلے جو سپیکرز بولے اُن پر وقت کی قید نہیں تھی۔ پھر بیس منٹ ہوئی' پھر پچیس منٹ ہوئی۔ میں نے بھی نام دیا تھا آپ نے مجھے موقع نہیں دیا لیکن میں تقریر کرنے کا مطالبہ نہیں کرتا نہ مجھے اخباری---

**جناب چیئرمین:** آپ نے بالکل صحیح point out کیا ہے I hope کہ انشاء اللہ آئندہ we will be able to distribute this time better. Sartaj Aziz Sahib.

**Mr. Sartaj Aziz:** "Bismillah-ir-Rehman-ir-Raheem". Mr. Chairman, as expected, the Senate has conducted a very rich debate on this important issue, different aspects of the crisis as well as implications and conclusions have been drawn. Many specific questions have been raised. Before I answer them, I will like to identify three or four important issues, or what I would call realities.......

Sir, the first important reality is that India, despite mobilising fifty thousand troops, eighty jet aircrafts, twenty gunships, massive artillary, was

unable to dislodge a few hundred freedom fighters who were occupying those hills, the propaganda about victory and so on and so forth and the war hysteria was in fact intended to cover this massive failure and the very large scale casualties that they have suffered. So this is one part of history which will gradually emerge and will have long term psychological consequences for the balance of strategic balance between the two countries.

Secondly, it is also a fact that despite deploying half of the fourth largest army in the world, which India has, namely;- seven hundred thousand troops, India has not been able to subdue or subjugate the freedom fighters in Kashmir. They have sacrificed almost sixty thousand lives, they have also suffered mass arrest and torture. And have not given up their struggle, for the last ten long years, and continuation of this, I think, is a very important fact.

Thirdly, the most important dimension of the Kashmir is the total allineation of the Kashmiri population against Indian Rule. Nobody can guess but more than 90% of Muslims which is 80% of population of the valley have clearly rejected the option to live under Indian Rule and by repeatedly boycotting all the elections that come as well as violently protesting whenever the opportunity arises. As I have mentioned, their violent struggle has been going on for ten years.

Mr. Chairman, this reality of the allineation of the Kashmiri people from Indian Rule is more than any declaration or any agreement that will determine the future of Kashmir.

Mr. Chairman, the Kargil crises have also highlighted once again, Indian violation of the Line of Control. As the members have pointed out, in Chorbatla in 1972, in Siachin in 1984, in Qamer in 1988 and more than that their violations by shelling across the Line of Control, the most serious of which was in 1994-96 when

they blocked the Neelum Valley Road and cut off the essential supplies, food and other things for 150 thousand population of that area. And that has further highlighted now. The Indian refusals are indifferent to their respect for the Line of Control and we are agitating that issue more and more that respect of Line of Control has to be mutual and not only by Pakistan, therefore, India must vacate their own violations.

These are the four basic realities and brutal background which we must keep in view in discussing the Kargil crises. The honourable Leader of the Opposition and other members have raised several question which for the facility of reference I have grouped under eight different categories and I will deal with them one by one.

Firstly, the Opposition has accused the Government that the people have been kept in the dark about the facts of Kargil crises and did not take into account the honourable members of the Parliament. Mr. Chairman, I think, nothing can be further from the truth, the Government has meticulously addressed all questions throughout this period which have been raised inside or outside and particularly in the press and that is why the press is able to keep the nation of abreast of the development that have taken place in the last two months. And in fact, the Leader of the Opposition himself conceded when he was discussing this question that in my briefing in camera, I said nothing new and everything had appeared in the press and there was the whole set of cuttings. Although factually that is not true, I can't quote those thing which was not in the press that I mentioned there, but this fact remains that the nation was kept fully informed and even the Parliament also, at least four briefings, two to each House have taken place followed by detailed questions and answers session and I am

sure, Mr. Chairman, the members will recall the unanimous resolutions that were adopted in the first week of June both by the Senate and the National Assembly which show very clearly the constructive and positive attitude which the opposition adopt on matters of national security, and national importance.

Second question is; who occupied the hills in Kashmir? Was it the freedom fighters or was the Pakistan Army involved. Mr. Chairman, I have already mentioned in my earlier statements that the Line of Control has never been a quite Line of Control and since the Indian forces have been interrupting the Neelum Valley Road and many other roads in the past, we have also been trying to target the road from Kargil to Siachin and Ladaakh because that is where it is closest to our Line of Control and without crossing the Line of Control, we have been shelling that place in the past. In this case because Indians undertook very intensive patrolling of the empty spaces in November, 1998, our forces also retaliated and went upto the Line of Control to occupy the empty spaces, that did provide an opportunity to the freedom fighters to occupy the hills and the mountain tops across the Line of Control. So, in that sense, the Indian propaganda of our forces violating the Line of Control consistently does not have any element of truth and I don't think we should try to lend credence to their propoganda. But when they built up their armed forces and started intensive shellings, the fighting came very close to the line of control and involved the Pakistan Army.

So, these two phases of the crises must be kept in view;the first phase in which the freedom fighters occupied the hills. When the Indians reacted and brought the massive military built up, the shelling went up to the line of control and also beyond. That is why, in defending our line of control, our troops got involved in the fighting and many of the them, our brave officers and 'jawans'

embraced martyrdom otherwise Indians have got chance, in the context of this occupation, to cross the line of control and as they had done in Qamar and Chorbatla, occupy more areas inside our line of control. So, this defence of the line of control in the face of this very large invasion of India, was important.

Mr. Chairman, they mentioned that we have not reccognised our "Shaheeds" and have not honoured them. It is not true. I think, not only the Government, but the whole nation salutes all the martyres and hold them with the highest respect and honour ; monetary or other there is no compensation for "Shahadat" but for the relief of the families announcements have been made, some awards will also be given tomorrow. So, I hope that these kind of allegations will not receive my support.

Mr. Chairman, some members have raised questions about the objective of the operation and have asked that if the whole idea was to go back to the Lahore process then why the Kargil crisis? This issue has occupied a large number of speeches and arguments and it is important to clarify it. First of all, it is true that the Kashmir struggle has been going on for the last ten years. The "Mujahideen" and the freedom fighters have been expanding their area of operation from inside the valley to other areas including this Kargil area and the Laddakh area. So, in one sense it was a gradual extension.

Secondly, the freedom fighters also wanted to, in our assessment, demonstrate their ability to undertake operations of a different kind. So, that is why they took this initiative and took advandage of this particular moment to move ahead and occupy the mountains. We feel that in this case, to the extent, to which the Indians suspected that the line of control has been violated. The procedures are laid down, which is that the local commanders meet and they decide

who has violated and where the line of control is, but if they can not decide, the D. G. military operations can meet. But instead of resorting to the normal procedure and complain about the violation of LoC, they began to mobilise their forces in very large number. So, obviously, they had their clear motives, one of which was to intensify their efforts to crush the freedom fighters inside Kashmir and they wanted a cover so that they are not blamed for human rights violation and that is why they over reacted. The OIC Resolution by 56 countries confirms Pakistan's view point that this escalation took place not because of so called infiltration but by the massive Indian military build up on the Kargil heights.

So, in that sense it was the Indian army built up which involved the Pakistan Army, otherwise the issue was, as has happened in the past, not so much of an issue of violation of the line of control, but an excuse that India was looking for, in this context.

Other question is that if he had signed the Lahore process then why the crises in Kashmir did not die down. There is something that even Mr. Vajpayee when he complained to me about this matter and said:

ہم تو لاہور بڑے پیار سے گئے تھے، بڑے خلوص سے گئے تھے، آپ نے یہ کیا کر دیا۔ and
Itold him کہ لاہور کا جو آپ کا visit تھا اور جو وہاں پر declaration sign ہوا تھا اس پر ہم نے بھی بہت
نیک نیتی اور خلوص کے ساتھ دستخط کئے تھے۔ اگر آپ یہ توقع رکھتے ہیں کہ جو دس سے وہاں پر struggle
چل رہی ہے وہ خودبخود ختم ہو جائے گی، roll back ہوجائے گی تو یہ توقع حقیقت پسندانہ نہیں تھی کیونکہ
جب تک لاہور process اس مرحلے پر نہیں پہنچے گا، بارہ مہینے میں، اٹھارہ مہینے میں، جب اس سے کشمیر کا
کوئی حل نظر آئے تبھی جا کر اس جدوجہد میں شاید اس حوالے سے کوئی کمی آئے۔ تو صرف ایک دستخط
کرنے سے وہ جہاد رک نہیں جاتا، وہ struggle ختم نہیں ہو جاتی۔ یہ بدقسمتی ہے کہ وہ dialogue دو
مہینے کے بعد رک گیا کیونکہ ان کی حکومت ختم ہو گئی۔ تو وہ dynamism اپنی جگہ ہے اور لاہور process
اپنی جگہ ہے۔ ابھی دونوں کا ملاپ نہیں ہوا تھا تو اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ خدا نخواستہ کوئی

بدنیتی تھی یا لاہور کے حوالے سے ہم نے یہ نیک نیتی سے نہیں کیا

and therefore, the point that I was making that the two processes were different and the Lahore process has not moved to the point where it could have an impact on the Jehad.

The other point is that since the Indian Army was unable to dislodge the "Mujaheedin" and the freedom fighters from these hills, the pressure was increasing on them to broaden the area of fighting to other parts of Kashmir as well as may be to international boundary and therefore, the issue that was required...

Mian Raza Rabbani: Point of order, sir.

جناب چیئرمین : اب no point of order. انہیں پہلے ختم کرنے دیں اس کے بعد points of order لیں گے۔

(مداخلت)

Mian Raza Rabbani: He is reading a text.

Mr. Chairman: Let him do whatever he likes Raza Rabbani Sahib, for God's sake sit down, let him complete his speech.

Let him do کوئی طریقہ تو اختیار کریں۔ I am allowing him, let him read. آپ کی بات صحیح ہے۔ it, he is damaging his own cause if he is not satisfying you. آپ انہیں پڑھنے دیں ۔ Why you are interfering. جب کوئی تقریر کر رہا ہو، no point of order when somebody is making a speech. چاہے وہ یہاں سے بول رہا ہو یا ادھر سے۔

Mr. Sartaj Aziz: The objective that has been pointed is that what was the objective of the Kargil crisis and why was this necessary? Now as pointed out, one objective was:

To interdict the road to which the supplies were going on to Siachin

and that road was interdicted for full two months and now for Indian to make up that will be much more difficult and much more expensive.

The second of course, as I mentioned earlier was to demonstrate the freedom fighters ability to carry out a qualitatively different kind of operation and teach the Indian a lesson and inflict heavy losses on them. That was also substantially achieved.

Thirdly, to highlight the Kashmir crisis because somehow the process of normalization was happening and the attention that the freedom fighters wanted for the Kashmir Issue were not coming.

Now, in this case, I think, there is no denying of the facts that the way the Kashmir Issue has been highlighted now had never been done before and the whole world now accept that Kargil was a facet of the Kashmir crisis and without dealing with the Kashmir crisis the relationship between the two will not be achieved.

The next set of issues deal with the Washington statement, why did the Prime Minister go so suddenly? What has he signed there? Why was the sanctity of the LOC accepted and the whole range of issues dealing with the Joint Statement?

First of all the visit of the Prime Minister to Washington or meeting with President Clinton was discussed first in the middle of June when the crisis began to heat up and since it could not take place while the President Clinton was visiting Europe. It was under discussion, when he should go?

The other point was and that links up to some extent to the next question which many members have even hinted at today that the first option should have been to sign some kind of understanding with India. We did explore that option

through the back channel which have been commented upon, but the question was our readiness to play our role in restoring the sanctity, the respect for the LOC in Kargil, provided, India accepts the importance of the broader Kashmir Issue and agrees to a time bound time table for dealing with the Kashmir Issue. At one point between the 25th and 27th of June, we were very close to an understanding with India on this subject and probably a joint statement could have emerged from it but at the last minute they did not want the reference to the time bound programme or schedule for dealing with the Kashmir Issue and that is why it became important to get the international community involved.

Now by going to Washington the insinuation is that the decision was basically made in Washington and not in Pakistan. It was in our interest to involve the international community to establish the link between Kargil and Kashmir, to convince them that without Kashmir, relation between India and Pakistan can not improve. Without this improvement in relation the danger of the nuclear stand off will remain and therefore, this has become one of the most important global issue, the peace and security in a region where 1/5th of mankind lives. And therefore, it is important that it is done. And I think one should not ignore this fact that by accepting the link between the two, the entire international community, and it is not just President Clinton, you can read the Security Council resolution, the G-8 resolution and the NAM statement, they have all talked of link between Kashmir....

Now, the other point which has been raised and infact New York Times had recently referred to this meeting as a turning point in dealing with the Kashmir issue. So, this insinuation in the discussion that what does President Clinton's personal interest means, how can you trust the Americans is not

justified and time will tell that this invlovement *Insha Allah* will bear fruit.

The other point that India is not involved in the joint statement, so, how do we bind them? The fact is that the two important points there, one is respect for the LOC, second is the Lahore process to resolve the issue. India is committed to both under the Simla Agreement as well as the Lahore declaration. So, it is not the fact that till they had not singed this document, they are not committed to the substance of declaration. At the same time I point out that President Clinton did talk to Prime Minister Vajpayee, before finalising this and took him into confidence on the link between Kargil and Kashmir. So, to that extent they are indirectly involved.

The next set of issues, after this question is about the back channel diplomacy and I mentioned that this is something which is a tool of diplomacy that is often used. Since our first preference was to reach understanding with India on linking Kargil to Kashmir, that was used and it was quite a useful channel because it was almost close to reaching that understanding, but it did not work out and therefore, we went out and involved the international community through the Washington Statement.

The next question is about the future hope from this declaration on the Kashmir discussion. I think as I mentioned and I go back to the introduction that the reality of the Kashimir has not changed. In fact the Kargil crisis has further accentuated the flash point that the Kashmir is a flash point and we have told the whole world. It is also something that now the world has seen much more visibly. Therefore, the concern that we have achieved on this aspect, not on the Kargil but in the broader aspect , is shared by China, by OIC, by or European Community, by G-8. We have received a much larger measure of support on the need to deal with

Kashmir in order to improve relationship between India and Pakistan. And therefore , India of course has tried to confuse the world by saying that the Kargil heights are occupied by Islamic fundamentalists or terrorists and not by freedom fighters. But the whole world knows this reality, the British Parliament's debate, which I had released to the press recently and many international journalists have clearly debunked the Indian propaganda that this is an outside movement and that they are really the freedom fighters. And that is why Mr. Chairman, I feel it is important that we express our views in such a manner that does not give India any opportunity to distort these facts. That is why Mr. Chairman, earlier this week on the 11th I saw the "DAWN" of 11th, which says, "Pakisan has been declared terrorist state", I thought it was the statement of either by Mr. Advani or by the Indian Defence Minister, but then I saw it was really Mr. Aitzaz's statement, from his opening statement, which the news paper quoted. So, we should avoid statements which will feed into the propaganda of the Indians on this subject.

*(interruption)*

Mr. Chairman: Let him reply, Yes please.

Mr. Sartaj Aziz: Mr. Chairman, in the face of these basic realities, the world can not expect Pakistan to become a silent spectator of this great human tragedy, the violation of human rights in Kashmir or the brutal depression. Pakistan can not in the face of these basic realities the world cannot expect Pakistan to become a silent spectator of this great human tragedy, the violation of human rights in Kashmir are the brutal depression.

Pakistan cannot in the name of peace, accept Indian's hegemonistic designs or their aggressive postures and accept their implicit stretegies of

"Might is Right" because if you once accept Indian hegemony on the Kashmir issue, it would not stop at the Kashmir boundaries and that is why Pakistan supports the Kashmiris, reflects our real determination to protect Pakistan's sovereignty and integrity.

This is a fact of history that we cannot ignore and therefore, while exercising restraint, while using the route of dialogue under the Lahore process, while trying to find peaceful solution, we cannot accept the Indian stand, it is repression of human rights, it is denial of human rights and therefore, I hope the nation as a whole will stand up to stand with the Kashmiris in this hour of trial and will make sure that the blood that was spilt in Kargil does not go in vain and I am convinced, Mr. Chairman, that if in 12 months or 18 months, the issue of Kashmir receives positive attention from the international community and India is forced to negotiate and find a solution, history will write that it was made possible because of the sacrifices that were made by the freedom fighters in Kargil. Thank you, Mr. Chairman.

**جناب چیئرمین:** جاوید اقبال عباسی صاحب! کل جو کمیٹی بھیجی تھی اس پر انہوں نے بیان دینا ہے۔ چلیں، اقبال حیدر صاحب آپ بتا دیں۔ اعتزاز صاحب! میرا خیال ہے آپ آخر میں کریں۔

**چوہدری اعتزاز احسن:** جناب! وزیر صاحب چونکہ جانے والے ہیں اس لیے میں on a point of personal explanation پر کچھ کہنا چاہتا ہوں، پھر وہ چلے جائیں گے۔

**جناب چیئرمین:** لمبی بات نہ کریں۔ بارہ چالیس پر نماز کھڑی ہو جائے گی۔ یہ بھی important ہے۔ Leader of the Opposition بات کرلیں۔

**چوہدری اعتزاز احسن:** Point یہ ہے کہ 'Dawn' سے انہوں نے یہ quote کیا۔ میں یہ کہتا ہوں کہ جو انہوں نے واشنگٹن ڈیکلریشن میں لکھ دیا ہے، ان کی اس پالیسی سے بعد میں یہ نتیجہ نکلے گا اور اگر ان کی پالیسز جاری رہیں، جو انہوں نے کشمیر میں militants کی ذمہ داری لے لی ہے تو

پاکستان کو terrorist state declare کیا جائے گا۔ یہی نہیں بلکہ اب جو کچھ یہ افغانستان میں کر رہے ہیں اور کرنے جا رہے ہیں، یہ حکومت کروا رہی ہے۔ میں پھر یہ کہتا ہوں لیکن میں ان کی طرف سے اس بات کی مذمت کرتا ہوں کہ یہ angle دینا چاہتے ہیں کہ جو ہم ان پر تنقید کرتے ہیں اس سے ہم انڈیا کے ہاتھ مضبوط کرتے ہیں۔ جناب! انڈیا تو کہتا ہے کہ we will give the words to keep Nawaz Sharif in power. آپ مضبوط کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ۔ اب ٹائم نہیں ہے اعتزاز صاحب۔

**چوہدری اعتزاز احسن:** صرف آخری جملہ جناب۔ آپ نے جب یہ پہلا point تسلیم کیا ہے، آپ نے کہا ہے کہ India despite mass mobilization was unable to dislodge the three hundred militants تو ان کو واپس کس نے بلایا؟ انڈیا کی آرمی تو نہیں کر سکی۔ آپ نے بلایا۔ آپ نے ان کی حمایت کی۔

**جناب چیئرمین:** اقبال حیدر! فرمائیے۔ بالکل مختصر کہیئے کہ آپ کی کیا رپورٹ ہے۔

**سید اقبال حیدر:** کل Call Attention Notice کے مطابق----

**جناب چیئرمین:** آپ صرف یہ بتائیں کہ آپ نے وہاں پر کیا دیکھا، بس۔

**سید اقبال حیدر:** میں نے اور عباسی صاحب نے فلٹر پلانٹ کا معائنہ کیا اور وہاں پر حالات تسلی بخش ہیں اور اس خبر میں مبالغہ آرائی سے کام لیا گیا ہے۔ شکر ہے اللہ کا کہ پانی میں نہ چوہے تھے، نہ کوئی اور چیز تھی۔

Mr. Chairman: I am very happy that you took notice

ایسی چیز کا ضرور نوٹس لینا چاہئیے۔ آپ کا فرض ہے یہ۔

**جناب چیئرمین:** جاوید اقبال صاحب! آپ فرمائیں۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی:** جناب! ہم موقع پر گئے۔ اخبار کی رپورٹ غلط ہے اور پانی بالکل صاف ستھرا ہے۔ یہ اخبار والے ہمارے بھائی ہیں۔ کل آپ نے میرا اور راجہ اورنگ زیب کا نام لکھ دیا۔

**جناب چیئرمین:** اس کو چھوڑیں۔ دیکھا کیا ہے آپ نے؟

حاجی جاوید اقبال عباسی: بالکل غلط رپورٹنگ ہے۔ پانی بالکل صاف ستھرا ہے۔

جناب چیئرمین، کوئی چوہا نہیں دیکھا؟

حاجی جاوید اقبال عباسی، نہیں جی۔

جناب چیئرمین، کوئی "ڈڈو" وغیرہ؟

حاجی جاوید اقبال عباسی، نہیں جی، پانی بالکل صاف ہے اور ایک بات اور ہے---

جناب چیئرمین، نماز کا ٹائم ہونے والا ہے۔

In exercise of powers conferred by Clause 3 of Article 54, read with Article 61 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on Friday, the 13th August, 1999.

---

[The House was then prorogued sine die]

---